هوالقادر

اعظم البرکات

یعنی

تسبیحات، تحمیدات، صلوات، دعائیہ کلمات
کا بے نظیر مجموعہ مع ترجمہ

مرتبہ
حضرت مولانا سید عظمت اللہ قادریؒ

مترجمہ
حضرت علامہ قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری

اشاعت باہتمام تمام
قاری سید شاہ شمس الدین قادری جیلانی
بانی مسجد و مدرسہ و خانقاہ شمسیہ صلالہ بارکس، حیدرآباد الھند

نام کتاب : اعظم البرکات

مرتبہ : حضرت مولانا سید عظمت اللہ قادریؒ

مولف : مولانا قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری

کمپیوٹر کتابت : مصطفیٰ سعید

SSS Computer Graphics

نزد ہائی کورٹ۔ رکاب گنج حیدرآباد۔ ۲

فون نمبر: 4572192, 4562636

مقام طباعت : اویس گرافکس۔ حیدرآباد

تعداد اشاعت : ایک ہزار

بار اول : صفر المظفر ۱۴۲۳ھ م مئی ۲۰۰۲ء

ہدیہ : -/Rs.30 (تیس روپیہ سکہ ہند)

کتاب ملنے کا پتہ

مسجد و خانقاہ شمسیہ' نمبر مکان 8-26/1'
سن رائز نگر صلالہ بارکس' حیدرآباد۔
فون نمبر 4455904

شہزادۂ غوث الاعظم، عارف عشاق، بدر آفاق، مہر اشراق، قطب وقت قبلہ حاجات،
جدی وسیدی ومولائی حضرت سید شاہ اسحٰق الحسنی الحسینی قادری الجیلانی (یکے از سبعہ قادریہ)
المعروف بہ حضرت سید میاں شاہ قادری البغدادی قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز (مزار مبارک کرنول شریف)

کی روح پرفتوح کی خدمت میں، خراج قلب ونظر کے ساتھ

جن کے روحانی فیوض وبرکات اور انوار وتجلیات نے
میرے خلوت کدۂ دل کو روشن اور تابناک بنادیا اور استفادۂ عام
کے لئے "اعظم البرکات" کو شائع کرنیکی مجھے سعادت نصیب ہوئی

فقیر حقیر
سید شاہ شمس الدین قادری الجیلانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

پیش لفظ

الحمد للہ اس فقیر کو اپنے عم بزرگوار اور مرشد ارشد جگر گوشہ غوث الثقلین یعنی حضرت سید شاہ داؤد پیر قادری علیہ الرحمۃ والرضوان سے متعدد خاندانی وظائف واذکار اور احزاب واوراد کی اجازت حاصل ہے جو نہ صرف میرے روزمرہ معمولات میں شامل ہیں بلکہ میرے خلفاء ومریدین کو بھی ان میں سے بعض کی اجازت عطا کی گئی ہے جنکے وہ پابند بھی ہیں۔

علاوہ ازیں میرے ہی خاندان کے ایک جد حضرت سید شاہ عظمت سلطان سر بقا قادری قدس سرہٗ کی اولاد میں سے ایک بزرگ حضرت مولانا سید عظمت اللہ قادری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وصال سے قبل ہفتہ کے سات دنوں میں سے ہر دن پڑھنے کیلئے خصوصی اوراد کی مجھے اجازت مرحمت فرمائی تھی جو قرآنی آیات اور احادیث شریفہ سے اخذ کردہ دعائیہ کلمات اور حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے مرتبہ تسبیحات، تحمیدات، درودوں اور سلاموں پر مشتمل ہیں جو معتبر کتب جیسے حصن حصین، حزب الاعظم، فیوضات ربانیہ اور کبریت احمر وغیرہ سے ماخوذ ہیں۔

ان اوراد کی اجازت دینے کے بعد مولانا سید عظمت اللہ قادری علیہ الرحمہ نے خاص طور پر مجھے یہ تاکید بھی کی تھی کہ جب بھی موقع ملے ترجمہ کے ساتھ اس کو شائع کیا جائے تاکہ خواص وعوام بھی اس سے فیض حاصل کریں کیونکہ اس کے عظیم فوائد ہیں۔ خصوصاً جو کوئی چاہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل ہو، رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ سے زیادہ محبت پیدا ہو، نیز دین ودنیا کی جائز حاجتیں پوری ہوں اور رنج وغم اور پریشانیوں سے نجات ملے تو نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد ممکن ہو تو ایک ہی وقت پورا وظیفہ یا پھر ہر روز منزل بہ منزل خلوص نیت کے

ساتھ پابندی سے اس کو پڑھا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور آخرت میں ثواب بے حساب اس کے علاوہ ہوگا۔ بہر حال اس کے پڑھنے کے منافع اور برکات اس قدر کثیر ہیں کہ ان کا شمار نہیں کیا جاسکتا۔

"کل امر مرهون باوقاته" یعنی ہر کام کی تکمیل کا قدرت کی طرف سے ایک وقت مقرر ہوا کرتا ہے چنانچہ اس کی اشاعت کا مقررہ وقت آپہنچا تو میں نے حضرت علامہ قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری مدظلہ جانشین سید الصوفیہ و صدر کل ہند جمعیۃ المشائخ سے پر خلوص گذارش کی کہ ان سارے وظائف کا سلیس اردو ترجمہ کرنے کی زحمت فرمادیں جیسا کہ قبل ازیں آپ نے میری جانب سے شائع شدہ درود شریف و وظائف کے دیگر مجموعوں جیسے گنجینۂ درود شریف، وظیفہ سورۃ الفاتحہ وغیرہ کا ترجمہ فرمایا تھا۔ چنانچہ میں آپ کا تہ دل سے بے حد ممنون ہوں کہ اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود آپ نے صرف ایک ماہ کے قلیل عرصہ میں اس کا بھی مکمل ترجمہ فرمادیا میں آپ کے صاحبزادے قاری سید شاہ مصطفیٰ علی صوفی قادری سعید پادشاہ سلمہٗ العزیز بی۔ کام، اے۔ ڈی۔ ایم۔ اے کی عمر و اقبال میں ترقی کیلئے بھی دعاگو ہوں کہ انھوں نے کتاب کی اعلیٰ سے اعلیٰ کمپیوٹر کمپوزنگ اور طباعت میں پوری توجہ اور دلچسپی سے کام لیا۔

میں نے حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے مبارک لقب سے منسوب کرتے ہوئے اس کتاب کا نام "اعظم البرکات" رکھا ہے اور بارگاہ ایزدی میں دعاگو ہوں کہ عامۃ المسلمین خصوصاً میرے مریدین و متوسلین روزانہ پابندی سے پڑھتے ہوئے دارین میں اس کے فیوض و برکات سے مالامال ہوں۔ آمین۔ والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وآله واصحابه اجمعین والحمد لله رب العٰلمین۔ فقط ۱۰ر صفر ۱۴۲۳ھ

دعاگو

سید شاہ شمس الدین قادری جیلانی و چشتی
بانی مسجد و مدرسہ و خانقاہ شمسیہ صلالہ بارکس حیدرآباد
و خازن کل ہند جمعیۃ المشائخ

ھوالمعز
حامدًا و مصلیًا

عرض مترجم

وہ کونسا مسلمان ہے جو یہ نہیں چاہتا کہ اس کی دنیا بھی سدھر جائے اور اس کی آخرت بھی سنور جائے۔ قرآن پاک ہو کہ حدیث شریف یا اولیاء اللہ اور مشائخ و صوفیہ کی تعلیمات ' دنیا و دین کی حاجت برآری کا آسان نسخہ ہے "دعا مع درود"۔ دعا کو مومن کا ہتھیار قرار دیا گیا ہے اور درود شریف کی سب سے کم یہ تاثیر ہے کہ اس کے پڑھنے والے کے اعمال نامہ میں سے دس گناہوں کو مٹا کر اس کی جگہ دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور اس کے مدارج میں دس گنا ترقی عطا کی جاتی ہے بلکہ درود شریف کے بغیر نماز ہی پوری نہیں ہوتی اور دعا بھی زمین و آسمان کے درمیان معلق رہ جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پیران طریقت نے متعدد دعاؤں اور مختلف درودوں کے مجموعے ترتیب دئے جن کو اکثر لوگوں نے اپنا وظیفہ بنالیا اور جن سے ایک زمانہ فیض یاب ہوا اور ہوتا رہے گا۔

اخی المکرم حضرت مولانا قاری سید شاہ شمس الدین قادری جیلانی عم فیضہ بانی مسجد و مدرسہ و خانقاہ شمسیہ صلالہ و خازن کل ہند جمعیۃ المشائخ اپنے خاندانی وظائف اور اذکار اور مختلف درودوں کے نورانی مجموعوں کی اشاعت کا وقتاً فوقتاً اہتمام فرماتے رہتے ہیں۔ اس بار آپ نے "اعظم البرکات" نامی کتاب شائع کرنے کا ارادہ فرمایا ہے جو طرح طرح کے دعائیہ کلمات اور درود شریف کے بے شمار صیغوں سے مہکتا ہوا ایک ایسا گلدستہ ہے جس کے پڑھنے سے دل کو زندگی ' روح کو بالیدگی ' ایمان کو تازگی اور زندگی کو تابندگی نصیب ہوگی اور سب سے بڑھکر یہ کہ حق سبحانہ و تعالیٰ کی رضا اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و خوشنودی حاصل ہوگی۔

محترم المقام حضرت مولانا قاری سید شاہ شمس الدین قادری جیلانی دامت برکاتہٗ

نے ازراہ کرم مجھ سے خواہش فرمائی کہ سابق میں شائع شدہ آپ کی مرتبہ کتب کی طرح اعظم البرکات کا ترجمہ کرنے کی بھی میں سعادت حاصل کروں۔ چنانچہ اسکا ترجمہ بفضلہ تعالیٰ پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ کتاب کی پروف ریڈنگ اور نظر ثانی کا کام میرے فرزند حافظ سید شاہ مرتضیٰ علی صوفی قادری سلمہ مولوی کامل (جامعہ نظامیہ) ایم۔اے ریسرچ اسکالر عثمانیہ یونیورسٹی نے انجام دیا۔ اللہ عزوجل ان کی عمر و اقبال اور مدارج دارین میں ترقی عطا فرمائے آمین

خالق کردگار کا شکر بے کنار ہے کہ کتاب "اعظم البرکات" مع اردو ترجمہ نفیس کتابت و دیدہ زیب طباعت سے آراستہ ہو چکی ہے اور بتاریخ ۲۴ رصفر ۱۴۲۳ھ مولانا قاری سید شاہ شمس الدین قادری ہی کے یوم ولادت کے سلسلہ میں منائے جانے والے سالانہ جشن کے مبارک موقع پر ان شاء اللہ اس کی رسم اجراء عمل میں لائی جائیگی۔ امید کہ پچھلی کتابوں کی طرح یہ کتاب بھی مقبول عام ہوگی او زیادہ سے زیادہ صاحبان ذوق اس سے فیض یاب ہوں گے۔ دعا ہے کہ رب العزت حضرت مولانا قاری سید شاہ شمس الدین قادری جیلانی مدظلہ کو صحت و عافیت کے ساتھ تادیر سلامت باکرامت رکھے اور آپ کے متعلقین، مریدین، طالبین، معتقدین اور محبین کو آپ کی سالگرہ کے ایسے کئی جشن سال بہ سال منانا نصیب کرے۔ آمین بجاه سيد الانبياء والمرسلين سيدنا محمد نِ الرؤف الامين صلى الله عليه وعلىٰ اٰله الطيبين الطاهرين واصحابه الاكرمين اجمعين والحمدلله رب العٰلمين فقط

درویش خیر اندیش
جانشین سید الصوفیہ
(حضرت مولانا) قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری (مدظلہ)
صدر کل ہند جمعیۃ المشائخ

تصوف منزل قریب ہائیکورٹ
۴ رصفر ۱۴۲۳ھ م ۱۸ راپریل ۲۰۰۲ء
بروز پنجشنبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
إن اللہ وملائكته يصلون على النبي
يا أيها الذين آمنوا
صلوا عليه وسلموا تسليما
١٤٢١ھ
اللهم صل على سيدنا محمد وعلى آله وأصحابه وأزواجه وذرياته وأهل بيته وبارك وسلم

درود آیا سلام آیا

عمل کام آیا محشر میں نہ تقویٰ اپنا کام آیا
اگر کچھ کام آیا تو درود آیا سلام آیا

ملی آنکھوں کو ٹھنڈک اور سکونِ دل تمام آیا
محمدؐ مصطفیٰ کا جب کبھی ہونٹوں پہ نام آیا

درود ایسا وسیلہ ہے کہ ہر مقصد بر آجائے
یہ سودا نقد گھر بیٹھے ہمیں کیا سستے دام آیا

تشہدؔ میں ہی کیوں تجھ کو نمازی کیف ہے اِتنا
اگرچہ سجدہ بھی آیا رکوع آیا قیام آیا

"اَنَا بَشَرٌ" شریعت ہے طریقت "اَیکُمْ مِثْلِی"
سمجھ میں کچھ نہ رازِ عظمتِ خیر الانام آیا

سلام آقا پہ پڑھنے سے گریزاں کیوں ہیں کچھ احباب
قرآں میں جب کہ حکمِ "سَلِّمُوا" بِالاِلتزام آیا

بلند آواز "لبیکَ" روا کعبہ میں ہے لیکن
یہاں "لَا تَرْفَعُوْآ اَصْوَاتَکُمْ" کا اَب مقام آیا

مدینہ جانے والوں کی سُنا فہرست بنتی ہے
ذرا لینا خبر اُس میں کہیں اپنا بھی نام آیا

پکارے اہلِ محشر دیکھتے ہی صوفی اعظم کو
شفیعُ المذنبیں کا غالباً کوئی غلام آیا

(کلام مترجم کتاب ہٰذا)

هٰذِهِ الْاَدْعِيَّةُ الْمَاثُوْرَةُ

اَلْحِزْبُ الْاَوَّلُ فِىْ يَوْمِ الْاَحَدِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَآءَ نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَآءَ نَفْسِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَذٰلِكَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَآءَ نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِى السَّمَآءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِى الْاَرْضِ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ مَا خَلَقَ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَىْءٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ كُلِّ شَىْءٍ وَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَآ اَحْصٰے كِتَابُهٗ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ مَا

ماثورہ دعائیں

پہلی منزل برائے یکشنبہ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

پاکی (بیان کرتا ہوں) اللہ کی اور اس کی تعریف کے ساتھ، عظمت والے اللہ کی پاکی (بیان کرتا ہوں) سبحان اللہ وبحمدہ اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر اور اس کی ذات کی خوشنودی کے برابر اور اسکے عرش کے وزن کے برابر اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر سبحان اللہ، اس کی ذات کی خوشنودی کے برابر سبحان اللہ اس کے عرش کے وزن کے برابر سبحان اللہ، اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر سبحان اللہ اور اسی کے مثل الحمد للہ۔ سبحان اللہ وبحمدہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر اور اس کی ذات کی خوشنودی کے برابر اور اسکے عرش کے وزن کے برابر اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ آسمان میں کی مخلوقات کے برابر سبحان اللہ، زمین میں کی مخلوقات کے برابر سبحان اللہ، ان دونوں (آسمان و زمین) کے درمیان کی مخلوقات کی تعداد کے برابر سبحان اللہ، ان تمام چیزوں کی تعداد کے برابر سبحان اللہ جس کا وہی خالق ہے اور اسی کے مثل اللہ اکبر اور اسی کے مثل الحمد للہ اور اسی کے مثل لا الہ الا اللہ اور اسی کے مثل لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ جو کچھ اس نے پیدا فرمایا اس کی تعداد کے برابر سبحان اللہ اور جو کچھ اس نے پیدا فرمایا اس کی مقدار کے برابر سبحان اللہ۔ تمام چیزوں کی تعداد کے برابر سبحان اللہ۔ اور تمام چیزوں کی مقدار کے برابر سبحان اللہ۔ اور جو کچھ اس کی کتاب شمار کرے اس کی تعداد کے برابر سبحان اللہ۔ اور جو کچھ اس کی کتاب شمار کرے اس کی

اَحْصٰی کِتَابُهٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَ مَا
خَلَقَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ کُلِّ شَیْءٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَ کُلِّ شَیْءٍ
وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَآ اَحْصٰی کِتَابُهٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَمَآ اَحْصٰی
کِتَابُهٗ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَمَا خَلَقَ
سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ مَا
فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَآ اَحْصٰی کِتَابُهٗ
وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ مَآ اَحْصٰی کِتَابُهٗ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ کُلِّ
شَیْءٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ کُلِّ شَیْءٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِکَ ✯ اَللّٰهُمَّ
لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِماً مَعَ دَوَامِکَ وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَعَ
خُلُوْدِکَ وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَامُنْتَهٰی لَهٗ دُوْنَ مَشِیَّتِکَ وَلَکَ
الْحَمْدُ حَمْدًا دَائِماً لَآ یُرِیْدُ قَآئِلُهٗ اِلَّا رِضَاکَ وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا
عِنْدَ کُلِّ طَرْفَةِ عَیْنٍ وَّتَنَفُّسِ کُلِّ نَفْسٍ ☆ اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ
اَنْتَ قَیِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْهِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِکُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْهِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَ مَنْ فِیْهِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُکَ الْحَقُّ
وَلِقَآءُکَ حَقٌّ وَّ قَوْلُکَ حَقٌّ وَّالْجَنَّةُ حَقٌّ وَّالنَّارُ حَقٌّ وَّالنَّبِیُّوْنَ
حَقٌّ وَّ مُحَمَّدٌ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ حَقٌّ ☆ اَللّٰهُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ

مقدار کے برابر سبحان اللہ۔ اور جو کچھ اس نے پیدا فرمایا اس کی تعداد کے برابر الحمد للہ۔
اور جو کچھ اس نے پیدا فرمایا اس کی مقدار کے برابر الحمد للہ۔ اور تمام چیزوں کی تعداد کے
برابر الحمد للہ اور تمام چیزوں کی مقدار کے برابر الحمد للہ اور جو کچھ اس کی کتاب شمار کرے
اس کی تعداد کے برابر الحمد للہ۔ اور جو کچھ اس کی کتاب شمار کرے اس کی مقدار کے برابر
الحمد للہ۔ جو کچھ اس نے پیدا فرمایا اسکی تعداد کے برابر سبحان اللہ۔ جو کچھ اس نے پیدا فرمایا اس کی
مقدار کے برابر سبحان اللہ۔ زمین اور آسمان میں جو کچھ ہے اس کی تعداد کے برابر سبحان اللہ۔
زمین اور آسمان میں جو کچھ ہے اس کی مقدار کے برابر سبحان اللہ اور اس کی کتاب نے جو کچھ
شمار کیا اس کی تعداد کے برابر سبحان اللہ۔ اور اس کی کتاب نے جو کچھ شمار کیا اس کی
مقدار کے برابر سبحان اللہ اور تمام چیزوں کی تعداد کے برابر سبحان اللہ۔ اور تمام چیزوں
کی مقدار کے برابر سبحان اللہ۔ اور اس کے مثل الحمد للہ۔ اے اللہ ! تیرے لئے تعریف
ہے' وہ دوامی تعریف جو تیرے دوام کے ساتھ ہوتی رہے۔ اور تیرے لئے تمام تعریف
ہے' وہ ہمیشہ کی تعریف جو تیری ہمیشگی کے ساتھ ہوتی رہے۔ اور تیرے لئے تعریف
ہے وہ تعریف کہ تیری مشیت کے بغیر اس کی انتہا نہ ہو۔ اور تیرے لئے تمام تعریف
ہے 'وہ دوامی تعریف کہ جسکا کہنے والا تیری خوشنودی کے بغیر اس کا ارادہ نہ کرے۔ اور
تیرے لئے تمام تعریف ہے' وہ تعریف جو ہر پلک جھپکنے اور ہر سانس لینے کے ساتھ
ہے۔ اے اللہ ! تیرے لئے تمام تعریف ہے کہ آسمانوں کو اور زمین کو اور ان میں جو کچھ
ہے ان سب کو تو نے ہی قائم کیا۔ اور تیرے لئے تمام تعریف ہے کہ آسمانوں کا اور زمین
کا اور ان میں جو کچھ ہے ان سب کا تو ہی بادشاہ ہے۔ اور تیرے لئے تمام تعریف ہے کہ
آسمانوں کا اور زمین کا اور ان میں جو کچھ ہے ان سب کا تو ہی نور ہے۔ اور تیرے لئے تمام
تعریف ہے کہ تو حق ہے اور تیرا وعدہ حق ہے اور تیرا دیدار حق ہے اور تیرا فرمان حق ہے
اور جنت حق ہے اور دوزخ حق ہے اور سب انبیاء حق ہیں اور (حضرت) محمد (ﷺ) حق
ہیں اور قیامت حق ہے ☆ اے اللہ ! میں نے تیرے آگے سر تسلیم خم کیا اور تجھ پر

اٰمنتُ وَعلَیكَ توکّلتُ وَاِلَیْكَ انبتُ وَبِكَ خاصمتُ وَاِلَیْكَ حاکمتُ اَنْتَ ربّنا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ فَاغفِرلِیْ مَا قدّمتُ وَمَآ اَخّرتُ وَمَآ اَسررتُ وَمَآ اَعلنتُ وَمَا انت اَعلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤخِّرُ اَنْتَ اِلٰهِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یا حَیُّ یا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْماً کَثِیْراً وَّلَا یَغفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِیْ وَاَسْتَهْدِیْكَ لِمَرَاشِدِ اَمْرِیْ وَاَسْتَجِیْرُكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ فَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّیْ ☆ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَااسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ☆ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ جَمِیْعاً اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ وَاهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَا اِلَّآ اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَهَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ

ایمان لایا اور تجھ پر بھروسہ کیا اور تیری طرف رجوع ہوا اور تیری خاطر جھگڑا کیا اور تیری طرف فیصلہ کیا۔ تو ہی ہمارا پروردگار ہے اور ہم تیری طرف ہی لوٹنے والے ہیں۔ لہٰذا میرے ان سب گناہوں کو معاف فرمادے جو میں نے پہلے 'بعد' چھپ کر اور علانیہ کیئے ہیں اور جن کے بارے میں مجھ سے زیادہ تجھ کو علم ہے کہ تو ہی سب سے پہلے اور تو ہی سب سے آخر ہے۔ تو ہی میرا وہ معبود ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والے تیری رحمت کے وسیلے سے میں تجھ ہی سے مدد مانگتا ہوں۔ تیرے سوائے کوئی معبود نہیں۔ تو ہر طرح پاک ہے بے شک میں ظلم کرنے والوں میں تھا☆اے اللہ! میں نے اپنے نفس پر بہت ظلم کیا اور تیرے سوائے کوئی بھی گناہوں کو معاف نہیں کرتا۔ اے اللہ تو اپنے پاس سے میری مغفرت فرمادے اور مجھ پر رحم فرما بیشک تو بخشنے والا رحم والا ہے ☆اے اللہ! میں گناہوں کی بخشش تجھ ہی سے مانگتا ہوں اور میرے معاملہ میں ساری بہتری کیلئے تجھ ہی سے ہدایت طلب کرتا ہوں اور میرے نفس کے شر کیلئے تجھ ہی سے فریاد کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں' تو میری توبہ کو قبول فرما' بیشک تو میرا پروردگار ہے ☆اے اللہ ! تو میرا پروردگار ہے تیرے سوا اور کوئی معبود نہیں' تو ہی نے مجھے پیدا فرمایا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدہ پر جتنا ہو سکے قائم ہوں۔ میں نے جن برائیوں کا ارتکاب کیا ہے اس سے میں تیری پناہ لیتا ہوں۔ تو نے مجھے جو کچھ نعمتوں سے نوازا ہے ان کا اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف بھی کرتا ہوں کہ پس تو میرے گناہوں کو معاف فرمادے کہ تیرے سوا گناہوں کو معاف فرمانے والا اور کوئی نہیں ☆ اے اللہ ! تیری مملکت ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو ہی میرا پروردگار ہے اور میں تیرا بندہ ہوں' میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے اور میں نے اپنے گناہ کا اعتراف بھی کر لیا تو میرے تمام گناہوں کو معاف فرمادے کہ تیرے سوا گناہوں کو معاف کرنے والا کوئی نہیں۔ اور مجھے بہترین اخلاق کی ہدایت فرما کہ تیرے سوا کوئی اس کی ہدایت نہیں دیتا اور میری برائیوں کو مجھ سے دور کردے کہ تیرے سوا کوئی برائیوں کو دور

سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِيْ يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ أَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ ☆ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ إِنِّيْ أَعْهَدُ إِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَأُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا أَنِّيْ أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّأَشْهَدُ أَنَّ (سَيِّدَنَا) مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَأَشْهَدُ أَنَّ وَعْدَكَ حَقٌّ وَّلِقَآئَكَ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَأَنَّكَ تَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَأَنَّكَ إِنْ تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ تَكِلْنِيْ إِلٰى ضَعْفٍ وَّ عَوْرَةٍ وَّذَنْبٍ وَّخَطِيْئَةٍ وَّإِنِّيْ لَا أَثِقُ إِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا إِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ☆ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ يَا حَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ ☆ اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ مَآ أَعْطَيْتَنِيْ ☆ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ إِنِّيْ لِمَآ أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ

نہیں کرتا۔ میں تیری جناب میں حاضر ہوں اور بار بار حاضر ہوں کہ ساری بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے اور برائی کو تجھ سے ہرگز نسبت نہیں۔ میں تیری جناب میں اور تیری طرف رجوع ہوا۔ تو ہی برکت والا اور تو ہی بلند مرتبہ ہے۔ میں تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔ اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا فرمانے والے 'پوشیدہ اور علانیہ باتوں کے جاننے والے' اے بزرگی اور انعام والے بیشک میں اس دنیاوی زندگی میں تجھ سے عہد کرتا ہوں اور تیری گواہی دیتا ہوں اور تیری شہادت کافی ہے بیشک میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوائے کوئی معبود نہیں' تو ایک ہے' تیرا کوئی شریک نہیں' تیری ہی مملکت ہے' اور تیرے ہی لئے ساری تعریف ہے اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (ﷺ) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ تیرا وعدہ حق ہے اور تیرا دیدار حق ہے اور قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے اور جو جو قبروں میں ہیں ان کو بیشک تو دوبارہ اٹھائیگا اور بیشک تو اگر مجھے اپنے نفس کے حوالے کر دے تو تو نے مجھے ویا کمزور اور عورت اور گناہ اور خطا کے حوالے کر دیا۔ اور بیشک تیری رحمت کے سوا میں کسی پر یقین نہیں رکھتا۔ میرے تمام گناہوں کو بخشدے کہ تیرے سوائے کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا اور میری توبہ قبول فرما بیشک تو بہت توبہ قبول فرمانے والا اور رحم والا ہے۔ اے اللہ! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں تو پلک جھپکنے تک بھی مجھے اپنے نفس کے حوالے نہ فرما اور میرے تمام حال کو سدھار دے۔ تیرے سواء کوئی معبود نہیں اے ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والے تیری رحمت کے وسیلے سے مدد مانگتا ہوں۔ اے اللہ! مجھے پلک جھپکنے تک بھی مجھے اپنے نفس کے حوالے نہ فرما اور جو کچھ نیکی تو نے مجھے عطا فرمائی ہے وہ مجھ سے نہ چھین لے ☆ اے اللہ! مجھے بخشدے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے عافیت اور ہدایت اور روزی دے اور میری بگڑی بنا دے اور مجھے سربلندی عطا فرما بیشک تو اگر مجھ پر بھلائی نازل نہ فرمائے

فَقِيْرٌ ☆ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَّاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَّاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ ☆ [1]اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ [2]اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ☆ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَحَقُّ مَنْ ذُكِرَ وَاَحَقُّ مَنْ عُبِدَ وَاَنْصَرُ مَنِ ابْتُغِيَ وَاَرْاَفُ مَنْ مَّلَكَ وَاَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ وَاَوْسَعُ مَنْ اَعْطٰى۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَالْفَرْدُ لَا نِدَّلَكَ كُلُّ شَيْءٍ

---

[1] یہ دعاء ادائے قرض کیلئے، نماز عشاء کے بعد جسقدر ممکن ہو سکے مقرر کر کے روزانہ چند روز تک پڑھے۔ مگر جسقدر زیادہ پڑھا جائے اسی قدر زیادہ مفید ہے اور حضرت مولا مشکل کشا علیؑ سے روایت ہے کہ اگر پہاڑ کے برابر قرضداری ہو تو اس دعا کے پڑھنے سے ادا ہو جاوے۔ (یعنی اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ سے عَمَّنْ سِوَاكَ تک)

[2] یہ دعا قرض کی ادائی اور رنج و غم دفع کرنے کیلئے ہے یعنی اَللّٰهُمَّ فَارِجَ سے رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ تک ☆

تو میں فقیر بن جاؤں گا ☆ اے اللہ ! تو ہی اول ہے کہ تیرے سے پہلے کوئی چیز نہیں اور تو ہی آخر ہے کہ تیرے بعد کوئی چیز نہیں اور تو ہی ظاہر ہے کہ تیرے اوپر کوئی چیز نہیں اور تو ہی باطن ہے کہ تیرے نیچے کوئی چیز نہیں' ہمارے قرضوں کو ادا فرمادے اور ہمیں فقیر سے غنی بنادے ☆ اے اللہ ! حلال روزی پر اکتفا کرنے اور حرام سے بچنے کی مجھے توفیق دے اور تیرے فضل سے مجھے غنی بنادے جو تیرے سوا اور کون کر سکتا ہے۔ (یہ دعا قرض کی ادائی کیلئے نماز عشاء کے بعد جس قدر ممکن ہو سکے مقرر کر کے روزانہ چند روز تک پڑھیں۔ مگر جس قدر زیادہ پڑھا جائے اسی قدر زیادہ مفید ہے۔ حضرت مولا مشکل کشا علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اگر پہاڑ کے برابر قرضداری ہو تو اس دعا کے پڑھنے سے ادا ہو جائے)

اے رنج کو دور فرمانے والے اللہ ! اے غم کو دفع فرمانے والے اللہ ! اے بیقرار لوگوں کی دعا کو قبول فرمانے والے' دنیا اور آخرت میں نہایت مہربان اور ان دونوں میں رحم فرمانے والے' تو ہی مجھ پر رحم فرماتا ہے مجھ پر تو اپنی رحمت کے ساتھ رحم فرما تیرے سوا کون ہے جو مجھے رحمت سے مالا مال فرمادے ☆ اے اللہ ! تیری ذات سب سے زیادہ ذکر کئے جانے کی مستحق ہے اور سب سے زیادہ عبادت کئے جانے کی مستحق ہے جو ضرورت مند ہوں ان کی سب سے زیادہ امداد فرمانے والا تو ہی ہے' اور جو مالک بننے والوں میں سب سے زیادہ مہربان تو ہی ہے اور مانگے جانے والوں میں سب سے زیادہ سخی تو ہی ہے اور عطا کرنے والوں میں سب سے زیادہ وسعت والا تو ہی ہے ☆ اے اللہ ! تو وہ بادشاہ ہے کہ تیرا کوئی شریک نہیں تو وہ یکتا ہے کہ تیری نظیر نہیں۔

هَالِكٌ اِلَّاَ وَجْهَكَ لَنْ تُطَاعَ اِلَّاَ بِاِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصٰى اِلَّاَ بِعِلْمِكَ
تُطَاعُ فَتَشْكُرُ وَ تُعْصٰى فَتَغْفِرُ اَقْرَبُ شَهِيْدٍ وَّاَدْنٰى حَفِيْظٍ
حُلْتَ دُوْنَ النُّفُوْسِ وَاَخَذْتَ بِالنَّوَاصِىْ وَكَتَبْتَ الْاٰثَارَ
وَنَسَخْتَ الْاٰجَالَ اَلْقُلُوْبُ لَكَ مُفْضِيَةٌ وَّالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِيَةٌ
اَلْحَلَالُ مَا اَحْلَلْتَ وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمْتَ وَالدِّيْنُ مَا شَرَعْتَ
وَالْاَمْرُ مَاقَضَيْتَ وَالْخَلْقُ خَلْقُكَ وَالْعَبْدُ عَبْدُكَ وَاَنْتَ اللّٰهُ
الرَّءُوْفُ الرَّحِيْمُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ اَشْرَقَتْ لَهُ
السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ
وَاَنْ تُقِيْلَنِىْ فِىْ هٰذِهِ الْغَدَاةِ اَوْفِىْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ وَاَنْ تُجِيْرَنِىْ
مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا مَنْ
لَّاَ شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَيَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ
وَيَا عِصْمَةَ الْبَآئِسِ الْخَائِفِ الْمُسْتَجِيْرِ وَيَارَازِقَ الطِّفْلِ
الصَّغِيْرِ وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ اَدْعُوْكَ دُعَاءَ الْبَآئِسِ
الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ الضَّرِيْرِ اَسْئَلُكَ بِمُعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ
عَرْشِكَ وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِالْاَسْمَآءِ الثَّمَانِيَّةِ
الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ قَلْبِىْ
وَجِلَآءَ حُزْنِىْ يَا مُؤْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَّيَاصَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ

اور تیری ذات کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے۔ تیرے حکم کے سوا کسی کی فرمانبرداری ہر گز نہیں۔ اور ایسی نافرمانی ہر گز نہیں جو تیرے علم میں نہ ہو۔ فرمانبرداری کی جاتی ہے تو شکر کی قدر کرتا ہے اور نافرمانی کی جاتی ہے تو معاف فرماتا ہے، تو ہی سب سے قریب گواہ اور سب سے زیادہ نزدیکی سے حفاظت فرمانے والا دلوں کے اندر تو جلوہ گر ہے اور میری پیشانی کے بال تیری ہی گرفت میں ہے۔ اور تو ہی نے نشانیاں لکھی ہیں اور تو ہی نے مردہ دلی کو دور فرمایا ہے جو تجھ پر ظاہر ہے اور راز جو تجھ پر روشن ہے حلال وہی ہے جس کو تو نے حلال فرمایا اور حرام وہی ہے جس کو تو نے حرام فرمایا اور دین وہ ہے جس کا تو نے حکم دیا۔ اور حکم وہ ہے جو تو نے نافذ فرمایا اور مخلوق تیری ہی پیدا کردہ ہے اور بندہ وہ ہے جو تیری بندگی کرے اور تو بہت مہربان رحم والا اللہ ہے۔ میں تیری ذات کے اس نور کے وسیلہ سے مانگتا ہوں جس کی بدولت آسمان اور زمین روشن ہوئے۔ اور جو کچھ تیرا حق ہے اور مانگنے والوں کا حق تجھ پر ہے اور جو اس صبح اور اس شام میں مجھ پر ہے اور تو اپنی قدرت سے مجھے دوزخ سے بچاتا ہے ☆ اے اللہ! اے بڑائی والے، اے سننے والے دیکھنے والے، اے وہ ذات جس کا کوئی شریک اور وزیر نہیں۔ اور اے روشن آفتاب و ماہتاب کے پیدا کرنے والے اور اے مصیبت زدہ ڈرنے والے فریادرس کی لاج رکھنے والے اور اے چھوٹے بچے کا رزق دینے والے، اور اے ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والے، میں تجھے پکارتا ہوں، مصیبت زدہ فقیر کی دعا ایک نقصان سے دوچار تڑپنے والے کی دعا کی طرح ہے۔ تیرے عرش میں موجود عزت کی گرہوں کے وسیلے سے اور تیری کتاب سے رحمت کی کنجیوں کے وسیلے سے اور آفتاب کی کرنوں پر لکھے ہوئے ان آٹھ ناموں کے وسیلے سے میں تجھ سے مانگتا ہوں یہ کہ قرآن کو میرے دل کی بہار اور میرے غم کی نجات کا ذریعہ بنادے۔ اے ہر اکیلے کے مونس اور ہر تنہا کے مالک

وَّيَاقَرِيْباً غَيْرَ بَعِيْدٍ وَّيَاشَاهِدًا غَيْرَ غَآئِبٍ وَّيَاغَالِباً غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا زَيْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا قَيَّامَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ وَمُنْتَهَى الْعَائِذِيْنَ وَالْمُفَرِّجَ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ وَالْمُرَوِّحَ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ وَمُجِيْبَ دُعَاءِ الْمُضْطَرِّيْنَ وَيَاكَاشِفَ الْكُرَبِ يَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَيَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ☆

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَآءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى وَجْهِكَ وَشَوْقاً اِلٰى لِقَآئِكَ فِىْ غَيْرِ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ وَّاَعُوْذُبِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْاُظْلَمَ اَوْ اَعْتَدِىَ اَوْ يُعْتَدٰى عَلَىَّ اَوْ اَكْسِبَ خَطِيْئَةً اَوْ ذَنْباً لَّا تَغْفِرُهٗ☆ ☆ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ وَبِيَدِكَ الْخَيْرُ كُلُّهٗ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِ كُلِّهٖ ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ ☆ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ

اے وہ ذات جو دور نہیں بلکہ قریب ہے اور اے وہ ذات جو غائب نہیں بلکہ حاضر ہے۔ اور اے وہ ذات مغلوب نہیں بلکہ غالب ہے' اے ہمیشہ قائم 'اے بزرگی اور انعام والے اور اے آسمانوں اور زمین کے نور 'اے آسمانوں اور زمین کو زینت دینے والے' اور اے آسمانوں اور زمین پر تسلط رکھنے والے اے آسمانوں اور زمین کو کھڑا کرنے والے' اے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمانے والے' اے آسمانوں اور زمین کو قائم کرنے والے' اے بزرگی اور انعام والے 'اے فریادیوں کی فریاد سننے والے 'اے پناہ مانگنے والوں کے آخری سہارے 'اے مصیبت زدوں کی مصیبت دور کرنے والے 'اے غم زدوں کو راحت دینے والے 'اے بے قراروں کی دعا سننے والے' اور اے مصیبت کو دفع فرمانے والے' اے سارے جہانوں کے معبود' اور اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ہر حاجت روائی کیلئے میں تجھ ہی سے رجوع ہوا ہوں۔ میں تجھ سے قضاء کے بعد رضا اور موت کے بعد کی زندگی کا سکون' اور تیرے جلوے میں نظر کی لذت' اور تیرے دیدار کیلئے شوق مانگتا ہوں جس میں کوئی نقصان نہ ہو اور کوئی گمراہی کا فتنہ نہ ہو اور میں ظلم کرنے یا مجھ پر ظلم کئے جانے یا نا قابل بخشش خطا یا گناہ سے تیری پناہ لیتا ہوں ☆ اے اللہ تمام تعریف تیرے ہی لئے ہے اور تمام شکر تیرے ہی لئے ہے اور تمام مملکت تیرے ہی لئے ہے اور تمام مخلوق تیرے ہی لئے ہے اور تمام بھلائی تیرے ہی دست قدرت میں ہے اور تمام کام تیرے ہی طرف رجوع ہونے کیلئے ہیں اور ہر بھلائی تجھ ہی سے مانگتا ہوں اور ہر برائی سے تیری ہی پناہ لیتا ہوں ☆ اللہ کے نام سے شروع جسکے سوا کوئی معبود نہیں ☆ اے اللہ ! تیری رحمت کے دروازے ہم پر کھول دے اور تیرے عطا کردہ رزق کے دروازے ہم پر آسان فرما دے ☆

رِزْقِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَّ وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا هَادِيَ لِمَنْ اَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ هَدَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَّ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ ☆ اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا وَاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ ☆ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ (ثلاثا) ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَ دُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ☆ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِيْ ☆ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَ عَنْ يَمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ (بِسَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا وَّ رَسُوْلًا ☆ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَّاحْفَظْنِيْ

اے اللہ! ساری تعریف تیرے ہی لئے ہے' تو جسکو بھی کشادہ کر دے اسکا بند کرنے والا کوئی نہیں اور تو جسکو بھی بند کر دے اسکا کھولنے والا کوئی نہیں اور تو جس کو گمراہ کر دے اس کو ہدایت دینے والا کوئی نہیں اور تو جس کو ہدایت دے اس کو گمراہ کرنے والا کوئی نہیں اور تو جو بھی روک دے اسکا عطا کرنے والا کوئی نہیں اور تو جو بھی عطا فرمادے اس کا روکنے والا کوئی نہیں۔ اور تو جو بھی دور کر دے اس کا قریب کرنے والا کوئی نہیں اور تو جو بھی قریب کر دے اس کا دور کرنے والا کوئی نہیں ☆ اے اللہ! ہم پر تیری برکتیں اور تیری رحمت اور تیرا فضل اور تیرا رزق کشادہ فرمادے ☆ اے اللہ ! بیشک میں تجھ سے پاکیزہ روزی اور نفع بخش علم اور مقبول عمل مانگتا ہوں ☆ اے اللہ ! میں تجھ سے عافیت مانگتا ہوں ☆ اے اللہ میرے جسم کو عافیت دے' اے اللہ ! میری سماعت میں عافیت دے۔ اے اللہ! میری بصارت میں عافیت دے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں (تین بار) اے اللہ ! بیشک میں تجھ سے دنیا و آخرت میں عافیت مانگتا ہوں۔ اے اللہ ! بیشک میں اپنے دین اور اپنی دنیا اور میری اھل اور میرے مال میں تجھ سے معافی اور عافیت مانگتا ہوں ☆ اے اللہ ! میری پوشیدہ باتوں کو ڈھانک دے اور میرے خوف سے مجھے امن عطا فرما ☆ اے اللہ! میرے سامنے اور میرے پیچھے اور میری سیدھی جانب اور میری بائیں جانب اور میرے اوپر کی جانب میری حفاظت فرما اور میرے نیچے کی باتوں سے میں تیری پناہ لیتا ہوں ☆ ہم راضی ہیں کہ پروردگار اللہ ہے' دین اسلام ہے اور حضرت محمد ﷺ نبی اور رسول ہیں ☆ قیام کی حالت میں اسلام کے ساتھ میری حفاظت فرما

بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ التَّوْفِیْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ التَّوَکُّلِ عَلَیْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِکْرِكَ وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَعَمَلًا بِکِتَابِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ نَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ (بِسَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ نَبِیِّكَ وَ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِكَ وَ (سَیِّدِنَا) مُوْسٰی نَجِیِّكَ وَ (سَیِّدِنَا) عِیْسٰی رُوْحِكَ وَکَلِمَتِكَ وَبِکَلَامِ (سَیِّدِنَا) مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ (سَیِّدِنَا) عِیْسٰی وَزَبُوْرِ (سَیِّدِنَا) دَاوٗدَ وَ فُرْقَانِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَبِکُلِّ وَحْیٍ اَوْحَیْتَهٗ اَوْقَضَاءٍ قَضَیْتَهٗ اَوْسَائِلٍ اَعْطَیْتَهٗ اَوْ فَقِیْرٍ اَغْنَیْتَهٗ اَوْ غَنِیٍّ اَفْقَرْتَهٗ اَوْضَالٍّ هَدَیْتَهٗ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَهٗ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُوْسٰی وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَی الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَ عَلَی السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَی الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِی اسْتَقَرَّبِهٖ عَرْشُكَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِیْ کِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ وَبِاسْمِكَ الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَی النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ عَلَی اللَّیْلِ فَاظْلَمَ بِعَظَمَتِكَ وَکِبْرِیَائِكَ وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ

اور بیٹھنے کی حالت میں اسلام کے ساتھ میری حفاظت فرما اور نیند کی حالت میں اسلام کے ساتھ میری حفاظت فرما اور کسی دشمن یا کسی حسد کرنے والے سے دوچار نہ فرما☆ اے اللہ ! بیشک میں تجھ سے اعمال سے محبت کی توفیق، تجھ پر سچا بھروسہ اور تیرے ساتھ بہترین گمان مانگتا ہوں ☆ اے اللہ تیرا ذکر سننے کیلئے میرے دل کے گوشے کھولدے اور تیری اور تیرے رسول کی اطاعت تیری کتاب پر عمل نصیب فرما☆ اے اللہ! تیرے نبی اور نبی امی (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور تیرے خلیل ابراھیم (علیہ السلام) اور تیرے نجات دہندہ موسیٰ (علیہ السلام) اور تیری روح اور تیرا کلمہ عیسیٰ (علیہ السلام) کے وسیلے سے، موسیٰ (علیہ السلام) کے کلام اور عیسیٰ (علیہ السلام) کی انجیل اور داؤد (علیہ السلام) کی زبور اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے فرقان کے وسیلہ سے مانگتا ہوں اور ہر وحی کہ جسے تو نے بھیجا یا مراد کہ تو نے جس کو پورا کیا یا سائل کہ جس کو تو نے عطا فرمایا یا فقیر کہ جس کو تو نے غنی کر دیا یا غنی کہ تو نے جس کو فقیر بنا دیا یا گم گشتہ کہ جس کو تو نے ہدایت دی اور میں تجھ سے تیرے اس نام کے وسیلہ سے مانگتا ہوں جو تو نے موسیٰ (علیہ السلام) پر نازل فرمایا۔ اور میں تجھ سے تیرے اس نام کے وسیلہ سے مانگتا ہوں جس کو تو نے زمین پر رکھا تو وہ ٹھیر گئی اور آسمانوں پر رکھا تو وہ قائم ہو گئے اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ جدا جدا ہو گئے اور میں تجھ سے تیرے اس نام کے وسیلے سے مانگتا ہوں کہ جسکی بدولت تیرے عرش کو قرار آگیا اور میں تجھ سے تیرے اس پاک و پاکیزہ نام کے وسیلے سے مانگتا ہوں جو تیرے پاس سے تیری کتاب میں نازل فرمایا گیا۔ اور تیرے اس نام کے وسیلے سے مانگتا ہوں جس کو دن پر رکھا تو اسے روشن کر دیا اور جس کو رات پر رکھا تو اسے تاریک کر دیا۔ تیری عظمت اور تیری کبریائی اور تیری ذات کے نور، مجھے تو نے

اَلْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ وَتُخْلِطَهُ بِلَحْمِىْ وَ دَمِىْ وَ سَمْعِىْ وَبَصَرِىْ وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِىْ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ بِسْمِ اللّٰهِ ذِى الشَّانِ عَظِيْمِ الْبُرْهَانِ شَدِيْدِ السُّلْطٰنِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِن التَّرَدِّىْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِى الشَّيْطٰنُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِىْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا ☆ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ ☆ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِىْ فِى الْمَوْتِ وَفِيْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَاوَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِى الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَامِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ عِيْشَةً نَقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَمَرَدًّا غَيْرَمُخْزِيٍّ وَلَا فَاضِحٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاةِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

عظمت والا قرآن عطا فرمایا۔ اور اس سے میرے گوشت اور میرے خون اور میری سماعت اور میری بصارت کو ہم وابستہ کر دیا اور اسکے ذریعہ میرے جسم میں تیرا خوف اور تیری قوت پیدا کر دی۔ بیشک گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت صرف تجھ ہی سے ہے۔ اللہ کے نام سے شروع جو شان والا اور عظیم دلیل والا اور شدید قدرت والا ہے۔ جو بھی اللہ نے چاہا وہی ہوا۔ میں شیطان مردود سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اے اللہ! بیشک میں ابلیس اور اسکے لشکر سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اے اللہ بیشک میں نیچے دب کر مرنے سے تیری پناہ لیتا ہوں اور میں اوپر سے گر کر مرنے سے تیری پناہ لیتا ہوں اور میں ڈوب کر مرنے سے اور جل کر مرنے سے اور زیادہ بڑھاپے سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اور مرتے وقت شیطان کی طرف سے میرے ہوش و حواس خبط کر دینے سے میں تیری پناہ لیتا ہوں۔ اور تیری راہ میں پیٹھ پھیر کر بھاگے ہوے مرنے سے میں تیری پناہ لیتا ہوں اور میں سانپ بچھو کے ڈسنے کے سبب مرنے سے تیری پناہ لیتا ہوں ☆ اے اللہ! تو موت کی بے ہوشی پر اور موت کی سکرات کے وقت میری مدد فرما☆ اے اللہ ! موت میں اور موت کے بعد مجھے برکت عطا فرما ☆ اے اللہ ! میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ! بیشک میں دنیا کی تنگی اور قیامت کے دن کی تنگی سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اے اللہ ! تمام کاموں میں ہمارا انجام بہتر فرما اور دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے پناہ دے۔ اے اللہ ! بیشک میں تجھ سے پاکیزہ زندگی اور موزوں موت اور کسی رسوائی اور فضیحت کے بغیر واپسی کی دعا مانگتا ہوں۔ اے اللہ ! میں جھنم کے عذاب سے تیری پناہ لیتا ہوں اور میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اور میں کانے دجال کے فتنہ کے شر سے تیری پناہ لیتا ہوں اور میں زندگی اور موت کے فتنہ سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اور میں

الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ
وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ
عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ
فِتْنَةِ الْغِنٰی وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ
وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ
وَالْفُسُوْقِ وَ الشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَ الرِّيَآءِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ
وَالْبَكَمِ وَالْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ
اَعُوْذُبِكَ مِنْ يَّوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَّيْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ
وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ اَللّٰهُمَّ
اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ ☆ اَللّٰهُمَّ
مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ
اَعُوْذُبِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ
اَسْئَلُكَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ
عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْكُرْلِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَیَّ
وَاهْدِنِیْ الْهُدٰی وَيَسِّرِ الْهُدٰی لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی
عَلَیَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَكَ ذَكَّارًا لَّكَ شَكَّارًا لَّكَ رَهَّابًا لَّكَ مِطْوَاعًا
لَّكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُّنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ وَاغْسِلْ

گناہوں اور تاوان سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اے اللہ ! میں عاجزی سے' کاہلی سے' بزدلی سے زیادہ بڑھاپے سے' تاوان سے اور گناہوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میں دوزخ کے عذاب اور دوزخ کے فتنہ اور قبر کے عذاب اور دولتمندی کے فتنہ کی برائی سے اور مفلسی کے فتنہ کی برائی سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اور سنگدلی اور غفلت اور محتاجی اور ذلت اور خواری سے تیری پناہ لیتا ہوں اور فقر سے اور کفر سے اور بدکاری سے اور باہمی جھگڑے سے اور سناوے سے اور دکھاوے سے تیری پناہ لیتا ہوں اور بہرے پن اور گونگے پن اور کوڑھ اور جنون اور جذام اور بدترین بیماریوں سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اے اللہ ! بیشک میں برے دن اور بری رات اور بری گھڑی اور برے شخص اور مستقل وطن میں برے پڑوسی سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اے اللہ! بیشک میں جھگڑے' منافقت اور برے اخلاق سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ دلوں کو پھیر دینے والے اللہ! ہمارے دلوں کو تیری فرمانبرداری پر پھیر دے۔ اے اللہ ! بیشک میں دنیا کی تنگی اور قیامت کے دن کی تنگی سے تیری پناہ لیتا ہوں۔ اے اللہ ! بیشک میں تجھ سے ہدایت' پرہیزگاری' پارسائی اور بے فکری مانگتا ہوں۔ اے پروردگار ! میری مدد فرما اور مجھے کسی کا دست نگر نہ بنا اور میری مدد فرما اور میرے خلاف کسی اور کی مدد نہ کر' اور مجھے کامیاب فرما اور مجھے ہدایت کی راہ نصیب فرما اور میرے لئے ہدایت آسان فرمادے اور کوئی مجھ پر زیادتی کرے تو اس کے مقابل میری دستگیری فرما۔ اے میرے پروردگار ! مجھے تیرا اکثرت سے ذکر کرنے والا' تیرا اکثرت سے شکر کرنے والا' تیرے سے بہت ڈرنے والا' تیرا بہت فرمانبردار' تیرے آگے بہت عاجزی کرنے والا' گریہ وزاری کرتے ہوئے تجھ سے رجوع ہونے والا بنا۔ اے پروردگار ! میری توبہ کو قبول فرما اور

حَوْبَتِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَۃَ صَدْرِیْ ☆ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا کُلَّہٗ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِکَ وَاَتْمِمْ عَلَیْنَا بِنِعْمَتِکَ وَاَسْبِغْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلِکَ وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِکَ الصَّالِحِیْنَ ☆ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْئَلُکَ عَزِیْمَۃَ الرُّشْدِ وَاَسْئَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَاَسْئَلُکَ لِسَانًا صَادِقًا وَقَلْبًا سَلِیْمًا وَخُلُقًا مُسْتَقِیْمًا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَاتَعْلَمُ وَاَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُکَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ☆ اَللّٰھُمَّ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِکْ لَنَا فِیْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَ قُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔ وَاجْعَلْنَا شَاکِرِیْنَ لِنِعْمَتِکَ مُثْنِیْنَ بِھَا قَابِلِیْھَا وَاَتِمَّھَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَ الْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَاءِ

میرے گناہوں کو دھودے اور میری دعا کو سن لے اور میری دلیل پر مجھے ثابت قدم رکھ اور میری زبان کو درست رکھ اور میرے قلب کو ہدایت دے اور میرے سینہ کے کھوٹ کو نکال دے ☆ اے اللہ ! ہم کو بخشدے اور ہم پر رحم فرما اور ہم سے راضی ہو جا اور ہماری طرف سے قبول فرما اور ہم کو جنت میں داخل فرما اور جہنم سے ہمیں نجات دے اور ہمارا سب حال درست فرمادے ☆ اے اللہ ! ہمارے دلوں کی بندشوں کو تیری یاد کے ذریعہ کھول دے اور ہم پر تیری نعمت تمام فرمادے اور ہم پر تو اپنے فضل سے نعمت پوری فرما اور ہمیں تیرے نیک بندوں میں شامل فرما ☆ اے اللہ! بیشک میں تجھ سے کام میں استقامت مانگتا ہوں اور میں تجھ سے ہدایت کا حوصلہ مانگتا ہوں اور میں تجھ سے تیری نعمت کا شکر اور تیری عبادت میں خوبی مانگتا ہوں اور میں تجھ سے زبانِ صادق، قلبِ سلیم اور مستقل اخلاق مانگتا ہوں اور میں اس برائی سے تیری پناہ لیتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور میں تجھ سے وہ خوبی مانگتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور میں تجھ سے ان سب باتوں کی بخشش مانگتا ہوں جنھیں تو بخوبی جانتا ہے بیشک تو غیب کی باتوں کا بہت جاننے والا ہے ☆ اے اللہ ! ہمارے دلوں کے درمیان اور ہماری ذات کے درمیان اصلاح عطا فرما اور ہمیں سلامتی کی راہ پر چلا اور اندھیروں سے ہمیں نجات دلا کر روشنی کی طرف لیجا۔ اور جو ظاہر اور باطن میں برائیاں ہیں انھیں دور فرما اور ہمارے کانوں میں اور ہماری آنکھوں میں اور ہمارے دلوں میں اور ہماری بیویوں میں اور ہماری اولاد میں برکت عطا فرما اور ہماری توبہ قبول فرما کہ بیشک تو بہت توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اور ہم کو تیری نعمتوں پر بے پناہ شکر کا اعتراف کرنے والوں میں سے بنا اور اسے ہم پر تمام فرما۔

اے اللہ بیشک میں تیری محبت اور تجھ سے ہر محبت کرنے والوں کی محبت اور تیری محبت کی توفیق دینے والا عمل مانگتا ہوں۔ اے اللہ ! تیری محبت کو میرے لئے میری جان اور میرے اہل اور ٹھنڈے پانی سے زیادہ محبوب بنادے۔

اَلْبَارِدِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ
اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ ☆
اَللّٰهُمَّ مَا زَوَیْتَ عَنِّیْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ
یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَ نَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ وَ مُرَافَقَةَ نَبِیِّنَا (سَیِّدِنَا)
مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اَعْلٰی دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ
الْخُلْدِ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَسْئَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَاءِ
وَخَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَ الْعَمَلِ وَخَیْرَ الثَّوَابِ وَخَیْرَ الْحَیَاةِ
وَخَیْرَ الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ وَارْفَعْ
دَرَجَتِیْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ وَاغْفِرْ خَطِیْئَتِیْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ
الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَیْرِ
وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَكَوَامِلَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ
وَالدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ ☆ اَللّٰهُمَّ نَجِّنِیْ مِنَ النَّارِ
وَارْزُقْنِیْ مَغْفِرَةً بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْمَنْزِلَ الصَّالِحَ مِنَ الْجَنَّةِ
اٰمِیْنَ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُبَارِكَ لِیْ فِیْ سَمْعِیْ وَ فِیْ
بَصَرِیْ وَفِیْ رُوْحِیْ وَفِیْ خَلْقِیْ وَ فِیْ خُلُقِیْ وَفِیْ اَهْلِیْ وَفِیْ
مَالِیْ وَفِیْ مَحْیَایَ وَ فِیْ مَمَاتِیْ وَ فِیْ عَمَلِیْ اَللّٰهُمَّ وَتَقَبَّلْ

اے اللہ ! تیری محبت اور ہر اس شخص کی محبت عطا فرما جو تیرے نزدیک میرے لئے نفع بخش ثابت ہو' اے اللہ ! پس جس طرح تو نے مجھے وہ چیزیں عطا کی ہیں جو مجھے پسند ہیں تو ان کو اس چیز کی قوت بنا دے جو تجھے پسند ہے اور اے اللہ ! جس طرح تو نے مجھ کو ان چیزوں سے دور رکھا ہے جو مجھے پسند ہیں تو مجھے ان سے فارغ البال بنا دے اور تیری پسندیدہ چیزوں کی طرف مجھے متوجہ کر دے۔ اے دلوں کو پلٹا دینے والے! تیرے دین پر میرے قلب کو ثابت قدم رکھ ☆ اے اللہ! میں تجھ سے رد نہ ہونے والا ایمان' ختم نہ ہونے والی نعمتیں اور جنت کے اعلیٰ درجہ یعنی جنتِ خلد میں ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کی رفاقت مانگتا ہوں ☆ اے اللہ میں تجھ سے بہترین معاملہ اور بہترین دعا اور بہترین کامرانی اور بہترین عمل' بہترین ثواب اور بہترین زندگی اور بہترین موت کی دعا مانگتا ہوں اور مجھے ثابت قدم رکھ اور میرے پلہ کو بھاری کر دے اور میرے ایمان کو سچا بنا دے اور میرے درجہ کو بلند فرما اور میری نماز کو قبول فرما اور میری خطاؤں کو معاف فرما دے۔ اور میں تجھ سے جنت میں اعلیٰ درجات مانگتا ہوں۔ آمین۔ اے اللہ ! میں بے شک تجھ سے خیر خواہی کی شروعات کی اور اس کی انتہاؤں کی اور اس کے جامع ہونے کی اور اس کے کامل ہونے کی اور اس کے اول ہونے کی اور اس کے آخر ہونے کی اور اس کے ظاہر اور اس کے باطن میں بھلائی کی اور جنت میں اعلیٰ درجات کی دعا مانگتا ہوں۔ آمین ☆ اے اللہ! مجھے دوزخ سے بچا لے' اور مجھے رات دن مغفرت اور جنت سے صالح مقام عطا فرما۔ آمین ☆ اے اللہ! بیشک میں تجھ سے میری سماعت اور میری بصارت اور میری روح اور میرے جسم اور میرے اخلاق اور میرے اھل اور میرے مال اور میری پوری زندگی اور میری موت اور میرے عمل میں برکت عطا کرنے کی دعا مانگتا ہوں۔ اے اللہ ! اور میری نیکیوں کو قبول فرما

حَسَنَاتِیْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ ☆ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاَھْلِ بَیْتِهٖ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰى (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰى اٰلِ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰى (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰى اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَاَھْلِ بَیْتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰى اٰلِ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ☆

اور میں تجھ سے جنت میں اعلیٰ درجات مانگتا ہوں۔ آمین ☆ اے اللہ ! تمام زندہ اور مردہ مومن مردوں اور عورتوں کو اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو اور ہمارے ان بھائیوں کو بخشدے جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کیلئے کینہ نہ رکھ۔ اے ہمارے پروردگار ! بیشک تو بہت مہربان اور رحم والا ہے ☆ اے اللہ ! نبی امی (حضرت) محمد (ﷺ) پر اور آپ کی بی بیوں پر جو مومنوں کی مائیں ہیں اور آپ کی نسل پر اور آپ کی اہلبیت پر درود بھیج جیسا کہ تو نے (حضرت) ابراھیم (علیہ السلام) اور (حضرت) ابراھیم (علیہ السلام) کی ال پر درود بھیجا اور نبی امی (حضرت) محمد (ﷺ) پر اور (حضرت) محمد (ﷺ) کی ال پر اور آپ کی بی بیوں پر اور آپ کی اہلبیت پر برکت نازل فرما جیسا کہ تو نے (حضرت) ابراھیم (علیہ السلام) اور (حضرت) ابراھیم (علیہ السلام) کی ال پر دونوں جہانوں میں برکت نازل فرمائی بیشک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

اَلْحِزْبُ الثَّانِیُ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا مَوْلَایَ یَا قَادِرُ یَا مَوْلَایَ یَا غَافِرُ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ تَعْظِیْمًا لِاَسْمَآئِهٖ عَدَدَ الْمَعْلُوْمَاتِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الْكَبِیْرِ الْمُتَعَالِ مُبْدِئُ الْمَخْلُوْقَاتِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَدَدَ الْمُخْلِصِیْنَ اَصْحَابِ الْعِنَایَاتِ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ تَكْبِیْرًا لِّجَلَالِكَ وَعَظَمَتِكَ مِلْأَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ كَنْزُ الْخَیْرِ وَالسَّعَادَاتِ اِلٰهَنَا لَكَ هٰذَا الْجَلَالُ فِیْ اِنْفِرَادِ وَحْدَانِیَّتِكَ وَلَكَ سُلْطَانُ الْعِزِّ فِیْ دَوَامِ رُبُوْبِیَّتِكَ بَعُدَ عَلٰی قُرْبِكَ اَوْهَامُ الْبَاحِثِیْنَ عَلٰی بُلُوْغِ صِفَاتِكَ وَتَحَیَّرَتِ الْبَابُ الْعَارِفِیْنَ بِجَلَالِكَ وَعَظَمَتِكَ اِلٰهَنَا فَاغْمِسْنَا فِیْ بَحْرٍ مِّنْ نُوْرِ هَیْبَتِكَ حَتّٰی تَخْرُجَ فِیْ رُوْحِنَا شُعَاعَاتُ رَحْمَتِكَ وَقَابِلْنَا بِنُوْرِ اِسْمِكَ الْمَكْنُوْنِ ☆ وَامْلَأْ وُجُوْدَ نَا بِوُجُوْدِ سِرِّكَ الْمَخْزُوْنِ ☆ حَتّٰی نَرَی الْكَمَالَ الْمُطْلَقَ فِی الْمَكْنُوْنِ الْمُطْلَقِ الْمَصُوْنِ وَاَشْهِدْنَا مَشَاهَدَ قُدْسِكَ مِنْ غَیْرِ تَقَلُّبٍ وَّلَا فُتُوْنٍ ☆ وَاجْعَلْ لَّنَا مَدَدًا رُوْحَانِیًّا تُغْسِلُنَا بِهٖ مِنَ الْحَمَاءِ الْمَسْنُوْنِ وَاَدْرِكْنَا بِاللُّطْفِ الْخَفِیِّ الَّذِیْ هُوَ اَسْرَعُ

دوسری منزل برائے دوشنبہ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

میرے مولا! اے قدرت والے 'اے میرے مولا اے 'بخشنے والے 'اے لطف
، 'اے سب کی خبر رکھنے والے اللہ کے ناموں کی تعظیم کرتے ہوئے معلومات کی
ر کے برابر اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں۔ ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جو بڑا 'بلندی عطا
نے والا اور مخلوقات پیدا کرنے والا ہے۔ اور عنایتوں والے مخلص لوگوں کی تعداد
رابر لاالہ الا اللہ کہتا ہوں۔ اور تیرے جلال اور تیری عظمت کیلئے زمین اور آسمانوں
ندار کے برابر بڑائی بیان کرتے ہوئے اللہ اکبر کہتا ہوں اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور
رنے کی قوت اللہ ہی سے ہے جو نیکی اور سعادتوں کا خزانہ ہے۔ اے ہمارے معبود!
ں منفرد وحدانیت میں یہ تیرا جلال ہے۔ اور تیری دوامی ربوبیت میں تیرے لئے
ت کی یہ سلطنت ہے تیری صفات کے کمال میں بحث کرنے والے وہموں نے تیرے
ب سے دور کیا۔ تیرے جلال اور تیری عظمت کے دروازہ نے عارفوں کو
ت میں ڈال دیا۔ اے ہمارے معبود! تیری ھیبت کے نور کے سمندر میں ہم کو
ہ دے یہاں تک کہ ہماری روح میں تیری رحمت کی کرنیں پھوٹ پڑیں اور
ے پوشیدہ نام کی روشنی سے ہمارا سامنا کردے اور تیرے راز کے خزانہ کے
د سے ہمارا وجود بھر دے یہاں تک کہ ہم تیرے محفوظ مطلق راز میں مطلق
ں کا جلوہ دیکھ لیں۔ اور کسی الٹ پلٹ اور آزمائشوں کے بغیر تو اپنی پاکیزگی کے
ہدات ہم کو دکھلادے۔ اور ہماری ایسی روحانی مدد فرما کہ جس کی بدولت سیاہ
دارگارے سے ہم پاک ہو جائیں اور تیری پوشیدہ مہربانی سے ہمیں نوازدے

مِنْ طِبْقِ الْجُفُوْنِ وَاَوْقِفْنَا مَوَاقِفَ الْعِزِّ وَاحْجُبْنَا عَنِ الْعُيُوْنِ ☆ وَاشْهِدْنَا الْحَقَّ الْيَقِيْنَ يَا قَوِيُّ يَا مَتِيْنُ يَا نُوْرُ يَا مُبِيْنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ اِلٰهَنَا فَاطْلِعْ عَلٰى وُجُوْدِنَا شَمْسَ شُهُوْدِنَا فِى الْاَكْوَانِ وَنَوِّرْ وُجُوْدَنَا بِنُوْرِ وُجُوْدِكَ فِى كُلِّ الْاَحْيَانِ وَاَدْخِلْنَا فِىْ رِيَاضِ الْعَافِيَةِ وَالْعَيَانِ ☆ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ۔ يَا رَحِيْمُ يَا رَحْمٰنُ۔ يَا ذَاالْعِزَّةِ وَالْبُرْهَانِ ☆ يَا ذَاالرَّحْمَةِ وَالْغُفْرَانِ☆يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ ☆ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا مَوْلَايَ يَا قَادِرُ يَا مَوْلَايَ يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ اِلٰهَنَا اَلْبِسْنَا مَلَابِسَ لُطْفِكَ وَاَقْبِلْ عَلَيْنَا بِحِنَانِكَ وَعَطْفِكَ وَاَخْرِجْنَا مِنَ التَّدْبِيْرِ مَعَكَ وَعَلَيْكَ وَاهْدِنَا بِنُوْرِكَ اِلَيْكَ وَاَقِمْنَا بِصِدْقِ الْعُبُوْدِيَّةِ بَيْنَ يَدَيْكَ وَاَخْرِجْ ظُلُمَاتِ التَّدْبِيْرِ مِنْ قُلُوْبِنَا وَانْشُرْ نُوْرَ التَّفْوِيْضِ فِىْ اَسْرَارِنَا وَ اَشْهِدْنَا حُسْنَ اِخْتِيَارِكَ لَنَا حَتّٰى يَكُوْنَ مَا تَقْضِيَةِ فِيْنَا وَتَخْتَارُهٗ لَنَا اَحَبَّ اِلَيْنَا مِنْ اِخْتِيَارِنَا لِاَنْفُسِنَا وَاهْدِنَا لِلْحَقِّ الْمُبِيْنِ وَعَلِّمْنَا مِنْ عِلْمِ الْيَقِيْنِ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا غَنِيُّ يَا كَرِيْمُ يَا غَفُوْرُ يَا حَلِيْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مَوْلَايَ يَا قَادِرُ يَا مَوْلَايَ يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ اِلٰهَنَا

جو پیالوں میں ڈھکی ہوی ہے اور عزت کے ان مرتبوں سے ہمیں آشنا فرمادے جو آنکھوں سے چھپے ہوے ہیں اور ہمکو سچے یقین سے آشنا کردے اے قوت والے' اے مضبوط' اے نور' اے مبین' اے بہت مہربان' اے رحم والے۔ اے ہمارے معبود! پس ہمارے وجود پر ہمارے شہود کا آفتاب دونوں عالم میں روشن کردے اور ہمارے وجود کو تیرے وجود کے نور سے دنیاوی و دینوی زندگیوں میں منور کردے اور ہم کو عافیت اور مشاہدہ کے باغ میں داخل فرما☆ اے مہربان! اے احسان فرما' اے رحم والے' اے نہایت مہربان' اے عزت اور دلیل والے' اے رحمت اور بخشائش والے' اے فضل اور احسان والے' اے بزرگی اور انعام والے' اے میرے مولا' اے قدرت والے' اے میرے مولا' اے بخشنے والے' اے لطف والے اے سب کی خبر رکھنے والے' اے ہمارے معبود' تو ہم کو اپنے لطف کی پوشاک پہنادے' اور ہم پر تیری نوازش اور تیرا کرم شامل حال فرما' اور تیرے ساتھ تیرے پر بھروسہ کے ساتھ تدبیر سے ہم کو نکال دے۔ اور تیرے نور کے ساتھ تیری جانب ہمیں راستہ دکھلا۔ اور تیری بارگاہ مین سچی عبودیت پر ہم کو قائم رکھ۔ اور ہمارے دلوں سے تدبیر کی تاریکیوں کو نکالدے۔ اور ہمارے رازوں میں تفویض کی روشنی کو پھیلا دے' اور ہمارے لئے تیرے بہتر اختیار کا ہمیں مشاہدہ کرادے یہاں تک کہ جو کچھ تیری قضا اور تیرے اختیار کے مطابق ہو' وہ ہمیں اپنے نفسوں پر اپنے اختیار سے زیادہ ہمیں محبوب ہو۔ اور روشن سچائی کی طرف ہمیں ہدایت دے اور ہمیں علم الیقین کی تعلیم دے۔ اے بلند مرتبہ' اے عظمت والے' اے بے نیاز' اے کرم والے اے بخشنے والے' اے حلم والے' اے نہایت مہربان' اے رحم والے☆ اے میرے مولا اے قدرت والے اے میرے مولا' اے بخشنے والے' اے لطف والے' اے سب کی خبر رکھنے والے ہمارے معبود!

نَسْئَلُكَ بِجَلَالِ كَمَالِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَ بِضِيَآءِ سِنَآءِ نُوْرِكَ
الْعَظِيْمِ☆وَبِتَدْقِيْقِ تَحْقِيْقِ عِلْمِكَ يَا عَلِيْمُ اَنْ تُنَزِّلَ عَلٰى
قُلُوْبِنَا مِنْ نُوْرِالذِّكْرِ وَ الْحِكْمَةِ مَا نَجِدُ بِالْحِسِّ وَالْمُشَاهَدَةِ
بَرْدَهٗ حَتّٰى لَانَنْسَاكَ وَلَا نَعْصِيْكَ اَبَدًا وَّاجْمَعْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ
النِّيَّةِ وَالصِّدْقِ وَالْاِخْلَاصِ وَالْخُشُوْعِ وَالْهَيْبَةِ وَالْحَيَآءِ
وَالْمُرَاقَبَةِ وَالنُّوْرِ وَالنَّشَاطِ وَالْقُوَّةِ وَالْحِفْظِ وَالْعِصْمَةِ
وَالْفَصَاحَةِ وَالْبَيَانِ وَالْفَهْمِ وَالْقُرْاٰنِ وَخُصَّنَا بِالْمَحَبَّةِ
وَالْاِصْطِفَآئِيَّةِ وَالتَّخْصِيْصِ وَكُنْ لَنَا سَمْعًا وَّبَصَرًا وَّلِسَانًا
وَّقَلْبًا وَّيَدًا وَّمُؤَيِّدًا يَا مُغِيْثُ يَا مُجِيْبُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا
خَبِيْرُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ بِجَوَامِعِ اَسْرَارِ اَسْمَآئِكَ وَلَطَآئِفِ
مَظَاهِرِ صِفَاتِكَ وَقِدَمِ وُجُوْدِ ذَاتِكَ اَنْ تُنَوِّرَ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ
هِدَايَتِكَ وَاَنْ تُلْهِمَنَا حُبَّ مَعْرِفَتِكَ وَاَنْ تَسْتُرَعَلَيْنَا بِسِتْرِ
حِمَايَتِكَ وَاَنْ تَجْعَلَ اُنْسَنَابِكَ وَشَوْقَنَا اِلَيْكَ وَخَوْفَنَا مِنْكَ
حَتّٰى لَا نَرْجُوْا اَحَدًا غَيْرَكَ وَلَا نَخْشٰى اَحَدًا سِوَاكَ ☆
اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا الْاِعْتِمَادَ عَلَيْكَ وَالْاِنْقِيَادَ اِلَيْكَ وَالْحُبَّ فِيْكَ
وَالْقُرْبَ مِنْكَ وَالْاَدَبَ مَعَكَ وَاَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَزَّ
جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَتَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ وَعَظُمَ شَأْنُكَ وَلَآ اِلٰهَ

ہم تجھ سے تیرے کرم والی ذات کے کمال کی بزرگی کے وسیلے سے اور تیری عظمت والے نور کی نورانیت کی ضیاء کے وسیلے سے مانگتے ہیں ☆اور تیرے علم کی تحقیق کی باریکی کے وسیلے سے اے علم والے کہ تو ہمارے دلوں پر ذکر اور حکمت کی ایسی روشنی نازل فرما جو ہم میں اسکی ٹھنڈک کا مشاہدہ اور احساس پیدا کرے یہاں تک کہ ہمیشہ کیلئے ہم تجھے نہ بھول سکیں اور نہ تیری نافرمانی کر سکیں اور ہمارے اندر نیت اور سچائی اور اخلاص اور خشوع اور ہیبت اور حیاء اور مراقبہ اور نور اور خوشی اور قوت اور حفاظت اور پاکبازی اور فصاحت اور بیان اور سمجھ اور قرآن کو ایک ساتھ جمع کر دے اور محبت' بزرگی اور تخصیص کی خصوصیات عطا فرما اور ہمارے لئے سماعت/ اور بصارت اور زبان اور دل اور ہاتھ کو تائید عطا فرما اے فریادرس' اے قبول فرمانے والے' اے سننے والے' اے دیکھنے والے اور اے سب کی خبر رکھنے والے۔ اے اللہ! ہم تجھ سے تیرے آسمانوں کے تمام اسرار اور تیری صفات کے مظہر لطائف اور تیری ذات کے وجود کی قدامت کے وسیلے سے مانگتے ہیں یہ کہ ہمارے دلوں کو تیری ہدایت کے نور سے منور کر دے اور تیری معرفت کی محبت سے سیراب کر دے اور تیری حمایت کے پردے سے ہمیں ڈھانپ دے اور تیرے ساتھ انس اور تیرے شوق اور تیرے خوف کی توفیق دے یہاں تک کہ ہم تیرے سوا کسی سے امید نہ رکھیں اور نہ ہی تیرے سوا کسی سے ڈریں اے اللہ! ہم کو تجھ پر اعتماد' اور تیری فرمانبرداری' تیری محبت اور تیرا قرب اور تیرے ادب کا سلیقہ عطا فرما۔ اور تو آسمانوں اور زمین کا نور ہے اور تیری تعریف بزرگ ہے اور تیرے نام مقدس ہیں اور تیری شان بڑی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

غَیْرُکَ سَلِّمْنَا وَسَلِّمْ دِیْنَنَا وَکَمِّلْ اِیْمَانَنَا وَتَمِّمْ عِرْفَانَنَا وَوَجِّهْنَا بِکُلِّیَّتِنَا اِلَیْکَ وَلَا تَکِلْنَا اِلٰی اَنْفُسِنَا طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّلَا اَقَلَّ مِنْ ذٰلِکَ وَشَوِّقْنَا اِلٰی لِقَآئِکَ وَاقْطَعْ عَنَّا کُلَّ قَاطِعٍ یَقْطَعُنَا عَنْکَ وَقَرِّبْنَا اِذَا اَبْعَدْتَنَا وَ اقْرُبْ مِنَّا اِذَا قَرَّبْتَنَا وَعَلِّمْنَا اِذَا جَهِلْنَا وَفَهِّمْنَا اِذَا عَلَّمْتَنَا یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا قَادِرُ یَا غَافِرُ یَا عَلِیْمُ یَا مَوْلَایَ یَا قَادِرُ یَا مَوْلَایَ یَا غَافِرُ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ اِلٰهِیْ لَوْلَا مَا جَهِلْتُ مِنْ اَمْرِیْ مَا شَکَوْتُ عَثَرَاتِیْ وَلَوْلَا ذَکَرْتُ مِنَ الْاِفْرَادِ مَا سَفَحْتُ عَبَرَاتِیْ فَاَصْلِحْ مُشَتَّتَاتِ الْعَثَرَاتِ بِمُرْسَلَاتِ الْعَبَرَاتِ وَهَبْ کَثِیْرَ السَّیِّئَاتِ لِقَلِیْلِ الْحَسَنَاتِ ☆ اِلٰهِیْ اَخْرَسَتِ الْمَعَاصِیْ لِسَانِیْ فَمَا لِیْ مِنْ وَسِیْلَةٍ مِّنْ عَمَلٍ وَّلَا شَفِیْعٍ سِوَی الْاَمَلِ ☆ اِلٰهِیْ اَقْصَتْنِی الْحَسَنَاتُ مِنْ جُوْدِکَ وَکَرَمِکَ وَالْقَتْنِی السَّیِّئَاتُ بَیْنَ عَفْوِکَ وَمَغْفِرَتِکَ اِنَّ رَجَآئِیْ لَا یَنْقَطِعُ عَنْکَ وَاِنْ عَصَیْتُکَ کَمَآ اَنَّ خَوْفِیْ لَا یُزَایِلُنِیْ مِنْکَ وَاِنْ اَطَعْتُکَ اِلٰهِیْ لَا اَسْتَطِیْعُ حَوْلًا عَنْ مَعْصِیَتِکَ اِلَّا بِعِصْمَتِکَ وَلَا قُوَّةَ لِّیْ عَلَی الطَّاعَةِ اِلَّا بِتَوْفِیْقِکَ مَنْ هُوَ فِیْ قَبْضَةِ قَهْرِکَ کَیْفَ یَخَافُ مَنْ هُوَ دَآئِرٌ فِیْ دَائِرَةِ لِذَّاتِکَ اَیْنَ یَذْهَبُ یَااِلٰهِیْ اَنَا

ہمیں سلامتی دے اور ہمارے دین کو سلامت رکھ اور ہمارے ایمان کو مکمل کر دے اور ہمارے عرفان کو تمام کر دے اور پوری طرح ہمیں تیری طرف متوجہ فرمادے اور پلک جھپکنے تک یا اس سے بھی کم وقت کیلئے ہم کو اپنے نفس کے حوالے نہ فرما۔ اور تیرے دیدار کا ہمیں شوق عطا فرما اور تجھ سے جدا کرنے والی ہر بات کو ہم سے جدا فرمادے اور ہم کو قریب کرلے اگر ہمیں دور فرمایا تھا۔ اور اگر ہمیں اپنے قریب فرمایا تھا تو ہم کو بہت قریب بنالے۔ اور ہمیں علم عطا فرما اگر ہم جاہل ہوں اے اول' اور اے آخر اور اے ظاہر اور اے قدرت والے اور اے بخشنے والے اور اے علم والے' اور اے مولا اے قدرت والے' مرے مولا اے بخشنے والے' اے لطف والے' اے سب کی خبر رکھنے والے میرے معبود اگر میں میرے معاملہ سے ناواقف نہ ہوتا تو میں میری لغزشوں کی شکایت نہ کرتا اور اگر میں (لغزشوں کو) الگ الگ یاد نہ کرتا تو میرے آنسو نہ بہتے' پس آنسوؤں کے جاری ہونے کی وجہ سے میری علٰحدہ علٰحدہ لغزشوں کی اصلاح فرمادے اور میری کثیر برائیوں کو (مٹاکر) قلیل نیکیوں کو کثیر بنادے۔ اے میرے معبود! میرے گناہوں نے میری زبان کو آلودہ کر دیا ہے تو وہ میرے عمل میں انجام کے سوا وسیلہ اور شفیع نہیں۔ اے میرے معبود میری نیکیوں نے مجھے تیرے جود اور تیرے کرم سے قریب کر دیا ہے اور میری برائیوں نے مجھے تیری معافی اور تیری بخشش کے درمیان ڈالدیا ہے بیشک میں تجھ سے ناامید نہیں ہوں اور اگر میں نے تیری نافرمانی کی جیسا کہ مجھے یہ خوف ہے کہ کہیں میں تیری نظر سے دور نہ کر دیا جاؤں اور اگر میں نے تیری فرمانبرداری کی تو اے میرے معبود! تیری حفاظت کے بغیر میرے پاس گناہوں سے بچنے کی طاقت نہیں اور تیری توفیق کے بغیر میرے پاس نیکی کرنے کی قوت نہیں۔ جو بھی تیرے قہر کے قبضہ میں گرفتار ہو وہ کیسے ڈر سکتا ہے اور جو تیری لذتوں کے دائرہ میں گھرا ہوا ہو وہ کہاں جا سکتا ہے۔ اے میرے معبود! میرا

مَسْلُوْبُ الْاِرَادَةِ عَارٍ عَنِ الْمَشِيَّةِ عَاجِزٌ عَنِ الْحَوْلِ وَ الْقُوَّةِ
اَشْكُوْ اِلَيْكَ ضُعْفَ قُوَّتِیْ وَ قِلَّةَ حِيْلَتِیْ وَهَوَ انِیْ عَلَی
الْمَخْلُوْقِيْنَ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ وَاَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعِفِيْنَ
وَاَنْتَ رَبِّیْ اِلٰی مَنْ تَكِلُنِیْ اِلٰی عَبْدٍ يَتَهَجَّمُنِیْ اَمْ اِلٰی عَدُوٍّ
مَلَّكْتَهُ اَمْرِیْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ عَلَیَّ غَضَبٌ مِنْكَ فَلَا اُبَالِیْ وَلٰكِنْ
عَافِيَتُكَ هِیَ اَوْسَعُ لِیْ رَبِّ فَلَا تَحْجُبْ دَعْوَتِیْ وَلَا تَرُدَّ
مَسْئَلَتِیْ وَلَا تَدَعْنِیْ بِحَسْرَتِیْ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ
وَارْحَمْ عَجْزِیْ وَ فَقْرِیْ وَ فَاقَتِیْ وَاجْبُرْ كَسْرِیْ وَذُلِّیْ
وَحَالَتِیْ (يَا اَللّٰهُ ثلاثاً) (يَارَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا اَللّٰهُ ثلاثاً)
(يَا ذَاالْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ يَا اَللّٰهُ ثلاثاً) يَا ذَاالرَّحْمَةِ
وَالْغُفْرَانِ يَا اَللّٰهُ ثلاثاً)(يَا ذَاالْعَظْمَةِ وَالسُّلْطَانِ يَا اَللّٰهُ
ثلاثاً)(يَا ذَا الْعِزِّ وَالْبُرْهٰنِ يَا اَللّٰهُ ثلاثاً)يَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَحْمَةً وَّعِلْماً وَجُدْ بِفَضْلِكَ وَ
اِحْسَانِكَ عَلَيْنَا مِنَّةً وَّ حِلْماً يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا
مُتَفَضِّلُ يَا ذَاالنَّوَالِ وَالنِّعَمِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ. يَا عَظِيْمُ
يَا ذَاالْعَرْشِ الْعَظِيْمِ نَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ
الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ الَّذِیْ مَنْ اَسْعَدْتَهُ وَرَحِمْتَهُ وَاَلْهَمْتَهُ اَنْ

ارادہ سلب ہو چکا ہے جو مشیت سے خالی ہے اور فوت کے خوف سے عاجز ہے میں تیری بارگاہ میں میری قوت کی کمزوری اور مخلوق پر میرے حیلہ کی قلت اور میری ندامت کا شکوہ کرتا ہوں اور تو سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔ اور تو کمزوروں کا پروردگار اور تو میرا پروردگار ہے۔ میں نے اچانک خود کو کسی بندے کے حوالے کیا ہے یا کسی دشمن کے سپرد میرا کام کیا ہے اگر مجھ پر تیرا غضب نہ ہو تو مجھ پر کوئی مصیبت نہیں اور لیکن وہ تیری عافیت میں ہو تو اس کو میرے لئے کشادہ کر دے۔ پس میری دعا کو نظر انداز نہ فرما اور میرے مسئلہ کو مسترد نہ کر دے اور مجھے حسرت سے دوچار نہ فرما اور مجھے میری طاقت اور میری قوت کے حوالے نہ فرما۔ اور میری عاجزی اور میرے فقر اور میرے فاقہ پر رحم فرما۔ اور میری شکستہ حالی' میری ذلت اور میری مشکل کو دور فرما دے اے اللہ! (تین بار)۔ اے نہایت مہربان اے رحم والے اے اللہ (تین بار)۔ اے فضل و احسان والے اے اللہ (تین بار)۔ اے رحمت اور بخشش والے اے اللہ (تین بار) اے عظمت اور سلطنت والے اللہ (تین بار) اے عزت اور دلیل والے اے اللہ (تین بار)۔ اے بزرگی اور انعام والے! ہر چیز پر (جسکی) رحمت اور علم وسیع ہے۔ ہم پر تیرے فضل اور تیرے احسان کے ذریعہ زیادہ احسان اور حلم عطا فرما۔ اے احسان کرنے والے' اے صفات جمیلہ والی ذات' اے انعام عطا فرمانے والے' اے مہربانی فرمانے والے' اے داد دہش اور نعمتوں والے' اے جود و کرم والے' اے عظمت والے' اے عرشِ عظیم والے اے اللہ! تیرے عظیم و اعظم' کبیر و اکبر نام کہ جس کے وسیلہ سے تجھے پکارنے کی تو سعادت' رحمت اور توفیق عطا فرما دے

يَّدْعُوكَ بِهٖ وَبِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَبِمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ اَنْ تُقْسِمَ لَنَا مِنَ الرَّحْمَةِ وَالْمَغْفِرَةِ مَا تُصْلِحُ بِهٖ شَأْنَنَا كُلَّهٗ وَ اَنْ تُحْيِيَنَا حَيَاةً طَيِّبَةً فِىْ اَرْغَدِ عَيْشٍ وَاَهْنٰى يَا جَامِعُ يَا مَنْ لَّا يَمْنَعُهٗ عَنِ الْعَطَآءِ مَانِعٌ يَا مُعْطِىَ النَّوَالِ قَبْلَ السُّؤَالِ فَتَوَلَّنَا يَا مَوْلَانَا فَاَنْتَ بِنَا اَوْلٰى يَا مَوْلَاىَ يَا قَادِرُ يَا مَوْلَاىَ يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ اِلٰهَنَا فَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُخْلِصِيْنَ وَمِمَّنْ سَلَكَ الطَّرِيْقَ مِنْ اَهْلِ الْيَقِيْنِ ☆ وَارْعَنَا بِرِعَايَتِكَ وَاحْفَظْنَا بِرَافَتِكَ لِنَكُوْنَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ وَاَرْشِدْنَا اِلٰى سَبِيْلِكَ لِنَكُوْنَ مِنَ الْعَالَمِيْنَ ☆ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِىْ نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ الصَّادِقِيْنَ بِنُبُوَّةِ الْاَقْدَمِيْنَ وَالْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ عَدَدَ مَنْ تَقَدَّمَ مِنَ الْخَلْقِ وَ مَنْ تَاَخَّرَ وَ مَنْ حَقَّ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ تَذَكَّرَ صَلَاةً مَّمْنُوْحَةً بِالرَّحْمَةِ وَالسَّلَامِ مَخْصُوْصَةً بِالْقَبُوْلِ عَلَى الدَّوَامِ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِ الدَّهْرِ الْمَوْجُوْدِ بَاقِيَةً بِبَقَآءِ اَحْكَامِ الْوُجُوْدِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهِ الطَّيِّبِيْنَ

اور تیرے عرش سے عزت کی وابستگی اور تیری کتاب سے رحمت کی انتہا کے طفیل ہمیں رحمت اور مغفرت اور ہماری تمام حالت سدھارنے والی ہر چیز نصیب فرما اور ہمیں پاکیزہ حیات اور خوشحال زندگی اور اس کی برکتوں کے ساتھ جینا نصیب فرما۔ اے سب کو جمع فرمانے والے' اے وہ ذات جس کی عطاء کو روکنے والا کوئی نہیں۔ اے مانگنے سے پہلے داد و دہش سے نوازنے والے پس اے ہمارے مولا ہماری جانب توجہ فرما کہ تو ہی ہمارے لئے سب سے بڑھ کر ہے۔ اے ہمارے مولا' اے قدرت والے' اے ہمارے مولا' اے بخشش والے' اے لطف والے' اے سب کی خبر رکھنے والے' اے ہمارے معبود ہمیں مخلصوں میں سے بنا اور ان میں شامل فرما جنھوں نے یقین والوں کا راستہ اختیار کیا اور تیری جانب سے رعایت عطا فرما اور تیری مہربانی سے ہماری حفاظت فرما تاکہ ہم امن والوں میں سے ہو جائیں اور تیرے راستہ کی ہمیں ہدایت فرما تاکہ ہم عمل کرنے والوں میں شامل ہو جائیں۔ بیشک میرا مددگار اللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی اور وہ نیک بختوں کی طرف نظر فرماتا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پس اللہ ہی سب سے بہتر حفاظت کرنے والا ہے۔ اور وہی سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے اور نبوت سے نوازے گئے پہلے کے سچے رسولوں کے سردار پر جو سارے جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں' پچھلی اور اگلی مخلوق کی تعداد کے برابر اور جنھوں نے آپ کی حقانیت بیان کی اور آپ پر گراں مایہ درود مع رحمت و سلام پیش کیا ان کی تعداد کے برابر اللہ تعالیٰ ایسا درود بھیجے جو قبولیت کیلئے مخصوص اور دائمی ہو۔ ایسا دائمی درود کہ جو دنیا کے موجود رہنے تک دائمی رہے اور وجود کے احکام کے باقی رہنے تک باقی رہے اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب اور آپ کی اولاد اور آپ کی ازواج اور آپ کی پاکیزہ نسل پر بھی

كَمَا تَقَدَّمَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا اَنْعَمَ يَا مَوْلَايَ يَا قَادِرُ يَا مَوْلَايَ يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ ☆ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ. وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ. وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ☆

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَنْ تُعْطِيَنَا صَبْرًا جَمِيلًا وَّ فَرَجًا قَرِيْبًا وَّاَجْرًا عَظِيْمًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا وَّلِسَانًا ذَاكِرًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَّعَمَلًا مَّقْبُوْلًا وَّعِلْمًا نَافِعًا وَّقَلْبًا خَاشِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّتَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّدُعَآءً مُّسْتَجَابًا وَّكَسْبًا طَيِّبًا حَلَالًا وَّاِيْمَانًا ثَابِتًا وَّدِيْنًا قَيِّمًا وَّجَنَّةً وَّحَرِيْرًا وَّعِزًّا وَّظَفَرًا وَّفَتْحًا قَرِيْبًا يَا خَيْرَ النَّاصِرِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ وَ يَا مُجِيْبَ دُعَآءِ عِبَادِكَ الْمُضْطَرِّيْنَ اِنَّكَ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ وَصَلِّ اللّٰهُمَّ اَفْضَلَ صَلٰوةٍ وَّاَزْكٰى تَسْلِيْمٍ عَلٰى اَفْضَلِ عِبَادِكَ اَجْمَعِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ صَلَاةً وَّ سَلَامًا دَآئِمَيْنِ بَاقِيَيْنِ مُتَلَازِمَيْنِ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ☆

ویسا ہی درود ہو جیسا کہ پہلے پیش کیا گیا۔ اور جو کچھ نعمتیں نوازی گئی ہیں اس پر الحمد للہ (شکر) ہے اے میرے مولا' اے قدرت والے' اے میرے مولا' اے بخشنے والے' اے لطف والے' اے سب کی خبر رکھنے والے۔ تیرا پروردگار' عزت والا پروردگار ان کی باتوں سے پاک ہے اور پیغمبروں پر سلام ہے اور تمام تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔

اے اللہ! بیشک ہم تجھ ہی سے مانگتے ہیں' اے اللہ' اے اللہ' اے اللہ یہ کہ ہمیں صبرِ جمیل عنقریب ہونے والی کشادگی' اجرِ عظیم' قلبِ سلیم' ذکر کرنے والی زبان' سعیِ مشکور' بخشے گئے گناہ' مقبول عمل' نفع بخش علم' خشوع والا دل' وسیع روزی' توبۃ النصوح' قبول ہونے والی دعا' پاکیزہ حلال کمائی' ثابت رہنے والا ایمان' قائم رہنے والا دین اور جنت اور ریشمی پوشاک اور عزت اور کامیابی اور عنقریب ہونے والی فتح عطا فرما۔ اے سب سے بہتر مدد فرمانے والے' اے سب سے بہتر بخشنے والے' اور تیرے تڑپتے ہوئے بندوں کی دعا کو سب سے بہتر سننے والے بیشک تو ہی سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔ آمین۔ آمین۔ اور اے اللہ آسمانوں اور زمینوں کے تیرے تمام بندوں میں افضل' نبیوں اور رسولوں کے خاتم محمد (ﷺ) پر اور آپ کی تمام آل اور آپ کے اصحاب پر درود بھیج: سب سے افضل درود ہو اور سب سے پاکیزہ سلام ہو۔ ایسے درود و سلام جو قیامت تک ہمیشہ رہنے والے باقی رہنے والے اور کبھی جدا نہ ہونے والے ہوں اور تمام تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

اَلْحِزْبُ الثَّالِثُ فِیْ یَوْمِ الثَّلَاثَاءِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ ☆ اَعْبُدُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ بِاَسْمَآئِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا وَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً ھُوَ اَھْلُھَا۔ اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ وَّاجْزِ (سَیِّدَنَا) مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا ھُوَ اَھْلُہٗ۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ مُنَزِّلَ التَّوْرَاۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اَللّٰھُمَّ

تیسری منزل برائے سہ شنبہ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

بے شک آیا تمہارے پاس تمہیں میں سے ایک رسول۔ جو بات تم کو مشقت میں ڈالتی ہے وہ اس پر گراں گذرتی ہے۔ تم پر حرص کرنے والا ہے مومنوں کے ساتھ مہربان رحم والا ہے۔ میں اپنے پروردگار اللہ کی عبادت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا - اۓ اللہ! میں تجھے تیرے تمام بہترین ناموں کے ساتھ پکارتا ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں' تو پاک ہے' (سیدنا) محمد ﷺ پر اور (سیدنا) محمد ﷺ کی آل پر تو درود بھیج جیساکہ تونے (سیدنا) ابراھیم (علیہ السلام) اور (سیدنا) ابراھیم (علیہ السلام) کی ال پر درود بھیجا بے شک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اۓ اللہ نبی امی ﷺ (سیدنا) محمد (ﷺ) پر اور آپ کی ال اور آپ کے اصحاب پر درود اور خوب سلام بھیج۔ اور (سیدنا) محمد (ﷺ) اور (سیدنا) محمد (ﷺ) کی آل پر اللہ ایسا درود بھیجے جو ان کے شایان ہو۔ اے اللہ! اے (سیدنا) محمد ﷺ اور (سیدنا) محمد ﷺ کی ال کے پرودگار (سیدنا) محمد (ﷺ) اور (سیدنا محمد (ﷺ) آل پر درود بھیج اور (سیدنا) محمد (ﷺ) کو ان کے شایان جزادے۔ اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے پروردگار اور عرش عظیم کے پروردگار' ہمارے پروردگار اور ہر چیز کے پروردگار اور توراۃ' انجیل' زبور اور فرقانِ عظیم کے نازل فرمانے والے اے اللہ

اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ فَلَکَ الْحَمْدُ لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ مَاشَآءَ اللّٰهُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَآءْ لَمْ یَکُنْ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ نَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ صَلٰوةً مُّبَارَکَةً طَیِّبَةً کَمَا اَمَرْتَ اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَایَبْقٰی مِنْ صَلٰوتِکَ شَیْءٌ وَارْحَمْ (سَیِّدَنَا) مُحَمَّدً حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ رَحْمَتِکَ شَیْءٌ وَّبَارِکْ عَلٰی (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ شَیْءٌ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَاَفْلِحْ وَاَنْجِحْ وَاَتِمَّ وَاَصْلِحْ وَزَکِّ وَاَرْبِحْ وَاَوْفِ وَاَرْجِحْ وَاَعْظِمْ وَاَفْضِلِ الصَّلَاةَ وَاَجْزِلِ الْمِنَنَ وَالتَّحِیَّاتِ عَلٰی عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَّذِیْ هُوَ فَلَقُ صُبْحِ اَنْوَارِ الْوَحْدَانِیَّةِ وَطَلْعَةُ شَمْسِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِیَّةِ وَبَهْجَةُ قَمَرِ الْحَقَائِقِ الصَّمَدَانِیَّةِ وَ عَرْشُ حَضْرَةِ الْحَضَرَاتِ الرَّحْمَانِیَّةِ نُوْرُ کُلِّ رَسُوْلٍ وَسَنَاهُ (یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ) سِرُّ کُلِّ نَبِیٍّ وَهُدَاهُ (ذَالِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ) وَجَوْهَرُ کُلِّ وَلِیٍّ

تو ہی اول ہے کہ تجھ سے پہلے کوئی چیز نہیں اور تو ہی آخر ہے کہ تیرے بعد کوئی چیز نہیں اور تو ہی ظاہر ہے کہ تیرے اوپر کوئی چیز نہیں اور تو ہی باطن ہے کہ تجھ سے اندرونی کوئی چیز نہیں۔ پس تیرے لئے تعریف ہے' تیرے سوا کوئی معبود نہیں' تو پاک ہے بے شک میں ظالموں میں سے تھا۔ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے اور وہ جو نہیں چاہتا وہ نہیں ہوتا اللہ کے سوا کوئی قوت نہیں۔ اے اللہ! (سیدنا) محمد (ﷺ) پر جو تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں ایسا درود بھیج جو برکت والا اور پاکیزہ ہو جیسا کہ تو نے ہم کو آپ پر درود بھیجنے کا حکم دیا اور خوب سلام بھیج۔ اے اللہ! (سیدنا) محمد (ﷺ) پر اس وقت تک درود بھیج کہ تیری رحمت سے کوئی چیز بھی نہ بچ سکے اور (سیدنا) محمد (ﷺ) پر تو اس وقت تک رحمت فرما کہ تیری رحمت سے کوئی چیز بھی نہ بچ سکے اور (سیدنا) محمد (ﷺ) پر اس وقت تک برکت فرما کہ تیری برکتوں سے کوئی چیز بھی بچ نہ سکے اے اللہ! درود بھیج اور سلام بھیج اور کامیاب فرما اور پذیرائی فرما اور تمام فرما اور درست فرما اور پاکیزہ فرما اور مستفید فرما اور وعدہ پورا فرما اور ترجیح دے اور عظمت دے اور درود کی فضیلت دے اور احسانات و تحیات کو افزوں فرما' تیرے بندے اور تیرے نبی اور تیرے رسول ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد ﷺ پر جو کہ وحدانی انوار کی صبح کی کرن ہیں اور ربانی اسرار کے آفتاب کی درخشانی ہیں اور صمدانی حقایق کے ماہتاب کی تابانی ہیں اور رحمانی بارگاہ میں حاضری کی بلندی ہیں ہر رسول کا نور اور اس کی چمک یٰسٓ ہیں۔ حکمت والے قرآن کی قسم بے شک تم سیدھی راہ پر بھیجے گئے رسولوں میں سے ہو' ہر نبی کا راز اور اس کی ہدایت ہیں (یہ حکم ہے زبردست علم والے کا) اور ہر دلی کا جوہر

وَضِيَاهُ (سَلَامٌ قَوْلاً مِنْ رَبٍّ رَحِيمٍ) اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى (سَيِّدِنَا) محمدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْاَبْطَحِيِّ التِّهَامِيِّ الْمَكِّيِّ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْكَرَامَةِ صَاحِبِ الْخَيْرِ وَ الْبِرِّ صَاحِبِ السَّرَايَا وَالْعَطَايَا وَالْغَزْوِ وَالْجِهَادِ وَالْمَغْنَمِ وَالْمِقْسَمِ صَاحِبِ الْاٰيَاتِ وَالْمُعْجِزَاتِ وَ الْعَلَامَاتِ الْبَاهِرَاتِ صَاحِبِ الْحَجِّ وَالْحَلْقِ وَالتَّلْبِيَةِ صَاحِبِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَالْمَقَامِ وَ الْقِبْلَةِ وَالْمِحْرَابِ وَالْمِنْبَرِ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ وَالشَّفَاعَةِ وَالسُّجُوْدِ لِلرَّبِّ الْمَعْبُوْدِ صَاحِبِ رَمْيِ الْجَمَرَاتِ وَالْوُقُوْفِ بِعَرَفَاتٍ صَاحِبِ الْعِلْمِ الطَّوِيْلِ وَالْكَلَامِ الْجَلِيْلِ صَاحِبِ كَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَالصِّدْقِ وَالتَّصْدِيْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْمِحَنِ وَالْاِحَنِ وَالْاَهْوَالِ وَالْبَلِيَّاتِ وَتُسَلِّمُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْفِتَنِ وَالْاَسْقَامِ وَالْاٰفَاتِ وَ الْعَاهَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْعُيُوْبِ وَالسَّيِّئَاتِ وَتَغْفِرُ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الذُّنُوْبَاتِ وَتَمْحُوْ بِهَا عَنَّا جَمِيْعَ الْخَطِيْئَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ مَا نَطْلُبُهُ مِنَ الْحَاجَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ

اور اس کی روشنی ہیں' ان پر رحم والے پروردگار کا فرمایا ہوا سلام ہوگا۔ اے اللہ! (سیدنا) محمد (ﷺ) پر درود اور سلام بھیج جو نبی امی عربی قریشی ہاشمی ابطحی تہامی مکی اور تاج و کرامت والے ہیں بھلائی اور نیکی والے اور محلات اور عطیات والے ہیں۔ اور غزوے اور جہاد والے اور عطا فرمانے والے اور تقسیم فرمانے والے ہیں' آیات اور معجزات اور واضح نشانیوں والے ہیں' حج والے اور حلق (سر منڈھانا) والے اور تلبیہ والے ہیں' صفا اور مروہ اور مشعر الحرام اور مقامِ ابراھیم اور قبلہ اور محراب اور منبر والے ہیں' مقامِ محمود اور حوضِ مورود اور شفاعت والے اور پروردگار معبود کے لئے سجدے کرنے والے' جمرات کی رمی اور عرفات میں وقوف کرنے والے' طویل علم اور جلیل کلام والے ہیں' اخلاص' سچائی اور تصدیق کے کلمے والے ہیں۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (ﷺ) پر اور ہمارے سردار محمد (ﷺ) کی آل پر درود سلام بھیج' ایسا درود جو ہم کو جملہ رنج و آزمائش سے اور اندیشوں اور بلاؤں سے نجات دلائے اور اس کے ذریعہ ہم کو جملہ فتنوں اور وباؤں اور آفتوں سے محفوظ و سلامت رکھے اور اس کے ذریعہ ہم کو جملہ عیبوں اور برائیوں سے پاک کرے اور اس کے ذریعہ ہمارے جملہ گناہوں کی بخشش ہو جائے اور اس کے ذریعہ ہم سے جملہ خطائیں مٹ جائیں اور اس کے ذریعہ ہم جو بھی حاجتیں طلب کریں انھیں پوری کردے اور اس کے ذریعہ ہم کو نیکیوں کے ساتھ

فِی الْحَیَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ یَا رَبُّ یَا اَللّٰهُ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ لِیْ فِیْ مُدَّةِ حَیَاتِیْ وَبَعْدَ مَمَاتِیْ اَضْعَافَ اَضْعَافِ ذٰلِكَ اَلْفَ اَلْفَ صَلَاةٍ وَّسَلَامٍ مَّضْرُوْبَیْنِ فِیْ مِثْلِ ذٰلِكَ وَاَمْثَالِ اَمْثَالِ ذٰلِكَ عَلٰی عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَالرَّسُوْلِ الْعَرَبِیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّاتِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْیَاعِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَمَوَالِیْهِ وَخُدَّامِهٖ وَحُجَّابِهٖ اِلٰهِی اجْعَلْ كُلَّ صَلَاةٍ مِّنْ كُلِّ ذٰلِكَ تَفُوْقُ وَ تَفْضُلُ صَلَاةَ الْمُصَلِّیْنَ عَلَیْهِ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَ اَهْلِ الْاَرْضِیْنَ اَجْمَعِیْنَ كَفَضْلِهِ الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ عَلٰی كَافَّةِ خَلْقِكَ یَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِیْنَ وَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ☆ وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ☆

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ كَرِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ نَبِیِّكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ السَّیِّدِ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ حَاءِ الرَّحْمَةِ وَمِیْمِ الْمُلْكِ وَدَالِ الدَّوَامِ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَعَیْنِ اَعْیَانِ خَلِیْقَتِكَ وَصَفِیِّكَ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ الرَّحْمَةِ لِلْعَالَمِیْنَ ظُهُوْرُهٗ الْمُصْطَفَی الْمُجْتَبَی الْمُنْتَقَی الْمُرْتَضٰی عَیْنِ الْعِنَایَةِ وَزَیْنِ

ہماری زندگی میں اور مرنے کے بعد انتہائی عروج پر پہنچادے۔اے پروردگار' اے اللہ' اے دعاؤں کو قبول کرنے والے' اے اللہ! میں بے شک تجھ ہی سے مانگتا ہوں یہ کہ میری زندگی میں اور میری موت کے بعد اس سے کئی گنا' ہزاروں ہزاروں درود و سلام کا اضافہ فرما تیرے بندے تیرے نبی اور تیرے رسول ہمارے سردار محمد (ﷺ) پر جو نبیِ امی اور رسولِ عربی ہیں اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب اور آپ کی اولاد اور آپ کی ازواج اور آپ کے گھر والوں اور آپ کے سسرالی رشتہ داروں اور آپ کے انصار اور آپ کے مددگاروں اور آپ کی اتباع کرنے والوں اور آپ کے خادموں اور آپ کے دربانوں پر اسی کے مثل درود و سلام بھیج۔ اے اللہ! ان میں سے ہر درود کو ایسا بنا جو ان پر آسمانوں اور زمینوں سے درود بھیجنے والوں کے درود میں بہتر اور فضیلت والا ہو اس کے فضل کی طرح جس کو تو نے اپنی تمام مخلوق پر فضیلت دی سب سے زیادہ بزرگ اور اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے' ہمارے پروردگار ہم سے قبول فرما بے شک تو ہی سننے والا اور جاننے والا ہے اور ہماری توبہ قبول فرما کہ تو ہی بے شک سب سے بڑا توبہ قبول کرنے والا اور رحم والا ہے۔اے اللہ! ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد (ﷺ) پر درود و سلام اور بزرگی بھیج جو تیرے بندے اور تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں نبیِ امی' سردارِ کامل' فاتح اور خاتم ہیں (جن کے نام پاک) کی رحمت ہے اور جس کی میم ملک ہے اور جس کی دال دوامِ رحمت ہے تیرے انوار کے سمندر ہیں۔ تیرے رازوں کا معدن ہیں اور تیری حجت کی زبان ہیں اور تیری مملکت کی دولہن ہیں تیری مخلوق کی پیدائش کا سرچشمہ اور تیرے پچھلے دوست ہیں خلق کے لئے ان کا نور ہے۔ان کا ظہور سارے جہانوں کے لئے رحمت ہے وہ مصطفیٰ مجتبیٰ اور مرتضیٰ ہیں عنایت کا چشمہ ہیں اور قیامت کی زینت ہیں

الْقِيَامَةِ وَكَنْزِ الْهِدَايَةِ وَاِمَامِ الْحَضْرَةِ ☆ وَاَمِيْنِ الْمَمْلَكَةِ وَطِرَازِ الْحُلَّةِ وَكَنْزِ الْحَقِيْقَةِ وَشَمْسِ الشَّرِيْعَةِ وَكَاشِفِ دَيَاجِى الظُّلْمَةِ وَنَاصِرِ الْمِلَّةِ وَنَبِىِّ الرَّحْمَةِ وَشَفِيْعِ الْاُمَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَوْمَ تَخْشَعُ الْاَصْوَاتُ وَتَشْخَصُ الْاَبْصَارُ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الْاَبْلَجِ وَالْبَهَاءِ الْاَبْهَجِ نَامُوْسِ تَوْرَاةِ مُوْسٰى وَقَامُوْسِ اِنْجِيْلِ عِيْسٰى صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ طِلَسْمِ الْفَلَكِ الْاَطْلَسِ فِىْ بُطُوْنِ كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ طَاؤُسَ الْمَلِكِ الْمُقَدَّسِ فِىْ ظُهُوْرِ فَخَلَقْتُ خَلْقًا فَتَعَرَّفْتُ اِلَيْهِمْ فَبِىْ عَرَفُوْنِىْ قُرَّةَ عَيْنِ نُوْرِ الْيَقِيْنِ مِرْاٰتِ اُوْلِى الْعَزْمِ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلٰى شُهُوْدِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ نُوْرِ اَنْوَارِ اَبْصَارِ بَصَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ الْمُكَرَّمِيْنَ وَمَحَلِّ نَظَرِكَ وَسِعَةِ رَحْمَتِكَ مِنَ الْعَوَالِمِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَاَتْحِفْ وَاَنْعِمْ وَامْنِحْ وَاَكْرِمْ وَاَجْزِلْ وَاَعْظِمْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ وَاَوْفٰى سَلَامِكَ صَلَاةً وَّسَلَامًا يَتَنَزَّلَانِ مِنْ اُفُقِ كُنْهِ بَاطِنِ الذَّاتِ اِلٰى فَلَكِ سَمَاءِ مَظَاهِرِ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ وَيَرْتَقِيَانِ عِنْدَ

اور ہدایت کا خزانہ ہیں اور حاضرین کے امام ہیں اور مملکت کے امین ہیں اور حلہ کو خوبصورت بنانے والے ہیں اور حقیقت کا خزانہ ہیں اور شریعت کے آفتاب ہیں اور ظلمت کی تاریکی کو دور کرنے والے ہیں اور ملت کے دستگیر ہیں نبیِ رحمت ہیں اور قیامت کے دن امت کی شفاعت فرمانے والے ہیں اور اس دن جبکہ سب آوازیں پست ہو جائیں گی اور سب آنکھیں کھل جائینگی۔ اے اللہ! ہمارے سردار اور ہمارے نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود و سلام بھیج جو تیز روشنی ہیں، مسرور کن حسن، (سیدنا) موسیٰ (علیہ السلام) کی توراۃ کی عزت ہیں اور (سیدنا) عیسیٰ (علیہ السلام) کی انجیل کی شرح ہیں اللہ کے درود اور اس کا سلام آپ پر اور ان سب پر ہو۔ فلک اطلس کا طلسم ہیں اس پس منظر میں کہ میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا پس میں نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں۔ ملک المقدس کا طاوس ہیں اس کا جلوہ کہ میں نے مخلوق پیدا کی پس میں ان کی جانب سے پہچانا گیا کہ وہ آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں یقین کا نور ہیں رسولوں کا عالیشان آئینہ ہیں جس میں (اللہ) ملک حق اور مبین کا مشاہدہ ہیں ☆ برگزیدہ نبیوں کی بصیرتوں کی آنکھوں اور انوار کی روشنی ہیں ☆ اور تیرے نظارے کا مرکز ہیں پچھلے اور اگلے سارے جہانوں میں تیری رحمت کی وسعت ہیں۔ اللہ درود بھیجے آپ پر اور آپ کے نبیوں اور رسولوں میں سے آپ کے بھائیوں پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر جو سب پاک و پاکیزہ ہیں اے اللہ! درود و سلام بھیج تحفے اور انعام عطا فرما اور عنایت فرما اور بزرگی دے اور نوازش فرما اور عظمت دے تیرے افضل درود سے اور تیرے پورے سلام سے ایسا درود و سلام جو تیری ذات کے باطن کے خلاصہ کی افق سے اسماء و صفات کے آئینہ دار آسمانی کرہ پر نازل مظاہر ہوں اور جو

سِدْرَةِ مُنْتَهی الْعَارِفِیْنَ اِلٰی مَرْکَزِ جَلَالِ النُّوْرِ الْمُبِیْنِ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ عِلْمِ یَقِیْنِ الْعُلَمَآءِ الرَّبَّانِیِّیْنَ وَعَیْنِ یَقِیْنِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ وَحَقِّ یَقِیْنِ الْاَنْبِیَآءِ الْمُکَرَّمِیْنَ اَلَّذِیْ تَاهَتْ فِیْ اَنْوَارِ جَلَالِهٖ اُوْلُوا الْعَزْمِ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ تَحَیَّرَتْ فِیْ دَرْکِ حَقَآئِقِهٖ عُظَمَآءُ الْمَلَائِکَةِ الْمُهَیَّمِیْنَ الْمُنْزَلِ عَلَیْهِ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ بِلِسَانٍ عَرَبِیٍّ مُّبِیْنٍ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ بَعَثَ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیَاتِهٖ وَیُزَکِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ وَاِنْ کَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلَاةَ ذَاتِکَ عَلٰی حَضْرَةِ صِفَاتِکَ الْجَامِعِ لِکُلِّ الْکَمَالِ الْمُتَّصِفِ بِصِفَاتِ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ مَنْ تَنَزَّهَ عَنِ الْمَخْلُوْقِیْنَ فِی الْمِثَالِ یَنْبُوْعِ الْمَعَارِفِ الرَّبَّانِیَّةِ وَحِیْطَةِ الْاَسْرَارِ الْاِلٰهِیَّةِ غَایَةِ مُنْتَهَی السَّآئِلِیْنَ وَدَلِیْلِ کُلِّ حَآئِرٍ مِّنَ السَّالِکِیْنَ (سَیِّدِنَا) مُحَمَّدٍ الْمَحْمُوْدِ بِالْاَوْصَافِ وَالذَّاتِ وَاَحْمَدَ مَنْ مَّضٰی وَ مَنْ هُوَاٰتٍ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمَ بِدَایَةِ الْاَوَّلِ وَغَایَةِ الْاَبَدِ حَتّٰی لَا یَحْصُرَهٗ عَدَدٌ وَّلَا یُنْهِیْهِ اَبَدٌ وَّارْضَ عَنْ تَوَابِعِهٖ فِی الشَّرِیْعَةِ وَ الطَّرِیْقَةِ وَالْحَقِیْقَةِ مِنَ الْاَصْحَابِ وَالْعُلَمَاءِ وَاَهْلِ الطَّرِیْقَةِ وَاجْعَلْنَا یَا مَوْلَانَا مِنْهُمْ حَقِیْقَةً

عارفوں کے سدرۃ منتہیٰ سے نور مبین کے جلال کے مرکز تک اوپر چڑھیں یعنی
ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد (ﷺ) پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں
جو علمائے ربانی کا علمِ یقین ہیں اور خلفائے راشدین کی آنکھ ہیں اور انبیاء کرام کا حقِ
یقین ہیں جو ان کے جلال کے انوار سے روشن ہیں رسولوں میں اولوالعزم ہیں
اور جن کے حقائق سے واقف ہو کر عظمت اور اختیار والے فرشتے حیرت میں پڑ گئے
جن پر قرآن عظیم روشن عربی زبان میں نازل ہوا بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنین پر
بڑا احسان فرمایا جب ان ہی میں سے ایک رسول کو ان میں بھیجا جو ان پر اس کی آیات
کی تلاوت کرتا ہے اور ان کو پاک کرتا ہے اور ان کو کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے
اور اس سے قبل وہ سب کھلی گمراہی میں تھے اے اللہ! درود و سلام بھیج تیرا ذاتی درود
تیری صفات کے مظہر' ہر کمال کے جامع' مخلوق سے پاک جلال و جمال کی صفات
سے متصف' ربانی معارف کے سر چشمہ' اسرارِ الٰہی سے گھرے ہوئے مانگنے والوں
کی نہایتوں کی حد اور سالکوں کی ہر مشکل کی دلیل یعنی محمد (ﷺ) پر ہو جو اوصاف
اور ذات کے لحاظ سے محمود اور گذرے ہوؤں اور آنے والوں میں احمد ہیں۔ او
خوب سلام بھیج اول کی ابتداء سے ابد کی انتہاء تک حتی کہ اس کا شمار نہ ہو سکے اور اس
کی انتہاء کی حد نہ ہو اور شریعت طریقت اور حقیقت میں آپ کی اتباع کرنے والے
اصحاب اور علماء اور اہل طریقت سے راضی ہو جا اور اے ہمارے مولا ہم کو حقیقی طور پر

اٰمین۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ فَتْحِ اَبْوَابِ • حَضْرَتِكَ وَعَیْنِ عِنَایَتِكَ بِخَلْقِكَ
وَرَسُوْلِكَ اِلٰی جَنْبِكَ وَاُنْسِكَ وَحْدَ اِنِیّ الذَّاتِ الْمُنْزَلِ عَلَیْهِ
اْلاٰیَاتِ الْوَاضِحَاتِ مُقِیْلِ الْعَثَرَاتِ وَسَیِّدِ السَّادَاتِ مَاحِی
الشِّرْكِ وَ الضَّلَالَاتِ بِالسُّیُوْفِ الصَّارِمَاتِ الْاٰمِرِ بِالْمَعْرُوْفِ
وَالنَّاهِیْ عَنِ الْمُنْكَرَاتِ الثَّمِلِ مِنْ شَرَابِ الْمُشَاهَدَاتِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْبَرِیَّاتِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰی مَنْ لَّهُ الْاَخْلَاقُ الرَّضِیَّةُ وَالْاَوْصَافُ الْمَرْضِیَّةُ
وَالْاَقْوَالُ الشَّرْعِیَّةُ وَالْاَحْوَالُ الْحَقِیْقَةُ وَالْعِنَایَاتُ الْاَزْلِیَّةُ
وَالسَّعَادَاتُ الْاَبَدِیَّةُ وَالْفُتُوْحَاتُ الْمَكِیَّةُ وَالظُّھُوْرَاتُ
الْمَدَنِیَّةُ وَالْكَمَالَاتُ الْاِلٰھِیَّةُ وَالْمَعَالِمُ الرَّبَّانِیَّةُ وَسِرُّ الْبَرِیَّةِ
وَشَفِیْعِنَا یَوْمَ بَعْثِنَا الْمُسْتَغْفِرُ لَنَا عِنْدَ رَبِّنَا الدَّاعِیْ اِلَیْكَ
وَالْمُقْتَدٰی لِمَنْ اَرَادَ الْوُصُوْلَ اِلَیْكَ الْاَنِیْسُ بِكَ
وَالْمُسْتَوْحِشُ مِنْ غَیْرِكَ حَتّٰی تَمَتَّعَ مِنْ نُوْرِ ذَاتِكَ وَ
رَجَعَ بِكَ لَا بِغَیْرِكَ وَشَهِدَ وَحْدَتَكَ فِیْ كَثْرَتِكَ وَقُلْتَ لَهٗ
بِلِسَانِ حَالِكَ وَقُوَّتِهٖ بِجَمَالِكَ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ
عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ الذَّاكِرُ لَكَ فِیْ لَیْلِكَ وَالصَّآئِمُ لَكَ فِیْ نَهَارِكَ
الْمَعْرُوْفُ عِنْدَ مَلٰٓئِكَتِكَ اَنَّهٗ خَیْرُ خَلْقِكَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ

انھیں میں سے بنادے آمین۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود و سلام بھیج جو تیری بارگاہ کے دروازے کھولنے والے اور مخلوق کے ساتھ تیری عنایت کا چشمہ ہیں۔ اور تیرے رسول ہیں تیری جانب اور تیرے انس کی طرف وحدانی ذات کے طرفدار، جن پر واضح آیات نازل ہوئیں لغزشوں کو سنبھالنے والے اور سرداروں کے سردار شرک اور گمراہیوں کو مٹانے والے، تیز تلواروں کے ذریعہ نیکی کا حکم دینے والے اور برائیوں سے روکنے والے شرابِ مشاہدات کے نشہ سے سرشار ہیں یعنی ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو نیکون میں سب سے بہتر ہیں اور آپ پر اللہ درود و سلام بھیجے اے اللہ! درود و سلام بھیج ان پر جن کے اخلاق پسند ہیں اور جن کے اوصاف پسندیدہ ہیں اور جن کے اقوال شرعی ہیں اور جن کے احوال حقیقی ہیں اور جن کے عنایات ازلی ہیں اور جن کی نیکیاں ابدی ہیں اور جن کی کامیابیاں مکی ہیں اور جن کے جلوے مدنی ہیں اور جن کے کمالات اللہ واعلیٰ ہیں اور جن کے علوم ربانی ہیں اور وہ مخلوقات کے رازدار ہیں اور ہماری شفاعت فرمانے والے ہیں اس دن جبکہ ہم اٹھائے جائیں گے پروردگار کی بارگاہ میں ہم کو بخشوانے والے ہیں تجھ کو ہی پکارنے والے ہیں اور جو بھی تجھ تک رسائی حاصل کرنا چاہے اس کے رہنما ہیں تیرے انیس ہیں اور تیرے غیر پر سخت ہیں۔ یہاں تک کہ تیری ذات کے نور سے فیضیاب ہیں اور تیرے غیر نہیں بلکہ تیرے ساتھ رجوع اور تیری کثرت میں تیری وحدت کی گواہی دیتے ہیں آپ کی شان تو نے اپنی زبان حال سے فرمائی اور اپنے جمال سے آپ کی پشت پناہی فرمائی جن کا تو نے جو حکم دیا اس کو ظاہر فرمادے اور مشرکوں سے دور رکھ کہ تیری رات میں تیرا ہی ذکر کرے اور تیرے دن میں تیرے ہی لئے روزہ رکھے تیرے فرشتوں کے پاس جانا پہچانا ہے بے شک وہ تیری مخلوق میں بہتر ہے۔ اے اللہ! بے شک ہم تیرے

اِلَيْكَ بِالْحَرْفِ الْجَامِعِ لِمَعَانِىْ كَمَالِكَ نَسْئَلُكَ اِيَّاكَ بِكَ اَنْ تُرِيَنَا وَجْهَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْ تَمْحُوَ عَنَّا وُجُوْدَ ذُنُوْبِنَا بِمُشَاهَدَةِ جَمَالِكَ وَتُغَيِّبَنَا عَنَّا فِىْ بِحَارِ اَنْوَارِكَ مَعْصُوْمِيْنَ مِنَ الشَّوَاغِلِ الدُّنْيَوِيَّةِ رَاغِبِيْنَ اِلَيْكَ غَائِبِيْنَ بِكَ يَا هُوَ يَا اَللّٰهُ يَا هُوَ يَااَللّٰهُ يَا هُوَ يَا اَللّٰهُ لَآاِلٰهَ غَيْرُكَ اِسْقِنَا مِنْ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ وَاغْمِسْنَا فِىْ بِحَارِ اَحَدِيَّتِكَ حَتّٰى نَرْتَعَ فِىْ بَحْبُوْحَةِ حَضْرَتِكَ وَتَقْطَعَ عَنَّا اَوْهَامَ خَلِيْقَتِكَ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ وَ نَوِّرْنَا بِنُوْرِ طَاعَتِكَ وَاهْدِنَا وَلَاتُضِلَّنَا وَبَصِّرْنَا بِعُيُوْبِنَا عَنْ عُيُوْبِ غَيْرِنَا بِحُرْمَةِ نَبِيِّنَا وَسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ مَصَابِيْحِ الْوُجُوْدِ وَاَهْلِ الشُّهُوْدِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ نَسْئَلُكَ اَنْ تُلْحِقَنَا بِهِمْ وَتَمْنَحَنَا حُبَّهُمْ يَا اَللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ★ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ☆ وَهَبْ لَنَا مَعْرِفَةً نَافِعَةً اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ نَسْئَلُكَ تَرْزُقَنَا رُؤْيَةَ وَجْهِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ مَنَامِنَا وَيَقْظَتِنَا وَاَنْ تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ عَلَيْهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى خَيْرِنَا وَكُنْ لَنَا اَللّٰهُمَّ

کمال کے معنوں کے لئے جامع حروف کو تیری طرف وسیلہ بناتے ہیں ہم تیری طرف تیرے ساتھ تجھ سے ہی مانگتے ہیں یہ کہ ہمارے نبی ﷺ کا چہرہ مبارک ہم کو دکھائے اور یہ کہ ہمارے پاس سے ہمارے گناہوں کی موجودگی کو تیرے جمال کے مشاہدہ کے ذریعہ مٹادے اور تیرے انوار کے سمندروں کو ہم پر ظاہر فرمادے دنیا کے مشاغل سے پاک فرمادے تیری جانب متوجہ فرمادے تیرے ہی ساتھ خود رفتہ بنادے۔ اے وہ ذات 'اے اللہ 'اے وہ ذات اے اللہ 'اے وہ ذات اے اللہ ! تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہم کو تیری محبت کی شراب پلادے اور ہمیں تیری احدیت کے سمندروں میں غرق فرمادے یہاں تک کہ تیری بارگاہ میں ہم گم ہو جائیں اور تیرے فضل اور تیری رحمت کے طفیل تیری مخلوق کے وہم ہم سے منقطع ہو جائیں اور تیری طاعت کے نور سے ہم کو منور فرمادے اور ہمیں راہ ہدایت دکھلادے اور ہم کو گمراہ نہ فرما اور ہمارے غیروں کے عیوب سے ہٹ کر ہمارے عیوب سے ہم کو آگاہ فرمادے ہمارے نبی اور ہمارے سردار محمد (ﷺ) کی حرمت کے طفیل اللہ آپ پر اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر درود و سلام بھیجے جو وجود کے چراغ ہیں اور صاحبانِ شہود ہیں اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ہم تجھ سے مانگتے ہیں کہ ہم کو ان کے ساتھ وابستہ فرمادے اور ہم کو ان کی محبت سرفراز کردے اور اے اللہ 'اے ہمیشہ زندہ رہنے والے 'ہمیشہ قائم رہنے والے 'اے بزرگی اور انعام والے 'ہمارے پروردگار ہم سے قبول فرما بے شک تو ہی سننے والا جاننے والا ہے اور ہماری توبہ قبول فرما بے شک تو ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا رحم والا ہے اور ہم کو نفع دینے والی معرفت سے مالا مال فرمادے بے شک تجھے ہر چیز پر قدرت حاصل ہے اے سارے جہانوں کے پروردگار اے وہ نہایت مہربان اے وہ رحم والے ہم تجھی سے مانگتے ہیں یہ کہ ہماری حالتِ خواب وبیداری میں ہمارے نبی ﷺ کے رخِ روشن کی زیارت عطا فرما اور یہ کہ تو آپ پر درود و سلام بھیج ایسا درود جس کو

اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ اَبَدًا وَّاَنْمٰى بَرَكَاتِكَ سَرْمَدًا وَّاَزْكٰى تَحِيَّاتِكَ فَضْلًا وَّعَدَدًا عَلٰى اَشْرَفِ الْخَلَائِقِ الْاِنْسَانِيَّةِ وَالْجَانِّيَّةِ وَمَجْمَعِ الدَّقَائِقِ الْاِيْمَانِيَّةِ وَطُوْرِ التَّجَلِّيَّاتِ الْاِحْسَانِيَّةِ وَمَهْبَطِ الْاَسْرَارِ الرَّحْمٰنِيَّةِ وَعَرُوْسِ الْمَمْلَكَةِ الرَّبَّانِيَّةِ وَاسِطَةِ عِقْدِ النَّبِيِّيْنَ وَمُقَدِّمَةِ جَيْشِ الْمُرْسَلِيْنَ وَقَائِدِ رَكْبِ الْاَوْلِيَاءِ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَاَفْضَلِ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِيْنَ حَامِلِ لِوَآءِ الْعِزِّ الْاَعْلٰى وَمَالِكِ اَزِمَّةِ الْمَجْدِ الْاَسْنٰى شَاهِدِ اَسْرَارِ الْاَزَلِ وَمُشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ الْاُوَلِ وَتَرْجُمَانِ لِسَانِ الْقِدَمِ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِكَمِ وَ مَظْهَرِ سِرِّ الْوُجُوْدِ الْجُزْئِيِّ وَالْكُلِّيِّ وَاِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ الْعُلْوِيِّ وَالسُّفْلِيِّ رُوْحِ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ وَعَيْنِ حَيٰوةِ الدَّارَيْنِ الْمُتَحَقِّقِ بِاَعْلٰى رُتَبِ الْعُبُوْدِيَّةِ وَالْمُتَخَلِّقِ بِاَخْلَاقِ الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَآئِيَّةِ الْخَلِيْلِ الْاَعْظَمِ وَالْحَبِيْبِ الْاَكْرَمِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ وَذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا دَائِمًا كَثِيْرًا ☆ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِنُوْرِهِ السَّارِيْ فِى الْوُجُوْدِ اَنْ تُحْيِيَ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ حَيَاةِ قَلْبِهٖ

قیامت کے دن تک دوام حاصل ہو اور یہ کہ تو ہماری بھلائی پر درود بھیج اور تو ہمارا ہو جا۔
اے اللہ! تیرے افضل درود کو ابدی بنادے اور تیری برکتوں کو سرمدی بنادے اور
تیرے تحیات کو فضل والا بنادے بے شمار درود آپ پر جو انسانوں اور جنوں میں اشرف
ہیں اور جو ایمانی باریکیوں کے جامع ہیں اور جو احسانی تجلیات کا طور (مرکز) ہیں اور جو
اسرار رحمانی کا محور ہیں اور ربانی مملکت کے نوشہ ہیں جو نبیوں کے گلے کے ہار کا واسطہ
ہیں اور رسولوں کی فوج کے پیشوا ہیں اور ولیوں اور صدیقوں کے قافلہ کے سالار ہیں اور
جو جملہ مخلوقات میں افضل ہیں اور جو عزت کا بلند پرچم تھامے ہوئے ہیں اور جو عالی شان
باگ ڈوروں کے مالک ہیں جو ازلی رازوں کے گواہ ہیں اور جو پچھلے انوار کا سب سے پہلے
مشاہدہ کرنے والے ہیں اور جو قدیم ترین زبان کی ترجمانی کرنے والے ہیں اور جو علم و
حکم اور حکمتوں کا سرچشمہ ہیں جو جزوی و کلی وجود کے راز کا مظہر ہیں اور علوی و سفلی کے
عین وجود والے انسان ہیں اور جو کونین کے جسم کی روح ہیں اور دارین کی زندگی کی آنکھ
ہیں، جو عبودیت کے مدارج کی بلندی کی تحقیق کرنے والے ہیں اور پسندیدہ اخلاقی
بلندیوں سے متصف ہیں۔ جو خلیل اعظم ہیں اور جو طبیبِ اکرم ہیں یعنی ہمارے سردار
اور ہمارے آقا اور ہمارے حبیب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بن عبد اللہ بن عبد المطلب۔ اللہ دائمی
کثرت سے درود اور خوب سلام بھیجے آپ پر اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر تیرے
علوم کی تعداد کے برابر اور تیرے کلمات کی سیاہی کی مقدار کے برابر اور ان تمام ذکر
کرنے والوں کی تعداد کے برابر جنھوں نے تیرا ذکر کیا اور آپ کا ذکر کیا اور تمام ذکر سے
غافل رہنے والوں کی تعداد کے برابر جو تیرے ذکر سے غافل ہیں اور آپ کے ذکر سے
غافل ہیں۔ اے اللہ! بیشک ہم تجھ ہی سے مانگتے ہیں آپ کے تمام نور کے ذریعہ جو
موجود ہے یہ کہ ہمارے دلوں کو ان کے وسیع قلب کی زندگی کے نور سے زندگی بخشدے

اَلْوَاسِعِ لِكُلِّ شَيْءٍ رَحْمَةً وَّعِلْمًا وَّهُدًى وَّ بُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ وَتَشْرَحَ صُدُوْرَنَا بِنُوْرِ صَدْرِهِ الْجَامِعِ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ وَضِيَاءً وَّذِكْرٰى لِلْمُتَّقِيْنَ وَتُطَهِّرَ نُفُوْسَنَا بِطَهَارَةِ نَفْسِهِ الزَّكِيَّةِ الْمَرْضِيَّةِ وَتُعَلِّمَنَا بِاَنْوَارِ عُلُوْمِ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِىْ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ وَتُسْرِىَ سَرَآئِرَهٗ فِيْنَا بِلَوَامِعِ اَنْوَارِكَ حَتّٰى تُفْنِيَنَا عَنَّا فِىْ حَقِّ حَقِيْقَتِهٖ فَيَكُوْنَ هُوَ الْحَىَّ الْقُيُّوْمُ فِيْنَا بِقَيُّوْمِيَّتِكَ السَّرْ مَدِيَّةِ فَنَعِيْشُ بِرُوْحِهٖ عَيْشَ الْحَيَاةِ الْاَبَدِيَّةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا اٰمِيْنَ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ عَلَيْنَا يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا رَحْمٰنُ وَبِتَجَلِّيَّاتِ مَنَازِلَاتِكَ فِىْ مِرْاٰةِ شُهُوْدِهٖ لِمَنَازِلَاتِ تَجَلِّيَّاتِكَ فَنَكُوْنَ فِى الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ فِىْ وِلَايَةِ الْاَقْرَبِيْنَ ☆

ہر چیز کے لئے رحمت اور علم اور ہدایت اور مسلمانوں کے لئے خوشخبری دے اور ہمارے سینوں کو کھول دے ان کے جامع سینے کے نور سے کہ ہم نے کتاب میں کسی چیز کو نہ چھوڑا جو متقیوں کیلیے روشنی اور یادگار ہے اور آپ کے پاکیزہ پسندیدہ نفس کی پاکی کے طفیل ہمارے نفوس کو پاکیزہ بنادے اور ہم کو علوم کے انوار سے علم عطا فرما اور ہم نے ایک بتانے والی کتاب میں ہر چیز گن رکھی ہے اور ہم کو ان ہی کے خیالات میں تیرے انوار کی شعاعوں کے ساتھ محور کھے یہاں تک کہ ہم حقیقت کے حق میں فنا ہو جائیں پس ویسا ہی ہو جائے اور وہی ہمیشہ زندہ اور ہمیشہ قائم رہنے والا ہے ہمارے میں اپنی سرمدی صفتِ قیومی کے ساتھ پس ہم آپ کی روح کے طفیل ابدی زندگی بسر کرتے ہیں اللہ آپ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر خوب کثرت سے درودو سلام بھیجے ایسا ہی ہو تیرے فضل ورحمت کے ساتھ ہم پر اے حنان اے منان اے رحمٰن اور اس کے شہود کے آئینہ میں تیری ہونے والی تجلیات کے ساتھ تیرے منازلات کی تجلیات اور تیری تجلیات کی منزلات پس ہم ہدایت یافتہ خلفاء زیادہ قریب رہنے والوں کی ولایت میں ہو جائیں۔

اَلْحِزْبُ الرَّابِعُ فِیْ یَوْمِ الْاَرْبَعَاءِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ جَمَالِ لُطْفِكَ وَ حَنَانِ عَطْفِكَ وَجَمَالِ مُلْكِكَ وَكَمَالِ قُدْسِكَ النُّوْرِ الْمُطْلَقِ بِسِرِّ الْمَعِیَّةِ الَّتِیْ لَا تَتَقَیَّدُ الْبَاطِنِ مَعْنًی فِیْ غَیْبِكَ وَالظَّاهِرِ حَقًّا فِیْ شَهَادَتِكَ شَمْسِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِیَّةِ وَمَجْلٰی حَضْرَةِ الْحَضَرَاتِ الرَّحْمَانِیَّةِ مَنَازِلِ الْكُتُبِ الْقِیَامَةِ وَنُوْرِ الْاٰیَاتِ الْبَیِّنَةِ الَّذِیْ خَلَقْتَهٗ مِنْ نُوْرِ ذَاتِكَ وَحَقَّقْتَهٗ بِاَسْمَائِكَ وَصِفَاتِكَ وَخَلَقْتَ مِنْ نُوْرِهِ الْاَنْبِیَائِكَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَتَعَرَّفْتَ اِلَیْهِمْ بِاَخْذِ الْمِیْثَاقِ عَلَیْهِمْ بِقَوْلِكَ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ ☆ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیِّیْنَ لَمَاۤ اٰتَیْتُكُمْ مِّنْ كِتَابٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاۤءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ قَالَ ءَ اَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰی ذٰلِكُمْ اِصْرِیْ قَالُوْۤا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِنَ الشَّاهِدِیْنَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی بَهْجَةِ الْكَمَالِ وَتَاجِ الْجَلَالِ وَبَهَاءِ الْجَمَالِ وَشَمْسِ الْوِصَالِ وَعَبَقِ الْوُجُوْدِ وَحَیَاةِ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عِزِّ جَلَالِ سَلْطَنَتِكَ وَجَلَالِ عِزِّ مَمْلَكَتِكَ وَمَلِیْكِ صُنْعِ قُدْرَتِكَ وَ طِرَازِ صَفْوَةِ الصَّفْوَةِ مِنْ اَهْلِ

چوتھی منزل برائے چہار شنبہ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اے اللہ !درود و سلام بھیج ہمارے سردار اور ہمارے نبی محمد (ﷺ) پر جو تیرے لطف کا جمال ہیں اور تیری مہربانی کی توجہ اور تیرے ملک کا جمال ہیں اور تیرے قدس کا کمال ہیں جو معیت کے راز کے ساتھ نور مطلق ہیں کہ تیرے غیب میں معناً باطن کی اور تیری حضوری میں حقاً ظاہر کی کوئی حد نہیں، جو ربانی اسرار کے آفتاب ہیں۔اور بارگاہِ رحمانی میں حاضری کی تجلیات سے روشن ہیں اور قائم کتابیں جن پر نازل ہوئیں اور روشن آیات کا نور ہیں جس کو تو نے اپنی ذات کے نور سے پیدا فرمایا اور تیرے اسماء اور تیرے صفات آپ کی حقیقت ظاہر کی اور آپ کے نور سے تو نے اپنے نبیوں اور رسولوں کو پیدا فرمایا اور ان سب کو آپ کے بارے میں عہد لینے سے متعلق واقف فرمایا جیسا کہ تیرا ہی سچا روشن ارشاد ہے ''اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جب میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور ضرور اس کی مدد کرنا فرمایا کیوں تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا فرمایا تو ایک ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں خود تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔'' اے اللہ! درود و سلام بھیج ان پر جو کمال کی خوشی ہیں اور جلال کے تاج ہیں اور جمال کی دولت ہیں اور وصال کے آفتاب ہیں اور وجود کی خوشبو ہیں اور جملہ موجودات کی جان ہیں تیری سلطنت کے جلال کی عزت ہیں اور تیری مملکت کی عزت کا جلال ہیں اور تیری قدرت کی مصنوعات کے مالک ہیں اور تیری صفوت والوں میں

صَفْوَتِكَ وَخُلَاصَةِ الْخَاصَّةِ مِنْ اَهْلِ قُرْبِكَ سِرِّ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ
وَحَبِيْبِ اللّٰهِ الْاَكْرَمِ وَخَلِيْلِ اللّٰهِ الْمُكَرَّمِ وَسَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ☆ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِهٖ اِلَيْكَ
وَنَتَشَفَّعُ بِهٖ لَدَيْكَ صَاحِبِ الشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى وَالْوَسِيْلَةِ
الْعُظْمٰى وَالذَّرِيْعَةِ الْغَرِّ وَالْمَكَانَةِ الْعُلْيَا وَالْمَنْزِلَةِ الزُّلْفٰى
وَقَابِ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى اَنْ تُحَقِّقَنَا بِهٖ ذَاتًا وَّصِفَاتًا وَّاَسْمَاءً
وَّاَفْعَالاً وَّاٰثَارًا حَتّٰى لَا نَرٰى وَلَا نَسْمَعَ وَلَا نَحِسَّ وَلَا نَجِدَ
اِلَّا اِيَّاكَ اِلٰهِىْ وَسَيِّدِىْ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ اَنْ تَجْعَلَ هُوِيَّتَنَا
عَيْنَ هُوِيَّتِهٖ فِى اَوَآئِلِهٖ وَنِهَايَتِهٖ بِوُدِّ خُلَّتِهٖ وَصَفَاءِ مَحَبَّتِهٖ
وَفَوَاتِحِ اَنْوَارِ بَصِيْرَتِهٖ وَجَوَامِعِ اَسْرَارِ سَرِيْرَتِهٖ وَرَحِيْمِ
رَحْمَائِهٖ وَنَعِيْمِ نَعْمَائِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ بِجَاهِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْفِرَةَ وَالرِّضَا وَالْقَبُوْلَ قَبُوْلاً تَامًّا
لَا تَكِلْنَا فِيْهِ اِلٰى اَنْفُسِنَا طَرْفَةَ عَيْنٍ يَا نِعْمَ الْمُجِيْبُ فَقَدْ
دَخَلَ الدَّخِيْلُ يَا مَوْلَاىَ بِجَاهِ نَبِيِّكَ (سَيِّدِنَا) مُحَمَّدٍ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ غُفْرَانَ ذُنُوْبِ الْخَلْقِ بِاَجْمَعِهِمْ وَّاَوَّلِهِمْ
وَاٰخِرِهِمْ وَبَرِّهِمْ وَفَاجِرِهِمْ كَقَطْرَةٍ فِىْ بَحْرِ جُوْدِكَ الْوَاسِعِ
الشُّهَدَآءِ وعَيْشَ السُّعَدَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَآءِ وَنَحْنُ عِبَادُكَ الضُّعَفَاءُ وَلَانَعْبُدُ سِوَاكَ وَلَا نَطْلُبُ اِذَا مَسَّنَا الضُّرُّ اِلَّا اِيَّاكَ فَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا وَاَجِبْ دَعْوَاتِنَا وَاقْضِ حَاجَاتِنَا وَاغْفِرْ ذُنُوْبَنَا وَاسْتُرْ عُيُوْبَنَا يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ يَا حَلِيْمُ وَارْحَمْنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ وَّنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا عُبَيْدُكَ وَجُنْدٌ مِّنْ جُنُوْدِكَ مُتَعَلِّقُوْنَ بِجَنَابِ نَبِيِّكَ وَ مُتَشَفِّعُوْنَ اِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ وَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَاِمَامِ الْمُرْسَلِيْنَ وَارْضَ عَنْ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ٥ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ٥ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ٥ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ☆

نیک بختوں کی زندگی، دشمنوں پر فتح اور انبیاءِ کرام کی رفاقت مانگتے ہیں اور ہم تیرے کمزور بندے ہیں، تیرے سوا ہم کسی کی عبادت نہیں کرتے اور جب ہم تکلیف سے دوچار ہوتے ہیں تو تیرے سوا کسی سے نہیں مانگتے، ہماری وحشتوں کو امن سے بدل دے ہماری دعائیں قبول فرما ہماری حاجتیں پوری فرما ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہمارے عیبوں کو ڈھانپ دے اے رحم والے اے کرم والے اے حلم والے۔ اور ہم پر رحم فرما بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے اور قبول کرنے کے لائق ہے۔ بہتر دوست و بہتر مددگار ہے اے بلند مرتبہ، اے عظمت والے، اے علم والے، اے حکمت والے اے رتبہ والے، ہم تیرے عاجز بندے ہیں اور تیرے ان لشکروں میں سے ایک لشکر ہیں جو تیرے نبی (ﷺ) کی بارگاہ سے وابستہ ہیں تیرے حبیب کے وسیلہ سے تجھ سے شفاعت چاہتے ہیں اے سارے جہانوں کے پروردگار اور اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔ اور ہمارے سردار اور ہمارے نبی محمد (ﷺ) پر اللہ کا درود ہو جو نبیوں کے خاتم اور رسولوں کے امام ہیں اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب سے راضی ہو۔

میرا پروردگار عزت والا پروردگار ان چیزوں سے پاک ہے جو لوگ بیان کرتے ہیں اور رسولوں پر سلام ہو اور تمام تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

اَلْحِزْبُ السَّادِسُ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ٥

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ اَبَداً وَاَنْمٰی بَرَكَاتِكَ سَرْمَدًا وَاَزْكٰی تَحِیَّاتِكَ فَضْلًا وَمَدَدًا وَاَسْنٰی سَلَامِكَ اَبَدًا مُجَدَّدًا عَلٰی اَشْرَفِ الْحَقَائِقِ الْاِنْسَانِیَّةِ وَمَعْدِنِ الدَّقَائِقِ الْاِیْمَانِیَّةِ وَطُوْرِ التَّجَلِّیَاتِ الْاِحْسَانِیَّةِ وَطِرَازِ الْحُلَّةِ الْعِرْفَانِیَّةِ وَنَاصِرِ الْمِلَّةِ الْاِسْلَامِیَّةِ وَنَبِیِّ الرَّحْمَةِ الذَّاتِیَّةِ وَعَیْنِ الْعِنَایَةِ الرَّبَّانِیَّةِ وَكَنْزِ الْهِدَایَةِ الْاِلٰهِیَّةِ وَمَهْبَطِ الْاَسْرَارِ الرَّحْمَانِیَّةِ وَعَرُوْسِ الْحَضْرَةِ الْقُدْسِیَّةِ وَاَمِیْنِ الْمَمْلَكَةِ الْبَشَرِیَّةِ وَاِمَامِ الرُّسُلِ وَالْمَلَائِكَةِ وَوَاسِطَةِ عِقْدِ النَّبِیِّیْنَ وَمُقَدَّمِ جَیْشِ الْمُرْسَلِیْنَ وَقَآئِدِ رَكْبِ الْاَنْبِیَاءِ الْمُكَرَّمِیْنَ وَالْاَوْلِیَاءِ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَاَفْضَلِ الْخَلَائِقِ اَجْمَعِیْنَ۔ حَامِلِ لِوَآءِ الْعِزِّ الْاَعْلٰی وَمَالِكِ اَزِمَّةِ الشَّرَفِ الْاَسْنٰی شَاهِدِ اَسْرَارِ الْاَزَلِ وَمُشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ الْاُوَلِ۔ وَتَرْجُمَانِ لِسَانِ الْقِدَمِ ☆ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِكَمِ وَمَظْهَرِ سِرِّ الْاَسْرَارِ

چھٹی منزل برائے جمعہ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اے اللہ ! تیرے افضل درود کو ابدی بنادے اور تیری اعلیٰ ترین برکتوں کو سرمدی بنادے اور تیری پاکیزہ ترین تحیات کو فضل اور مدد سے بھر دے اور تیرے سلام کو ہمیشہ کیلئے روشن کر دے ان پر جو انسانی حقیقتوں میں اشرف اور ایمانی باریکیوں کے معدن اور انسانی تجلیات کے طور اور عرفانی حلہ کے پیکر اور اسلامی ملت کے مددگار اور ذاتی رحمت والے نبی اور ربانی عنایت کے سرچشمہ اور الٰہی ہدایت کے خزانہ اور رحمانی اسرار کے مرکز اور قدسی بارگاہ کے نوشاہ اور بشری مملکت کے امین اور رسولوں اور فرشتوں کے امام اور نبیوں کے سلسلہ کا واسطہ اور رسولوں کے لشکر کے سپہ سالار اور انبیاء کرام اور ولیوں اور صدیقوں کے قافلہ سالار اور ساری مخلوقات میں افضل، عالیشان پرچم تھامنے والے اور روشن شرف کی مہاروں کے مالک، ازلی اسرار کے گواہ اور وہ جن کے اگلے اولین انوار کی گواہی دی گئی اور قدامت کی زبان کے ترجمان اور علم اور حلم اور حکمتوں کے منبع، جزئی و کلی وجود کے راز کے مظہر

الْجُوْدِ الْجُزْئِيِّ وَالْكُلِّيِّ وَاِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ الْعُلْوِيِّ وَالسُّفْلِيِّ رُوْحِ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ۔ وَعَيْنِ حَيٰوةِ الدَّارَيْنِ الْمُتَخَلِّقِ بِاَعْلٰى رُتَبِ الْعُبُوْدِيَّةِ الْمُتَحَقِّقِ بِاَسْرَارِ الرُّبُوْبِيَّةِ صَاحِبِ الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ وَالْكَرَامَاتِ الْاِرْتِضَائِيَّةِ سَيِّدِ الْاَشْرَافِ وَ جَامِعِ الْاَوْصَافِ الْخَلِيْلِ الْاَعْظَمِ وَالْحَبِيْبِ الْاَكْرَمِ الْمَخْصُوْصِ بِاَعْلَى الْمَرَاتِبِ وَالْمَقَامَاتِ الْمُؤَيَّدِ بِاَوْضَحِ الْبُرَاهِيْنِ وَالدِّلَالَاتِ الْمَنْصُوْبِ بِالرُّعْبِ وَالْمُعْجِزَاتِ الْجَوْهَرِ الشَّرِيْفِ الْاَبَدِيِّ وَالنُّوْرِ الْقَدِيْمِ السَّرْمَدِيِّ سَيِّدِنَا وَ نَبِيِّنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ نِ الْمَحْمُوْدِ فِى الْاِيْجَادِ وَالْوُجُوْدِ۔ الْفَاتِحِ لِكُلِّ شَاهِدٍ وَمَشْهُوْدٍ ☆ حَضْرَةِ الْمُشَاهَدَةِ وَالشُّهُوْدِ۔ نُوْرِ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدَاهُ سِرِّ كُلِّ سِرٍّ وَ سَنَاهُ الَّذِيْ شُقِّقَتْ لَهُ الْاَسْرَارُ وَانْفَلَقَتْ مِنْهُ الْاَنْوَارُ السِّرُّ الْبَاطِنُ وَ النُّوْرُ الظَّاهِرُ السَّيِّدُ الْكَامِلُ الْفَاتِحُ الْخَاتِمُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الْبَاطِنُ الظَّاهِرُ الْعَاقِبُ الْحَاشِرُ النَّاهِى الْاٰمِرُ النَّاصِحُ النَّاصِرُ الصَّابِرُ الشَّاكِرُ الْقَانِتُ الذَّاكِرُ الْمَاحِى الْمَاجِدُ الْعَزِيْزُ الْحَامِدُ الْمُؤْمِنُ الْعَابِدُ الْمُتَوَكِّلُ الزَّاهِدُ الْقَآئِمُ الْقَاعِدُ الرَّاكِعُ السَّاجِدُ التَّابِعُ الشَّهِيْدُ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ الْبُرْهَانُ

اور علوی و سفلی وجود کی آنکھ والے انسان' کونین کے جسم کی جان اور دارین کی زندگی کی آنکھ ' عبودیت کے اعلی رتبوں کے ساتھ پیدا اور اسرارِ ربوبیت سے آشنا منتخبہ مقامات اور پسندیدہ کرامات کے حامل' شریفوں کے سردار اور بہترین اوصاف کے حامل، خلیلِ اعظم اور حبیبِ اکرم' ایسے اعلی مرتبوں اور مقامات سے ممتاز کیے ہوئے جنہیں رعب اور معجزوں کے ساتھ واضح حجتوں اور مضبوط دلیلوں کی تائید حاصل ہے۔ ابدی شریف جوہر اور سرمدی قدیم نور' ہمارے سردار اور ہمارے نبی محمد (ﷺ) جوہر شاہد اور مشہود کیلئے فاتح وجود اور ایجاد میں محمود ہیں' جوہر چیز کے نور کا مشاہدہ اور شہود کی بارگاہ اور اس کی ہدایت ہیں' ہر بھید کا راز اور اس کی ضیاء ہیں جس کی بدولت تو نے اسرار کھول دئے اور جس سے انوار ظاہر ہوئے' باطن کا راز اور ظاہر کا نور' سردار' کامل' فاتح' خاتم' اول' آخر' باطن اور ظاہر ہیں' سب کے پیچھے آنے والے جمع کرنے والے منع کرنے والے' حکم کرنے والے' نصیحت کرنے والے' صبر کرنے والے' شکر کرنے والے' فرمانبردار' ذکر کرنے والے' کفر مٹانے والے' بزرگ' عزت والے' تعریف کرنے والے' امان دینے والے' عبادت کرنے والے' اللہ پر بھروسہ کرنے والے' زہد والے' استقامت والے' قعدہ کرنے والے' رکوع کرنے والے' سجدہ کرنے والے' اللہ کے مطیع گواہ' مددگار' قابل تعریف' دلیل

الْحُجَّةُ الْمُطَاعُ الْمُخْتَارُ الْخَاضِعُ الْخَاشِعُ الْبَرُّ الْمُسْتَنْصِرُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ طٰهٰ يٰسٓ الْمُزَّمِّلُ الْمُدَّثِّرُ سَيِّدُ الْمُرْسَلِيْنَ اِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَحَبِيْبُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ النَّبِيُّ الْمُصْطَفٰى وَالرَّسُوْلُ الْمُجْتَبٰى الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ الْعَزِيْزُ الرَّءُوْفُ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِيُّ الْكَرِيْمُ نُوْرُكَ الْقَدِيْمُ وَصِرَاطُكَ الْمُسْتَقِيْمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (سَيِّدُنَا) مُحَمَّدٌ عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ وَصَفِيُّكَ وَخَلِيْلُكَ وَ دَلِيْلُكَ وَحَبِيْبُكَ وَوَلِيُّكَ وَنَبِيُّكَ وَاَمِيْنُكَ وَنَجِيُّكَ وَنُخْبَتُكَ وَذَخِيْرَتُكَ وَخِيَرَتُكَ وَاِمَامُ الْخَيْرِ وَقَائِدُ الْخَيْرِ وَرَسُوْلُ الرَّحْمَةِ النَّبِيُّ الْاُمِّيُّ الْعَرَبِيُّ الْقُرَشِيُّ الْهَاشِمِيُّ الْاَبْطَحِيُّ الْمَكِّيُّ الْمَدَنِيُّ التِّهَامِيُّ الشَّاهِدُ الْمَشْهُوْدُ الْوَلِيُّ الْمُقَرَّبُ السَّعِيْدُ الْمَسْعُوْدُ الْحَبِيْبُ الشَّفِيْعُ الْحَسِيْبُ الرَّفِيْعُ الْمَلِيْحُ الْبَدِيْعُ الْوَاعِظُ الْبَشِيْرُ النَّذِيْرُ الْعَطُوْفُ الْحَلِيْمُ الْجَوَادُ الْكَرِيْمُ الطَّيِّبُ الْمُبَارَكُ الْمَكِيْنُ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ الْاَمِيْنُ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجُ الْمُنِيْرُ الَّذِيْ اَدْرَكَ الْحَقَائِقَ بِحُجَّتِهَا وَفَازَ الْخَلَائِقَ بِرُمَّتِهَا وَجَعَلْتَهٗ حَبِيْبًا وَّنَاجَيْتَهٗ قَرِيْبًا وَّاَدْنَيْتَهٗ رَقِيْبًا وَخَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَالدِّلَالَةَ

حجت پیشوا' اختیار والے' عجز پسند' ڈرنے والے' نیک' نصرت چاہنے والے' سچے روشن' طٰہٰ اور یٰسین' جھرمٹ مارنے والے' چادر اوڑھنے والے' رسولوں کے سردار' متقیوں کے امام اور نبیوں میں سب سے آخر سارے جہانوں کے رب کے حبیب' چنے ہوئے نبی اور برگزیدہ رسول انصاف والے' عدل والے' لطف والے' سب سے باخبر' حکمت والے' علم والے' غالب' بے حد مہربان' رحم والے' بخشنے والے' شکر کی قدر کرنے والے بلند مرتبہ والے' کرم والے' تیرے قدیم نور' تیرے صراط مستقیم ہیں' اللہ آپ پر درود و سلام بھیجے (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے بندے اور تیرے رسول اور تیرے صفی اور تیرے خلیل اور تیری دلیل' اور تیرے حبیب' اور تیرے دوست' اور تیرے نبی' اور تیرے امین اور تیرے نجی اور تیرا انتخاب اور تیرا سرمایہ اور تیری بہتری ہیں' اور بھلائی کے امام ہیں اور بھلائی کے قائد اور رسولِ رحمت' نبیِ امی' عربی قریشی' ہاشمی' بطحا والے' مکی' مدنی' تہامہ والے' گواہ' وہ جن کی گواہی دی گئی' ولی' مقرب' سعید' مسعود' حبیب' شفیع' شمار کرنے والے' رفعت والے' ملاحت والے' ندرت والے وعظ فرمانے والے' خوشخبری دینے والے' ڈرانے والے' مہربان' حلم والے' سخی' کرم والے' پاک' برکت والے' مکان والے' صادق وہ جن کی تصدیق کی گئی' امانت والے تیرے حکم سے تیری جانب دعوت دینے والے' روشن چراغ جو حقیقتوں سے ان کی حجتوں کے ساتھ آشنا ہیں اور مخلوقات میں بالکلیہ کامیاب ہیں اور جنھیں تونے حبیب بنایا اور جن سے تونے قریب کرکے سرگوشی کی اور جنھیں تونے نگہبان بناکر نزدیک بلایا اور جن پر تونے رسالت اور دلالت

وَالْبِشَارَةَ وَالنَّذَارَةَ وَ النُّبُوَّةَ وَنَصَرْتَهُ بِالرُّعْبِ وَظَلَّلْتَهُ بِالسُّحُبِ وَرَدَدْتَ لَهُ الشَّمْسَ وَ شَقَقْتَ لَهُ الْقَمَرَ وَانْطَقْتَ لَهُ الضَّبَّ وَالظَّبْىَ وَالذِّئْبَ وَالْجِذْعَ وَالذِّرَاعَ وَالْجَمَلَ وَالْجَبَلَ وَالْمَدَرَ وَالشَّجَرَ وَانْبَعْتَ مِنْ اَصَابِعِهِ الْمَآءَ الزُّلَالَ وَاَنْزَلْتَ مِنَ الْمُزْنِ بِدَعْوَتِهِ فِىْ عَامِ الْجَدْبِ وَالْمَحْلِ وَابِلَ الْغَيْثِ وَالْمَطَرَ فَاَعْشَوْشَبَتْ مِنْهُ الْقَفْرُ وَالصَّخْرُ وَالْوَعْرُ وَالسَّهْلُ وَالرَّمْلُ وَالْحَجَرُ وَالْمَدَرُ وَاَسْرَيْتَ بِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى اِلَى السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى اِلَى السِّدْرَةِ الْمُنْتَهٰى اِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى وَاَرَيْتَهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى وَاَنَلْتَهُ الْغَايَةَ الْقُصْوٰى وَاَكْرَمْتَهُ بِالْمُخَاطَبَةِ وَالْمُرَاقَبَةِ وَالْمُشَافَهَةِ وَالْمُشَاهَدَةِ وَالْمُعَايَنَةِ بِالْبَصَرِ وَخَصَّصْتَهُ بِالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى وَالشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ فِى الْمَحْشَرِ وَجَمَعْتَ لَهُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَجَوَاهِرَ الْحِكَمِ وَجَعَلْتَ اُمَّتَهُ خَيْرَ الْاُمَمِ وَ غَفَرْتَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ الَّذِىْ بَلَّغَ الرِّسَالَةَ وَاَدَّى الْاَمَانَةَ وَنَصَحَ الْاُمَّةَ وَكَشَفَ الْغُمَّةَ وَجَلَى الظُّلْمَةَ وَجَاهَدَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَبَدَ رَبَّهُ حَتّٰى اَتَاهُ الْيَقِيْنُ ☆ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهُ فِيْهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ

اور بشارت اور خوف دلانے کو اور نبوت و نصرت کو رعب کے ساتھ پورا فرمادیا اور جن
پر تو نے بادل کو سایہ افگن کر دیا اور جن کے لئے تو نے سورج کو پلٹادیا اور جن کے لئے تو
نے چاند کے ٹکڑے کر دئے اور جن کیلئے تو نے اونٹ اور ہرن اور بھیڑیا اور درخت اور
بچھڑے اور اونٹ اور پہاڑ اور سنگریزے اور جھاڑ کو زبان دی اور جن کی انگلیوں سے تو
نے شفاف و شیرین پانی کا چشمہ جاری فرمایا اور جنکی دعاء پر تو نے امساک باراں اور قحط
کے سال میں بادل سے موسلادھار بارش اور برسات نازل فرمائی تو اس کے سبب بنجر اور
کہسار اور غیر ہموار اور ہموار اور ریتیلے اور پہاڑی اور دلدلی علاقے ہرے بھرے ہو گئے
اور جنھیں تو نے راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک پھر بلند آسمانوں تک سیر کرائی
پھر سدرہ المنتہیٰ تک پھر قاب قوسین یا اس سے بھی آگے اور جنھیں تو نے بڑی نشانی
دکھلائی اور جنھیں تو نے بے پناہ مقصد میں بامراد فرمایا اور جنھیں تو نے آنکھوں کے روبرو
خطاب اور مراقبہ اور حضوری اور مشاہدہ اور معائنہ سے نوازا، اور جنہیں تو نے محشر میں
بروز قیامت وسیلۂ عظمیٰ اور شفاعتِ کبریٰ سے ممتاز فرمایا اور جن کیلئے تو نے کلاموں کی
جامعیتوں اور حکمتوں کے جواہر کو یکجا فرمادیا اور تو نے جن کی امت کو سب امتوں میں بہتر
بنایا اور جن کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہوں کو تو نے معاف فرمادیا جنہوں نے رسالت
پہنچائی اور امانت کا حق ادا کر دیا اور امت کو نصیحت کی اور بادل کو چھانٹ دیا اور تاریکی کو
روشن کر دیا اور اللہ کی راہ میں مجاہدہ کیا اور اپنے رب کی عبادت کی یہاں تک کہ اسکا یقین
ہو گیا۔ اے اللہ! آپ کو مقامِ محمود عطا فرما جس کیلئے اگلوں اور پچھلوں نے آرزو کی تھی۔

اَللّٰهُمَّ عَظِّمْهُ فِی الدُّنْیَا بِاِعْلَآءِ ذِکْرِهٖ وَاِظْهَارِ دِیْنِهٖ وَاِبْقَآءِ شَرِیْعَتِهٖ وَفِی الْاٰخِرَةِ بِشَفَاعَتِهٖ فِیْ اُمَّتِهٖ وَاَجْزِلْ اَجْرَهٗ وَمَثُوْبَتَهٗ وَاَبِدْ فَضْلَهٗ عَلَی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ بِالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَ تَقْدِیْمَهٗ عَلٰی کَافَّةِ الْمُقَرَّبِیْنَ بِالشُّهُوْدِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ الْکُبْرٰی وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْیَا وَاَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی کَمَا اَعْطَیْتَ (سَیِّدَنَا)اِبْرَاهِیْمَ وَ (سَیِّدَنَا)مُوْسٰی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مِنْ اَکْرَمِ عِبَادِکَ عَلَیْكَ شَرَفًا وَکَرَامَةً وَ مِنْ اَرْفَعِهِمْ عِنْدَکَ دَرَجَةً وَمِنْ اَعْظَمِهِمْ عِنْدَكَ خَطَرًا وَ مِنْ اَمْکَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ بُرْهَانَهٗ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَبْلِغْهُ مَأْمُوْلَهٗ فِیْ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَتْبِعْهُ مِنْ ذُرِّیَّتِهٖ وَ اُمَّتِهٖ مَا تُقِرُّبِهٖ عَیْنُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا خَیْرَمَا جَزَیْتَ بِهٖ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاَجْزِ الْاَنْبِیَآءَ کُلَّهُمْ خَیْرًا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا شَاهَدَتْهُ الْاَبْصَارُ وَسَمِعَتْهُ الْاٰذَانُ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ عَدَدَ مَنْ لَمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ کَمَآ اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُصَلّٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ

اے اللہ! دنیا میں آپ کے ذکر کی بلندی اور آپ کے دین کے اظہار اور آپ کی شریعت کی بقا کے ذریعہ اور آخرت میں آپ کی امت کے لئے شفاعت کے ذریعہ آپ کو عظمت عطا فرما اور آپ کے اجر اور ثواب کو خوب بڑھا دے اور آپ کے فضل کو اگلوں اور پچھلوں پر ابدی بنا دے اور مشہود کے جملہ مقربین پر آپ کو قدامت عطا فرما اے اللہ ! شفاعتِ کبریٰ کو قبول فرما اور آپ کے اعلیٰ درجہ کو بلند فرما اور آپ پہلے اور بعد جو بھی مانگیں وہ آپ کو عطا فرما جس طرح تو نے (سیدنا) ابراھیم علیہ السلام اور (سیدنا) موسیٰ (علیہ السلام) کو عطا فرمایا تھا۔ اے اللہ آپ کو تیرے بندوں میں بلحاظ شرف وکرامت بزرگ ترین اور بلحاظ درجہ تیرے پاس ان میں بلند ترین اور بلحاظ مرتبہ ان میں عظیم ترین اور شفاعت میں ان میں ممکن ترین بنا دے اے اللہ آپ کی دلیل کو عظمت دے اور آپ کی حجت کو روشن فرما اور آپ کے اہل بیت اور آپ کی اولاد میں آپ کی توقعات کو پوری فرما۔ اے اللہ آپ کی اولاد اور آپ کی امت کو آپ کا فرمانبردار بنا جس سے آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور تو نے ایک نبی کو اس کی امت کی طرف سے جو جزا دی ہے اس سے بہتر جزا آپ کو ہماری طرف سے عطا فرما اور سب نبیوں کو جزائے خیر دے۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ان کی تعداد کے برابر درود وسلام بھیج جنھوں نے آپ کا آنکھوں سے مشاہدہ کیا اور کانوں سے سنا اور آپ پر ان کی تعداد کے برابر درود وسلام بھیج جنھوں نے آپ پر درود پڑھا اور آپ پر ان کی تعداد کے برابر درود وسلام بھیج جنھوں نے آپ پر درود نہیں پڑھا۔ اور آپ پر ایسا ہی درود و سلام بھیج جیسا کہ آپ پر درود بھیجنا تجھے محبوب و پسندیدہ ہے اور آپ پر ایسا ہی درود وسلام بھیج جیسا کہ آپ پر درود بھیجنے کا ہم کو تو نے حکم دیا ہے۔ اور آپ پر ایسا ہی درود وسلام بھیج جیسا کہ آپ پر درود بھیجنا چاہئے۔

عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ نَعْمَآءِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاَفْضَالِهٖ وَصَلِّ
وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ
وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ وَعَشِيْرَتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَ
اَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَخَزَنَةِ اَسْرَارِهٖ وَمَعَادِنِ
اَنْوَارِهٖ وَكُنُوْزِ الْحَقَائِقِ وَهُدَاةِ الْخَلَآئِقِ نُجُوْمِ الْاِهْتِدَآءِ لِمَنِ
اقْتَدٰى بِهِمْ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا دَائِمًا اَبَدًا وَارْضَ عَنْ كُلِّ
الصَّحَابَةِ رِضًى سَرْمَدًا عَدَدَ خَلْقِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَرِضَاءَ
نَفْسِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ كُلَّمَا سَهٰى عَنْ ذِكْرِكَ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا
غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَآءً وَلِحَقِّهٖ
اَدَآءً وَلَنَا صَلَاحًا وَاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الْعَالِيَةَ
الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَاَعْطِهِ اللِّوَآءَ الْمَعْقُوْدَ
وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ وَصَلِّ يَا رَبِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ
النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ
((وَعَلٰى سَيِّدِنَا الشَّيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ اَبِيْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ الْقَادِرِ
الْجِيْلَانِيْ الْاَمِيْنِ الْمَكِيْنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ))
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ الرَّحْمَةِ لِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ

اے اللہ! آپ پر اور آپ کی آل پر اللہ کی نعمتوں اور فضیلتوں کی تعداد کے برابر درود و سلام بھیج۔ اے اللہ! آپ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر اور آپ کی اولاد اور آپ کی ازواج اور آپ کی ذریات اور آپ کے اہل بیت اور آپ کی عترت اور آپ کے قرابت دار اور آپ کے سسرال اور آپ کے احباب اور آپ کی اتباع کرنے والوں اور آپ کی جماعتوں اور آپ کے انصار پر درود و سلام بھیج جو آپ کے اسرار کا خزینہ اور آپ کے انوار کا معدن اور حقائق کے خزانے اور مخلوق کے مقتدا اور جو اقتدا کریں ان کے لئے ہدایت کے ستارے ہیں اور کثرت سے دائمی و ابدی طور پر خوب سلام بھیج اور تمام صحابہ سے راضی و خوش رہ، سرمدی طور پر تیری مخلوق اور تیرے عرش کے وزن اور تیری ذات کی رضامندی اور تیرے کلمات کی روشنائی تیری یاد میں سب ذکر کرنے والوں اور تیری یاد کو فراموش کرنے والے غافلوں کی تعداد کے برابر ایسا درود کہ تیری خوشنودی کا موجب ہو اور آپ کے حق کی ادائی ہو او ہمارے لئے صلاح ہو اور آپ کے لئے وسیلہ اور فضیلت اور اعلیٰ رفیع درجہ عطا فرما اور آپ کو مقامِ محمود سرفراز فرما اور مضبوط پرچم اور حوض جس پر سب وارد ہوں آپ کو عطا فرما اور اے رب نبیوں اور رسولوں میں سے آپ کے بھائیوں پر اور تمام اولیاءِ صالحین پر (اور ہمارے سردار شیخ محی الدین ابی محمد عبد القادر جیلانی پر جو امین و مکین ہیں) درود بھیج ان سب پر اللہ کا درود ہو اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جن کا نور سب سے پہلے پیدا کیا گیا جن کا ظہور سارے جہانوں کے لئے رحمت ہے۔

مَضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ وَ مَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ
صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَاغَايَةَ لَهَا وَلَا
اَنْتِهَآءَ وَلَا اَمَدَلَهَا وَلَا انْقِضَآءَ صَلٰوتِكَ الَّتِيْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ
صَلٰوةً مَّعْرُوْضَةً عَلَيْهِ وَمَقْبُوْلَةً لَدَيْهِ وَمَحْبُوْبَةً اِلَيْهِ صَلٰوةً
دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ وَبَاقِيَةً بِبَقَآئِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ
صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا صَلٰوةً تَمْلَأُ
الْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ صَلٰوةً تَسْتَجِيْبُ بِهَا دُعَآئَنَا وَتُزَكِّيْ بِهَا
نُفُوْسَنَا وَتُحْيِيْ بِهَا قُلُوْبَنَا وَتُحِلُّ بِهَا الْعُقَدَ وَتُفَرِّجُ بِهَا
الْكُرَبَ وَيَجْرِيْ بِهَا لُطْفَكَ فِيْ اَمْرِيْ وَاُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ وَبَارِكْ
لَنَا عَلَى الدَّوَامِ وَعَافِنَا وَاهْدِنَا وَامْدُدْنَا وَاجْعَلْنَا اٰمِنِيْنَ
وَيَسِّرْلَنَا اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ
وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَاٰخِرَتِنَا وَتَوَفَّنَا عَلَى الْكِتٰبِ
وَالسُّنَّةِ وَاجْمَعْنَا مَعَهٗ فِي الْجَنَّةِ مِنْ غَيْرِ عَذَابٍ يَّسْبِقُ وَاَنْتَ
رَاضٍ عَنَّا وَلَا تَمْكُرْبِنَا وَاخْتِمْ لَنَا مِنْكَ بِخَيْرٍ مِّنْكَ وَعَافِيَةٍ
بِلَا مِحْنَةٍ اَجْمَعِيْنَ. سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝
وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ☆

اور آپ پر ان کی تعداد کے برابر درود وسلام بھیج جو مخلوق میں سے گذرے اور جو باقی رہ گئے اور جو ان میں سے نیک بخت ہوے اور جو بد بخت ہوے ایسا درود جو پوری تعداد میں ہو جائے اور جو حد تک پہنچ جائے ایسا درود جس کا نہ کوئی کنارا ہو نہ جس کی کوئی انتہا اور نہ جس کی آخری حد ہو اور نہ جس کی کوئی تکمیل ہو تیرا وہ درود جو آپ پر تو نے بھیجا ہے اور وہ درود جو آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا اور آپ کی جانب سے قبول فرمایا گیا اور جو آپ کو پسندیدہ ہے وہ درود جو تیرے دوام کے ساتھ دائمی رہے اور تیری بقاء کے ساتھ باقی رہے جس کی انتہاء تیرے سوا کسی کے علم میں نہیں وہ درود جس سے تو راضی ہو اور آپ بھی راضی ہوں اور جس کی بدولت تو ہم سے بھی راضی ہو جائے' وہ درود جو زمین وآسمان میں بھر جائے وہ درود جس سے ہماری دعائیں قبول ہو جائیں اور جس سے ہمارے نفوس پاک ہو جائیں اور جس سے ہمارے دل زندہ ہو جائیں جس سے گتھیاں سلجھ جائیں بیقراری دور ہو جائے اور جس سے میرے اور مسلمانوں کے کاموں میں تیرالطف شامل ہو جائے ہمیشہ کیلئے برکت نازل فرما اور ہم کو عافیت دے اور ہم کو ہدایت دے اور ہماری مدد فرما اور ہم کو امن والے بنادے اور ہمارے دلوں اور جسموں کی راحت اور ہمارے دین ودنیا و آخرت میں سلامتی وعافیت کے ساتھ میرے اور مسلمانوں کے کاموں کو آسان فرمادے اور ہم کو کتاب وسنت پر وفات دے اور اسی کے ساتھ ہم کو جنت میں یکجا فرما اس طرح کہ کسی عذاب سے سابقہ نہ پڑے اور تو ہم سے راضی رہ اور ہمیں مکر کی کوئی سزا نہ دے اور تیرے ساتھ ہم سب کا خاتمہ بالخیر فرما اور مشکل کے بغیر عافیت دے ۔تمہارا پروردگار عزت والا پروردگار ان کی باتوں سے پاک ہے اور رسولوں پر سلام ہے اور سارا تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحِزْبُ السَّابِعُ فِیْ یَوْمِ السَّبْتِ

اَللّٰهُمَّ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا مَلِكُ یَا قُدُّوْسُ یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُهَیْمِنُ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُتَكَبِّرُ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ یَا غَفَّارُ یَا قَهَّارُ یَا وَهَّابُ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا عَلِیْمُ یَا قَابِضُ یَا بَاسِطُ یَا خَافِضُ یَا رَافِعُ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا حَكَمُ یَا عَدْلُ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ یَا حَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ یَا غَفُوْرُ یَا شَكُوْرُ یَا عَلِیُّ یَا كَبِیْرُ یَا حَفِیْظُ یَا مُقِیْتُ یَا حَسِیْبُ یَا جَلِیْلُ یَا كَرِیْمُ یَا رَقِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا وَاسِعُ یَا حَكِیْمُ یَا وَدُوْدُ یَا مَجِیْدُ یَا بَاعِثُ یَا شَهِیْدُ یَا حَقُّ یَا وَكِیْلُ یَا قَوِیُّ یَا مَتِیْنُ یَا وَلِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُحْصِیْ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا مُحْیِیْ یَا مُمِیْتُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا وَاجِدُ یَا مَاجِدُ یَا وَاحِدُ یَا صَمَدُ یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ یَا مُقَدِّمُ یَا مُؤَخِّرُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ یَا وَالِیْ یَا مُتَعَالِیْ یَا بَرُّ یَا تَوَّابُ یَا مُنْتَقِمُ یَا عَفُوُّ یَا رَءُوْفُ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا مُقْسِطُ یَا جَامِعُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیْ یَا مَانِعُ یَا ضَارُّ یَا نَافِعُ یَا نُوْرُ یَا هَادِیْ یَا بَدِیْعُ یَا بَاقِیْ یَا وَارِثُ یَا رَشِیْدُ یَا صَبُوْرُ بِحَقِّ وَحُرْمَةِ وَعِزَّةِ وَعَظَمَةِ الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

ساتویں منزل برائے شنبہ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اے اللہ! اے اللہ ' اے نہایت مہربان' اے رحم والے 'اے بادشاہ 'اے بہت پاک 'اے سلامتی والے' اے امان دینے والے' اے نگہبان 'اے عزت والے' اے تسلط والے 'اے تکبر والے 'اے بنانے والے 'اے پیدا کرنے والے 'اے صورت بنانے والے 'اے بہت بخشنے والے' اے بہت قہر والے 'اے بہت نوازنے والے 'اے رزق دینے والے 'اے کھولنے والے 'اے علم والے' اے تنگی دینے والے 'اے کشادگی دینے والے 'اے پست کرنے والے' اے بلند کرنے والے' اے عزت دینے والے 'اے ذلت دینے والے 'اے سننے والے 'اے دیکھنے والے 'اے فیصلہ کرنے والے' اے انصاف کرنے والے' اے لطف والے' اے ہر چیز کی خبر رکھنے والے ' اے حلم والے 'اے عظمت والے 'اے بخشنے والے 'اے شکر کی قدر کرنے والے 'اے بلند مرتبہ والے' اے بہت بڑے 'اے بڑے نگہبان 'اے قوت دینے والے' اے کفایت کرنے والے' اے جلال والے 'اے کرم والے' اے نگاہ رکھنے والے 'اے قبول کرنیوالے 'اے فراخی والے 'اے حکمت والے 'اے دوست رکھنے والے 'اے بزرگی والے 'اے رسول بھیجنے والے 'اے گواہ 'اے سچے 'اے کارساز 'اے قوت والے 'اے مضبوط 'اے مدد کرنے والے 'اے تعریف والے 'اے گھیرنے والے 'اے ابتداء کرنے والے 'اے لوٹانے والے' اے زندگی دینے والے' اے موت دینے والے 'اے ہمیشہ زندہ 'اے ہمیشہ قائم 'اے پانے والے 'اے بزرگی والے 'اے اکیلے 'اے یکتا 'اے بے نیاز' اے قدرت والے 'اے قدرت دینے والے 'اے آگے کرنیوالے' اے پیچھے کرنے والے' اے سب سے اول 'اے سب سے آخر 'اے آشکار 'اے پوشیدہ 'اے وارث 'اے سب سے بلند' اے بھلائی کرنے والے 'اے بہت توبہ قبول کرنے والے 'اے بدلہ لینے والے 'اے معاف کرنیوالے 'اے بے پروا 'اے بے پروا کرنے والے' اے باز رکھنے والے' اے ضرر پہنچانے والے 'اے نفع دینے والے 'اے روشنی والے' اے ہدایت دینے والے 'اے نیا پیدا کرنے والے 'اے ہمیشہ رہنے والے 'اے مالک 'اے رہنمائی کرنیوالے' اے بڑے تحمل والے' "الم اللہ لا الہ الا ھو" کی حرمت 'عزت اور عظمت

نَسْئَلُكَ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ وَيَا مُجْرِىَ الْفُلْكِ بِحَقِّكَ عَلَيْكَ وَبِحَقِّ اَنْبِيَائِكَ وَاَصْفِيَائِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ لَدَيْكَ وَبِعَزِيْزِ جَنَابِكَ وَرَفِيْعِ حِجَابِكَ وَبِاُلُوْهِيَّتِكَ وَوَحْدَانِيَّتِكَ وَقِدَمِكَ وَقُدْرَتِكَ وَبِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى وَبِنُوْرِكَ الْاَسْنٰى وَبِذَاتِكَ الْعَلِيَّةِ وَصِفَاتِكَ الْمَرْضِيَّةِ وَبِصَافِىْ وِدَادِكَ لِخُلَّصِ عِبَادِكَ وَبِسِرِّكَ الْمَخْزُوْنِ وَ بِعِلْمِكَ الْمَكْنُوْنِ وَبِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَبِكَنْزِ اَحَدِيَّتِكَ الْمُطَلْسَمِ اَنْ تُحَقِّقَنِىْ بِمُشَاهَدَةِ قُرْبِكَ وَاَنْ تَجْعَلَنِىْ مِنْ خُدَّامِ حَضْرَتِكَ وَمِنْ حِزْبِكَ وَاَنْ تُهَيِّمَنِىْ بِمَحَبَّتِكَ وَاَنْ تُكْرِمَنِىْ بِمَعْرِفَتِكَ وَاَنْ تُسْعِدَنِىْ بِمُشَاهَدَتِكَ وَاَنْ تُزَيِّنَنِىْ بِحِلْيَةِ طَاعَتِكَ وَاَنْ تُبَاعِدَ بَيْنِىْ وَبَيْنَ مَعْصِيَتِكَ وَاَنْ تَحْجُبَنِىْ عَنْهَا حَتّٰى لَا تَجِدَ اِلَىَّ سَبِيْلًا بِفَضْلِكَ وَمَعُوْنَتِكَ وَاَنْ تُقَابِلَ هَفَوَاتِىْ بِمَغْفِرَتِكَ وَاَنْ تَسْقِيَنِىْ بِكَأْسِ مَوَدَّتِكَ وَاَنْ تُدْخِلَنِىْ حِمَا عِزَّتِكَ وَاَنْ تَحْجُبَنِىْ عَنِ الْاَعْدَآءِ بِرَهَبُوْتِ سَطْوَتِكَ وَاَنْ تَكْشِفَ لِىْ عَنْ حَظَائِرِ النُّوْرِ وَاَنْ تَجْعَلَنِىْ مِنْ اَهْلِ الْحُضُوْرِ وَاَنْ تَرْفَعَ عَنْ عَيْنِ بَصِيْرَتِىْ الْبَرَاقِعَ وَالسُّتُوْرِ وَاَنْ تَسْتَغْرِقَنِىْ بِكَ عَنِ الْاِحْسَاسِ وَالشُّعُوْرِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ كُنْهِ حَقِيْقَةِ ذَاتِكَ وَبِحَقِّ

کے حق کے طفیل ہم تجھ سے مانگتے ہیں اے ملکوں کے مالک اے کشتی کو چلانے والے' تجھ پر تیرے حق کے طفیل اور تیرے انبیاء' تیرے اصفیاء اور تیرے مقربین کے حق کے طفیل اور تیری غالب بارگاہ' تیرے بلند حجاب' تیری الوہیت' تیری وحدانیت' تیری قدامت' تیری قدرت اور تیرے اسمائے حسنیٰ' اور تیرے روشن نور اور تیری بلند ذات' تیری پسندیدہ صفات' تیری محبت کی پاکیزگی' تیری عبادت کا خلوص' تیرے سربستہ راز' تیرے پوشیدہ علم' تیرے اسم اعظم' اور تیرے معجز نما احدیت کے خزانے کے طفیل میں یہ کہ مجھے تو اپنے قرب کے مشاہدہ کی حقیقت سے آشنا کرے' اور یہ کہ مجھے تو اپنی بارگاہ کے خادموں میں سے اور اپنی جماعت میں سے بنائے' اور یہ کہ تو اپنی محبت کے ذریعہ میری نگہبانی فرمائے' اور یہ کہ تو اپنی معرفت کے ذریعہ مجھے بزرگی عطا فرمائے' اور یہ کہ تو اپنے دیدار کی مجھے سعادت عطا فرمائے' اور یہ کہ تو اپنی طاعت کے زیور سے مجھے آراستہ کرے' اور یہ کہ میرے اور تیری نافرمانی کے درمیان دوری کردے' اور یہ کہ تو اپنے فضل ومدد کے ذریعہ اس (تیری نافرمانی) سے مجھے ایسا چھپادے کہ وہ مجھ تک پہنچنے کا راستہ ہی نہ پا سکے' اور یہ کہ میری لغزشوں کو تو اپنی مغفرت سے نوازے اور یہ کہ تو اپنی محبت بھرے جام سے مجھے سیراب کرے' اور یہ کہ تو اپنی باعزت بارگاہ پاک میں داخلہ کا مجھے شرف عطا کرے' اور یہ کہ تو اپنی قدرت کی ہیبت سے مجھے دشمنوں سے محفوظ کرے' اور یہ کہ تو تمام رکاوٹیں دور کر کے مجھ پر نور کو ظاہر فرمائے' اور یہ کہ تو مجھے تیری پیشی والوں میں بنائے' اور یہ کہ تو میری بصیرت پر سے سارے پردے اور حجابات اٹھائے' اور یہ کہ تو مجھے احساس وشعور سے بے نیاز کر کے تیری یاد میں غرق کرے۔ اے اللہ! بیشک میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری ذات کی حقیقت کے راز کے حق

سِرِّ حُبِّ حَبِيْبِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَنْ
تُنَوِّرَ رُوْحِيْ وَ قَلْبِيْ بِاَنْوَارِ وُجُوْدِ قُدْسِكَ وَاَنْ تَكْشِفَ عَنِّيْ
مِنْ اَسْرَارِ كُنْهِ اِلٰهِيَّتِكَ وَاَنْ تَسْقِيَنِيْ شَرْبَةً مِنْ خَمْرِ حُبِّ
مَعْرِفَتِكَ وَاَنْ تُرِيَنِيْ جَمَالَ وَجْهِ حَقِيْقَةِ ذَاتِكَ حَتّٰى اَلْقَاكَ
بِاَلْطَافِكَ يَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ السَّائِلِيْنَ يَا اَكْرَمِ الْاَكْرَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ
ارْزُقْنِيْ دَوَامَ الْاِقْبَالِ عَلَيْكَ وَالْاِسْتِمْسَاكِ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ لَدَيْكَ
وَهَبْ لِيْ قَلْبًا سَلِيْمًا وَاجْعَلْهُ فِيْ حُبِّكَ سَلِيْمًا وَكُنْ اَنْتَ
لِدَائِهٖ حَكِيْمًا وَامْنَحْهُ فَيْضًا عَمِيْمًا وَفَتْحًا مُّبِيْنًا وَسِرًّا اَمِيْنًا
وَوَارِدًا رَحْمَانِيًّا وَخَاطِرًا رَبَّانِيًّا وَجَذْبًا قَوِيًّا وَسَيْرًا سَوِيًّا
وَّشُرْبًا اَحْمَدِيًّا وَعَمَلًا مَّرْضِيًّا وَظَاهِرًا تَقِيًّا وَبَاطِنًا نَقِيًّا
وَعَقْلًا كُلِيًّا وَكَشْفًا اَقْدَسِيًّا وَلُبًّا ذَكِيًّا وَّيَدًا فِي الْخَيْرَاتِ
مَمْدُوْدَةً وَقَدَمًا سَاعِيًا فِي الْاَفْعَالِ الْمَحْمُوْدَةِ وَلِسَانًا ذَاكِرًا
وَطَرْفًا سَاهِرًا وَتَوَجُّهًا لِسَيْفِ الْعَزْمِ شَاهِرًا وَفِكْرًا ثَاقِبًا
وَّمَدَدًا مُتَعَاقِبًا وَعَلَيْنًا سَحِيْحَةً وَاَقْوَالًا صَحِيْحَةً وَمَوَارِدًا
رَجِيْحَةً وَعَوَارِفَ لِبَرَاقِعِ الْجَمَالِ مُزِيْحَةً وَاُذُنًا سَمِيْعَةً
وَجَوَارِحَ مُطِيْعَةً وَّصَدْرًا رَحِيْبًا وَعَيْشًا خَصِيْبًا وَرُوْحًا
زَكِيَّةً وَنَفْسًا مَّرْضِيَّةً وَاَنْفَاسًا مُعَمَّرَةً بِالشُّهُوْدِ مُثْمِرَةً بِكُلِّ

کے وسیلے سے اور تیرے حبیب سیدنا محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت کے راز کے حق کے وسیلے سے یہ کہ تو اپنے وجود پاک کے انوار سے میری روح اور میرے قلب کو روشن کرے' اور یہ کہ تو اپنی الٰہیت کی حقیقت کے راز مجھ پر ظاہر فرمائے اور یہ کہ تو اپنی معرفت کی محبت کی شراب پلا کر مجھے سیراب کرے' اور یہ کہ تو اپنی ذاتی حقیقت کے چہرہ کا جمال مجھے دکھلائے' یہاں تک کہ تیری مہربانیوں کے ساتھ مجھے تیرا جلوہ نظر آجائے اور مانگنے والوں کی دعاؤں کو سننے والے اور سے سب سے زیادہ بزرگ۔ اے اللہ ! تیری ہم نشینی میں مجھے دائمی اقبال اور مجھے تیرے قرب سے نوازنے والی مضبوط وابستگی عطا فرما۔ اور مجھے قلبِ سلیم سے نواز دے اور اسے تیری محبت میں سلامت رکھ اور تو اسکے اندر حکمت کے ساتھ جلوہ گر ہو جا' اور اس کو فیضِ عام اور فتحِ مبین' اور امانت دار راز' اور رحمانی جلوہ گاہ' اور ربانی خلوت گاہ اور قوی جذبہ اور صحت مند دھڑکن' احمدی شراب کا دلدادہ اور پسندیدہ عمل' ظاہر میں تقی' باطن میں نقی اور عقل میں پورا اور کشف میں پاکیزہ اور پاکی کے خلاصہ سے عبارت کردے۔ اور خیرات دینے میں دراز ہاتھ' بہترین کاموں کی جانب بڑھنے والا قدم' ذکر کرنے والی زبان' بیدار رہنے والی آنکھ' عزم کی تلوار سے لیس توجہ' اور روشن فکر' بعد میں آنے والی مدد' اشک بار چشم' سچے اقوال' بھرے گھاٹ اور جمالِ رعنا کے پردوں سے واقفیت اور سننے والے کان اطاعت گزار اعضاء' کشادہ دل' ثمر آور زندگی' فرمانبردار نفس اور شہود سے آباد سانسیں عطا فرما جو ہر نیک وصف کے ساتھ آراستہ ہوں۔

وَصْفٍ مَحْمُوْدٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ
بِحَقِّ وَحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِعَظَمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَبِجَلَالِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكَمَالِ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمُ وَبِهَيْبَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِمَنْزِلَةِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِمَلَكُوْتِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ وَبِجَبَرُوْتِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكِبْرِيَاءِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم وَبِسَنَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَبِبَهَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِكَرَامَةِ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم وَبِسُلْطَانِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰن الرَّحِيْمِ
وَبِبَرَكَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم وَبِعِزَّةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ وَبِقُوَّةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِقُدْرَةِ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ اِرْفَعْ قَدْرِیْ وَاشْرَحْ صَدْرِیْ وَيَسِّرْ اَمْرِیْ
وَارْزُقْنِیْ مِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ بِفَضْلِكَ وَ كَرَمِكَ يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ وَيَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ و حٰمٓ عٓسٓقٓ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِ
الْعِزَّةِ وَجَمَالِ الْهَيْبَةِ وَجَبَرُوْتِ الْعَظَمَةِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنْ
عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ ☆ اَلَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان اور رحم والا ہے۔ اے اللہ ! میں تجھ سے مانگتا ہوں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حق اور حرمت کے ساتھ، اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے فضل کے ساتھ، اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عظمت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جلال کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے کمال کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ہیبت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے مرتبہ کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بادشاہی کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی طاقت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بزرگی کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بلندی کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی خوبصورتی کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی کرامت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی محبت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی برکت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عزت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی قوت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی قدرت کے ساتھ میرے وقار کو اونچ فرمادے اور میرا سینہ کھولدے اور میرا کام آسان فرمادے۔ اور مجھے وہاں سے روزی دے جہاں مجھے اسکا گمان تک نہ ہو تیرے فضل اور تیرے کرم کے طفیل اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔ اے وہ ذات جس کی شان کٓھٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓعٓسٓقٓ ہے میں تجھ سے عزت کے جلال اور ہیبت کے جمال اور عظمت کی طاقت کے ساتھ مانگتا ہوں یہ کہ تو مجھے ان نیک بندوں میں سے بنادے جن پر نہ خوف ہے اور نہ جن کو

يَحْزَنُوْنَ ☆ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النُّوْرِ الذَّاتِى السَّارِىْ سِرُّهٗ فِىْ جَمِيْعِ اٰثَارِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا زَاكِيَةً وَافِيَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُكَمِّلِ دَرَجَاتِ الْوِصَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا كَافِيَةً بَالِغَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُتَمِّمِ حَضَرَاتِ الْكَمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا شَامِخَةً رَاسِخَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَظْهَرِعِزَّةِ الْجَلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا بَاسِقَةً فَايِقَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَاعِثِ قُرُبَاتِ الْجَمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَاطِرَةً فَاغِيَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَصْدَرِ هِمَمِ الْاِقْبَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا رَاسِيَةً قَآئِمَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُصَبِّبِ سَجَالِ النَّوَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا كَامِلَةً فَاضِلَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُتَوَّجِ بِتَاجِ النَّبَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا رَاحِمَةً عَآئِدَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُؤَيَّدٍ بِعَوْنِ الْمُتَعَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا نَامِيَةً نَاشِيَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَاحِىْ ظُلُمَاتِ الضَّلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

غم ہو گا تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔ اے اللہ! سیدنا محمد (ﷺ) پر اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر درود' برکت اور سلام بھیج۔ جو ناموں اور صفتوں کے تمام نشانوں میں ذاتی نور اور سربستہ راز ہیں اے اللہ ! وصال کے درجات میں مکمل سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج' ایسا درود و سلام جو پاکیزہ اور پورا ہو۔ اے اللہ ! کمال کی پیشیوں میں کامل سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج' ایسا درود و سلام جو کافی اور پہنچنے والا ہو۔ اے اللہ ! جلال کی عزت کے مظہر سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج' ایسا درود و سلام جو بلند اور پائیدار ہو۔ اے اللہ ! جمال کی نزدیکیوں کے وسیلے سے سیدنا محمد ﷺ پر درود پر درود و سلام بھیج' ایسا درود و سلام جو فضیلت والا اور برگزیدہ ہو۔ اے اللہ ! اقبال کی ہمتوں کے مصدر سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج' ایسا درود و سلام جو خوشبودار اور خوشگوار ہو۔ اے اللہ ! داد دہش کے سرچشمہ سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج ایسا درود و سلام جو استوار اور قائم ہو۔ اے اللہ ! بزرگی کے تاج سے آراستہ سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج ایسا درود و سلام جو کامل اور فضیلت والا ہو۔ اے اللہ ! رب متعال کی مدد سے نوازے گئے سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج ایسا درود و سلام جو رحمت والا اور لازمی ہو۔ اے اللہ ! گمراہیوں کی تاریکیوں کو مٹانے والے

وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا نَاضِرَةً نَاعِمَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّنْتَهَى الْاٰمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا لَامِعَةً بَازِغَةً عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ كَرِيْمِ الْخِصَالِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ رُبُوْبِيَّتِكَ وَسِرِّ حَقِيْقَتِكَ وَ كُنْهِ اِلٰهِيَّتِكَ وَعِزَّةِ عَظَمَتِكَ وَفَيْضَانِ رَحَمُوْتِكَ فِيْ شَانِ جَبَرُوْتِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِثْلَ ذٰالِكَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَنْهَلِ اِقْبَالِكَ وَمَوْقَعِ اَفْضَالِكَ وَسَطْوَةِ جَلَالِكَ وَرَحْمَةِ جَمَالِكَ وَقُرْبَةِ كَمَالِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ مِثْلَ ذَالِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَبَبِ خَلْقِكَ وَسِرِّ اٰدَمِكَ وَرَحْمَةِ عَالَمِكَ وَمَنْبَعِ مَرَاحِمِكَ فِيْ رِضَاءِ مَشِيَّتِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِثْلَ ذٰالِكَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَمِيْنِ مَكِيْنَتِكَ وَخَاتَمِ نَبِيِّكَ وَنَبِيِّ صَفِيِّكَ وَرَسُوْلِ حَبِيْبِكَ وَنَجِيِّ رَضِيِّكَ وَنُخْبَةِ خَلِيْلِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ رَحْمَتِكَ وَمَظْهَرِ عَظَمَتِكَ وَهَيْكَلِ حُبِّكَ وَاِرَادَةِ قُدْرَتِكَ وَ شَانِ كَمَالِكَ وَكَمَالِ جَمَالِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج ایسا درود و سلام جو بڑھنے والا اور مہکنے والا ہو۔ اے اللہ! امیدوں کی انتہا سیدنا محمد ﷺ پر درود و سلام بھیج ایسا درود و سلام جو شگفتہ اور نعمت والا ہو۔ اے اللہ! بزرگ خصلتوں والے سیدنا محمد ﷺ پر آپ کی آل پر درود و سلام بھیج ایسا درود و سلام جو چمکتا دمکتا روشن ہو اے اللہ! سیدنا محمد ﷺ پر تیری مخلوق کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیری ربوبیت کے مظہر اور تیری حقیقت کے راز اور تیری الٰہیت کے جوہر اور تیری عظمت کی آبرو اور تیری جبروتی شان میں تیرے رحمتوں کے فیضان اور آپ پر اور آپ کی ال بھی پر اسی کے مثل درود و سلام بھیج۔ اے اللہ! سیدنا محمد ﷺ پر تیری مخلوق کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیرے اقبال کا چشمہ اور تیرے فضل کا مرکز ' اور تیرے جلال کی سطوت اور تیرے جمال کی رحمت اور تیرے کمال کی قربت ہیں اور آپ پر اور آپ کی آل پر بھی اس کے مثل سلام بھیج۔ اے اللہ! سیدنا محمد ﷺ پر تیری مخلوق کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیری مخلوق کا سبب اور تیرے آدم کا راز اور تیرے عالم کی رحمت اور تیری مشیت پر راضی تیری مہربانیوں کا سرچشمہ ہیں اور آپ پر اور آپکی آل پر بھی اسکے مثل سلام بھیج۔ اے اللہ! سیدنا محمد ﷺ پر تیری مخلوق کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیرے عطا کردہ مرتبہ کے امانت دار اور تیرے نبی کے خاتم اور تیرے صفی کے نبی اور تیرے حبیب کے رسول اور تیری عظمت کے مظہر اور تیری محبت کے پیکر اور تیری قدرت کا ارادہ اور تیرے کمال کی شان اور تیرے جمال کا کمال ہیں اور آپ پر اور آپ کی آل پر بھی اس کے مثل سلام بھیج۔ اے اللہ! سیدنا محمد (ﷺ) پر تیری مخلوق کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیری حفاظت کی محفوظ پناہ گاہ اور تیرے احسان کی ذخیرہ گاہ اور تیرے مقام کی زینت اور تیری رحمتوں کی شان میں تیری شان کی روشنی ہیں اور آپ پر اور آپ کی آل پر بھی اس کے مثل سلام بھیج۔ اے اللہ! محمد (ﷺ) پر

مُحَمَّدٍ كَهْفِ اَمَانِكَ وَ ذُخْرِ اِحْسَانِكَ وَزِيْنَةِ مَكَانِكَ وَبَيِّنَةِ شَانِكَ فِىْ شَانِ رَحْمَاتِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِثْلَ ذَالِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ يُنَابِيْعِ حِكَمِكَ وَوُجُوْدِ كَرَمِكَ وَشَوَارِقِ حِلْمِكَ وَ مُشَيِّدِ نَظْمِكَ فِىْ كَآئِنِ فَضْلِكَ وَفَضْلِ حَقِّكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِيْمِ مَحَبَّتِكَ وَحَاءِ حَقِيْقَتِكَ وَمِيْمِ مَعْرِفَتِكَ وَدَالِ دَلَالَتِكَ وَحُرْمَةِ غَايَتِكَ وَغَايَةِ حُرْمَتِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَرِّ وَ كَرِّمْ وَاَتْحِفْ وَ اَنْعِمْ عَلٰى حَضْرَتِ الْحَضَرَاتِ عَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَسَيِّدِ السَّادَاتِ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَاَفْضَلِ الْمَوْجُوْدَاتِ كُنْهِ اِلٰهِيَّتِكَ وَمَظْهَرِ الْفَيْضَانِ رُبُوْبِيَّتِكَ وَصَاحِبِ الْاِكْرَامِ وَالْبُرْهَانِ عَظَمَتِكَ وَمَعْدِنِ الْاَنْوَارِ سِرِّ حَقِيْقَتِكَ وَمِرْاٰتِ جَمَالِ قُدْسِ اَحَدِيَّتِكَ وَلَيْسَ مِثْلَكَ اَحَدٌ فِىْ خَلْقِكَ وَنَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى وَرَسُوْلِكَ الْمُجْتَبٰى وَ حَبِيْبِكَ الْاَغْنٰى مُزَيِّنِ الْاَكْوَانِ تَاجِ النَّبِيِّيْنَ نُوْرِ الْهِدَايَةِ اِمَامِ الْمُرْسَلِيْنَ عَظِيْمِ الشَّانِ بَيْنَ الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ مَلْجَاءِ الْعَاصِيْنَ غِيَاثِ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ سَيِّدِنَا وَ نَبِيِّنَا وَ حَبِيْبِنَا

تیری مخلوق کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیرے فیصلوں کا سر چشمہ اور تیرے کرم کا وجود اور تیرے حلم کی تابانیاں اور تیرے فضل اور تیرے حق کے فضل کی کائنات میں تیرے انتظام کی عمارت ہیں اور آپ پر اور آپ کی آل پر بھی اس کے مثل سلام بھیج۔ اے اللہ! سیدنا محمد (ﷺ) پر تیری مخلوق کی تعداد کے برابر درود بھیج جو تیری محبت کی میم اور تیری حقیقت کی حاء اور تیری معرفت کی میم اور تیری دلالت کی دال اور تیری غایت کی حرمت اور تیری حرمت کی غایت ہیں اور آپ پر اور آپ کی آل پر بھی اس کے مثل سلام بھیج۔ اے اللہ! آپ پر درود و سلام بھیج اور بھلائی فرما اور بزرگ فرما اور تحفہ دے اور انعام دے جو بارگاہوں کی بارگاہ تیری مملکت کا نوشاہ اور تیری بزرگ مخلوق کے سرداروں کے سردار' اور تیری ذاتی الٰہیت کے موجودات میں سب سے افضل اور تیری الوہیت کے فیضان کا مظہر اور تیری عظمت کی بزرگی و دلیل اور تیری حقیقت کے راز کے انوار کا معدن اور تیری احدیت کی پاکیزگی کے جمال کا آئینہ ہیں اور تیری مخلوق میں بے مثل ہیں۔ اور جو تیرے چنندہ نبی تیرے برگزیدہ رسول اور تیرے سب سے بڑے غنی حبیب' دنیاو آخرت کی زینت' نبیوں کے تاج' ہدایت کے نور' رسولوں کے امام' تمام مخلوقات میں عظیم الشان' گناہگاروں کے ملجا' مدد طلب کرنے والوں کے مددگار' ہمارے سردار اور ہمارے نبی اور ہمارے حبیب

وَشَفِيْعِنَا وَمَلَاذِ نَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مُنَافٍ خَاتَمِ النَّبِيّيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ عَدَدَ مَا ظَهَرَ تَجَلِّيَاتِ ذَاتِكَ وَعَدَدَ جَمِيْعِ مَظَاهِرِ صِفَاتِكَ دَآئِمًا اَبَدًا بِدَوَامِكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَاَفْضَلِ الْخَلِيْقَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ وَاَشْرَفِ الصُّوْرَةِ الْجِسْمَانِيَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَآئِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَ الْبَهْجَةِ السَّنِيَّةِ وَالرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مَنِ انْدَرَجَتِ النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَآئِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَ اَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ اِلٰى يَوْمِ تَبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ صَلٰوةٍ صَلَّتْهَا جَمِيْعُ الْخَلَآئِقِ وَالْبَشَرِ. وَعَدَدَ حَسَنَاتِ سَيِّدِنَا اَبِىْ بَكْرٍ وَّ سَيِّدِنَا عُمَرَ ● وَعَدَدَ حَسَنَاتِ سَيِّدِنَا عُثْمَانَ وَسَيِّدِنَا حَيْدَرٍ. وَعَدَدَ كُلِّ حَسَنَةٍ مِنْ حَسَنَاتِ مَنْ كُنْتَ سَمْعَهٗ وَالْبَصَرَ ● صَلٰوةً

اور ہمارے شفیع اور ہمارے ماویٰ اور ہمارے آقا (یعنی حضرت) محمد (ﷺ) ہیں جو فرزند ہیں (حضرت) عبداللہ کے' وہ بیٹے ہیں (حضرت) عبدالمطلب کے 'وہ بیٹے ہیں ہاشم کے 'وہ بیٹے ہیں عبد مناف کے۔ آپ سب نبیوں کے خاتم ہیں اور آپ کی تمام آل اور ازواج اور اصحاب پر بھی درود بھیج جو ظاہر ہونے والی تیری ذات کی تجلیات کی تعداد کے برابر اور تیری صفات کے تمام جلووں کی تعداد کے برابر تیرے دوام اور تیری رحمت کے ہمیشہ ہمیشہ تاابد رہنے تک جاری رہیں اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ☆ اے اللہ ! ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد (ﷺ) پر درود' سلام اور برکت بھیج جو نورانی جڑوالے جھاڑ اور رحمانی قبضہ کی روشنی اور انسانی مخلوق میں افضل اور جسمانی صورت میں اشرف' اور ربانی رازوں کا معدن' اور چنندہ علوم کا خزانہ اور اصلی قبضہ' روشن مسرت اور اونچے رتبہ والے جن کے پرچم تلے سارے انبیاء کرام جمع ہوے تو وہ سب آپ ہی کی بدولت اور آپ ہی کی طرف متوجہ تھے۔ اور آپ پر اور آپ کی آل پر درود 'سلام اور برکت بھیج ان کی تعداد کے برابر جنہیں تو نے پیدا فرمایا اور رزق دیا اور موت دی اور زندگی دی' دوبارہ زندہ اٹھائے جانے کے دن (قیامت) تک جنھیں تو نے فنا کر دیا تھا۔ اور خوب کثرت سے سلام بھیج۔ اور تمام تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگا ہے۔ اے اللہ ! سیدنا محمد (ﷺ) پر اسقدر درود بھیج کہ جو تمام مخلوقات اور انسانوں کے بھیجے ہوے درودوں کی تعداد کے برابر ہوں اور جو سیدنا ابو بکر اور سیدنا عمر (رضی اللہ عنہما) کی نیکیون کی تعداد کے برابر ہوں۔ اور سیدنا عثمان اور سیدنا حیدر (رضی اللہ عنہما) کی نیکیوں کی تعداد کے برابر ہو۔ اور جو اس کی نیکیوں میں سے ایک ایک نیکی کی تعداد کے برابر ہو جسکا تو کان اور آنکھ بن گیا۔

مَشْمُوْلَةً بِالْقَوْلِ وَفَضْلُهَا لَا يُعَدُّ وَلَا يُحْصَرُ ۔ وَاَجْرُهَا
مُتَّصِلٌ مِّنْ يَّوْمِنَا هٰذَا وَلَيْلَتِنَا هٰذِهٖ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ وَالْمَحْشَرِ ۔
صَلٰوةً تَنْهَانِىْ بِهَا عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ ۔ صَلٰوةً تُنْجِيْنِىْ مِنْ
كُلِّ شِدَّةٍ وَّبَلِيَّةٍ وَّهَوْلٍ وَّخَطَرٍ ۔ صَلٰوةً تَدْفَعُ بِهَا عَنِّىْ شَرَّ مَنْ
تَكَبَّرَ وَ تَجَبَّرَ ۔ صَلٰوةً تَشْرَحُ بِهَا صَدْرِىْ وَتُيَسِّرُ بِهَا اَمْرِىْ
وَتَرْفَعُ بِهَا ذِكْرِىْ وَسَيِّئَاتِىْ بِهَا تُغْفَرُ ۔ وَلَا تُبْقِىْ شَيْئًا مِّنْ
ذُنُوْبِىْ وَلَا تَذَرُ ۔ (وَصَلِّ عَلَيْهِ) وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَمَنْ
بِكُلِّ عُرْفٍ اَمَرَ ۔ وَلِاَهْلِ التَّعَدِّىْ قَمَعَ وَزَجَرَ ۔ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا
بِاللّٰهِ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ عَدَدَ هٰذَا الْقَدْرِ ۔ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَقَبَّلْ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ الْمَشْحُوْنَةَ بِالدُّرَرِ ۔ بِحَقِّ
فَضْلِ سِرِّ بَرَكَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ
الْكَوْثَرَ ★ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ★ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ☆
اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِعَدَدِ خَلْقِكَ بِزِنَةِ عَرْشِكَ بِرِضَاءِ نَفْسِكَ
بِجَهِكَ بِمَبْلَغِ عِلْمِكَ بِغَايَةِ قُدْرَتِكَ بِبَسْطِ قُدْرَتِكَ بِحَقِّ
شُكْرِكَ بِمُنْتَهٰى رَحْمَتِكَ بِاِدْرَاكِ مَشِيَّتِكَ بِكُلِّيَّةِ ذَاتِكَ
فَاتِكَ بِتَمَامِ وَصْفِكَ بِنِهَايَةِ اَسْمَائِكَ بِمَكْنُوْنِ سِرِّكَ

ایسا درود جو ایسی عبادت میں شامل ہو کہ جس کا فضل نہ گنا جا سکتا ہے اور نہ ہی شمار کیا جا سکتا ہے۔ ایسا درود جو فحش باتوں اور برائیوں کا سدباب کر دے۔ ایسا درود جو ہر سختی' بلا اور وحشت اور خوف سے نجات دلا دے۔ ایسا درود جو تکبر اور بڑائی کرنے والوں کے شر سے مجھ کو دور رکھے۔ ایسا درود جو میرے سینہ کو کشادہ کر دے اور میرے معاملہ کو آسان کر دے اور جو میرے ذکر کو بلند کرے اور جس سے میری برائیاں معاف فرما دی جائیں۔ اور میرے گناہوں میں سے کوئی بھی چیز نہ باقی رہے نہ چھوٹ جائے اور آپ پر اور آپ کی آل اور اصحاب اور ہر نیک عمل کرنے والے پر درود بھیج اور خطاکاروں کو روک دے اور منع کر دے اور اللہ کی ذات پاک ہے اور تمام تعریف اللہ کے لئے ہے اور اللہ کے سوائے کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی سے ہے اور میں اس قدر تعداد میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں۔ اے اللہ! ' اے اللہ! ' اے اللہ! تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ' اس موتیوں بھرے درود کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی برکت کے راز کے طفیل میں قبول فرما۔ (اے محبوب) ہم نے تم کو بہت خوبیاں عطا فرمائیں۔ تو اپنے پروردگار کی نماز پڑھو اور قربانی دو۔ بیشک تمھارا جو دشمن ہے وہ ہر خیر سے محروم ہے۔☆ اے اللہ! بیشک میں تجھ سے مانگتا ہوں تیری مخلوق کی تعداد کے برابر' تیرے عرش کے وزن کے طفیل' تیری ذات کی رضامندی کے طفیل' تیرے ذاتی نور کے طفیل' تیرے علم کی وسعت کے طفیل' تیری قدرت کی عنایت کے طفیل' تیری قدرت کی کشادگی کے طفیل' تیرے شکر کی حقیقت کے حق کے طفیل' تیری رحمت کی انتہا کے طفیل' تیری مشیت سے آشنائی کے طفیل' تیری تمام ذات کے طفیل' تیری جملہ صفات کے طفیل' تیرے تمام وصف کے طفیل' تیرے ناموں کی نہایت کے طفیل' تیرے راز کی پوشیدگی کے طفیل'

بِجَمِيلِ سِتْرِكَ بِجَزِيلِ سِرِّكَ بِكَمَالِ مَنِّكَ بِفَيْضِ جُوْدِكَ
بِشَدِيْدِ غَضَبِكَ بِسَابِقِ رَحْمَتِكَ بِاَعْدَادِ كَلِمَاتِكَ بِغَايَةِ
بُلُوْغِكَ بِتَفْرِيْدِ فَرْدَانِيَّتِكَ بِتَوْحِيْدِ وَحْدَانِيَّتِكَ بِبَقَاءِ بَقَائِكَ
بِسَرْمَدِيَّةِ اَوْقَاتِكَ بِعِزَّةِ رُبُوْبِيَّتِكَ بِعَظَمَةِ كِبْرِيَائِكَ بِجَاهِكَ
بِجَلَالِكَ بِكَمَالِكَ بِاَفْعَالِكَ بِاِنْعَامِكَ بِسِيَادَتِكَ بِمَلَكُوْتِيَّتِكَ
بِجَبَّارِيَّتِكَ بِمَنَّانِيَّتِكَ بِعَطْفِكَ بِلُطْفِكَ بِبِرِّكَ بِاِحْسَانِكَ
بِحَقِّكَ وَبِحَقِّ حَقِّكَ اَنْ تَجْعَلَ لَنَا فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّشِفَآءً مِّنَ
الْهُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ وَالْوَبَاءِ وَالْبَلَآءِ وَالْعَنَاءِ وَجَمِيْعِ الْاٰفَاتِ
وَالْعَاهَاتِ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ طٰهٰ يٰسٓ
وَ صٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا۔
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ☆

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

تیری سربستگی کی خوبصورتی کے طفیل، تیرے بہت بڑے بھید کے طفیل، تیرے احسان کے کمال کے طفیل، تیری عطا کے فیض کے طفیل، تیرے شدید غضب کے طفیل، تیری سابق رحمت کے طفیل، تیرے کلموں کے اعداد کے طفیل، تیری وسعت کی غایت کے طفیل، تیری فردانیت کی تنہائی کے طفیل، تیری وحدانیت کی یکتائی کے طفیل، تیری بقاء کی بقاء کے طفیل تیرے اوقات کی سرمدیت کے طفیل، تیری ربوبیت کی عزت کے طفیل تیری کبریائی کی عظمت کے طفیل، تیرے مرتبہ کے طفیل، تیرے جلال کے طفیل، تیرے کمال کے طفیل تیرے کاموں کے طفیل، تیرے انعاموں کے طفیل، تیری سیادت کے طفیل، تیری ملکوتیت کے طفیل، تیری جباریت کے طفیل، تیری منانیت کے طفیل تیری مہربانی کے طفیل، تیرے لطف کے طفیل، تیری خوبی کے طفیل، تیرے احسان کے طفیل، تیرے حق اور تیرے حق کے حق کے طفیل۔

اور طٰہٰ، یٰسٓ اور صٓ کے طفیل، اور حٰمٓ عٓسٓقٓ کے طفیل اور "اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا" کے طفیل اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے مجھ سے تمام رنجوں، غموں، وبا، بلا، ذلت، تمام آفتوں اور مصیبتوں کو دور کر کے مجھے نجات دلا اور شفا بخش دے۔

سلام

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک ۰ یا حبیب سلام علیک صلوات اللہ علیک

آپ ختم المرسلیں ہیں ۔ حامل شرع متیں ہیں
سبز گنبد کے مکیں ہیں ۔ رحمۃ للعالمیں ہیں

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک ۔ یا حبیب سلام علیک صلوات اللہ علیک

وقت تھا کتنا سہانا ۔ جب ہوا تشریف لانا
ہو کے خوش سارا زمانہ ۔ گا رہا تھا یہ ترانہ

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک ۔ یا حبیب سلام علیک صلوات اللہ علیک

آئے وہ دن وہ مہینہ ۔ جب ہمارا بھی سفینہ
چل پڑے سوئے مدینہ ۔ یا مراد العاشقین

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک ۔ یا حبیب سلام علیک صلوات اللہ علیک

پوری یارب یہ دعا ہو ۔ روبرو گنبد ہرا ہو
باادب یہ سر جھکا ہو ۔ اور زباں سے یوں ادا ہو

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک ۔ یا حبیب سلام علیک صلوات اللہ علیک

نزع ہو جس وقت طاری ۔ آپ کی آئے سواری
دیکھتے ہی شکل پیاری ۔ دور ہو تکلیف ساری

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک ۔ یا حبیب سلام علیک صلوات اللہ علیک

صوفی اعظم عاصی و بد ۔ کیا کرے مدح محمد
ہے کوئی توصیف کی حد ۔ حامد و محمود و احمد

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک ۔ یا حبیب سلام علیک صلوات اللہ علیک